ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید عرفانی

اقبالؒ اکادمی، کراچی

فہرست مضامین

ممتاز حسن کے نام

یہ کتاب اقبال کے متعلق اہل ایران کے تاثرات کا مختصر مجموعہ اور میری ایران میں سات سالہ زندگی کی بہترین اور شیرین ترین یادگار ہے۔ میں اسکو ایک ایسے نام سے منسوب کرتا ہوں جسکے ذکر سے میری نگاہ میں اقبالیات کی فضا ایک رویا آفریں زیبائی میں محو ہوجاتی ہے اور اقبال کا تاثر اور سوز و گداز تجسم پیدا کرلیتا ہے۔ اجازت دیجئے کہ اس یادگار کو آپ کے نام نامی سے منسوب کروں۔

حمید عرفانی

	تصاویر	بالعکس صفحه

تعارف

اس تعارف سے ہمارا مقصد کتاب کے موضوع اور صاحب کتاب سے قارئین کا تعارف ہے۔ کتاب کا عنوان اسکے موضوع پر روشنی ڈالتا ہے اور قارئین کی توجہ اسکی ظاہری صورت سے ہی اسکے مطالب کی طرف منعطف ہوتی ہے.

اس موضوع پر اردو زبان میں آج تک کوئی کتاب موجود نہیں تھی اور اسکا سبب یہ تھا کہ کوئی شخص پاکستان میں بیٹھ کر اس موضوع پر قلم نہیں اٹھا سکتا تھا. اسلئے ہمارے لئے یہ بھی ضروری ہوجاتا ہے کہ ہم کتاب کے ساتھ صاحب کتاب کو بھی قارئین کے سامنے پیش کریں.

۱۹۴۷ء میں دنیا کی سب سے بڑی اسلامی سلطنت پاکستان کے نام سے وجود میں آئی اور ایران سے صدیوں کے ٹوٹے ہوئے سیاسی اور تمدنی تعلقات از سر نو قائم ہوئے اور ۱۹۴۹ میں ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید عرفانی پریس اور کلچرل اتاشی کی حیثیت سے ایران گئے. اگرچہ اس سے قبل بھی انگریزوں کی حکومت کے زمانہ میں حکومت ہند کیطرف سے کلچرل نمایندہ کے طور پر ایران میں رہ چکے تھے لیکن انکی موجودہ حیثیت نہ صرف جداگانہ تھی بلکہ پاکستانی ہونیکی حیثیت سے ممتاز بھی تھی. انہوں نے قیام پاکستان کے بعد ایران میں اپنے ہفت سالہ قیام کے دوران میں جس تن دھی اور جس خوبی سے کام کیا وہ انہیں کا حصہ ہے۔ ڈاکٹر عرفانی کی ایرانیوں میں بینظیر ہر دلعزیزی کا بیان میرے بس کی بات نہیں لیکن ۱۹۵۳ میں جب میں پاکستانی ثقافتی وفد کے ہمراہ کراچی یونیورسٹی کے نمایندہ کی حیثیت سے گیا

رومیؔ و اقبال

اور خانم ڈاکٹر کاظمی ،،رومی، عصر کے مقدمہ میں فرماتی ھیں۔

تو زکشمیر و خاک پاکستان ارمغانی برای ایرانی

ڈاکٹر عرفانی کی متعدد منثور و منظوم تالیفات ایران میں مقبولیت حاصل کرچکی ھیں۔ جن میں سے چند ایک کے نام یہ ھیں۔

۱— رومی عصر یا شرح احوال و آثار اقبال

۲— شرح احوال و آثار ملک‌الشعراء بہار

۳— ایران صغیر یا تاریخ شعراء پارسی گوی کشمیر

۴— فارسی امروز

۵— حدیث عشق و رباعیات عرفانی

لیکن ،،رومی عصر،، جسمیں اقبال کے کلام و پیام کو پیش کیا گیا ھے ابتک کئی بار چھپ چکی ھے اور اس کتاب کی مقبولیت ایران میں اقبال کی مقبولیت کو ظاھر کرتی ھے۔

عرفانی صاحب کو میں بچپن سے جانتا ھوں۔ ھم ایک جگہہ رھے ساتھ کھیلے ھیں ساتھ ھی پڑھا ھے اور اپنی زندگی کے ابتدائی قیمتی لمحات ساتھ گذارے ھیں۔ ۱۹۲۳ میں عرفانی علامہ اقبال کی اسرار و رموز چکوال ھائی سکول کے بزم اقبال کے جلسوں میں اپنی مخصوص لے میں ھمیں سنایا کرتے تھے۔

اسکے بعد جنوری ۱۹۳۰ میں جب میں علی گڑھ میں زیر تعلیم تھا وہ لاھور سے محض مجھ سے ملنے کیلئے آئے۔ اسکے بعد میری ملاقات انسے تہران میں ۱۹۵۳ میں ھوئی جسکا ذکر کر چکا ھوں:

تو میں نے ایران کے ادبی حلقوں میں انکی بڑی قدر و منزلت دیکھی بالخصوص اونچے طبقہ کے لوگ بھی انکی وضعداری ، راست گفتاری، سخن سنجی اور معاملہ فہمی اور ایران دوستی کے معترف تھے. اس ضمن میں یہ ذکر کرنا مناسب ہوگا کہ مرحوم ملک‌الشعرا بہار عرفانی کو نہایت محبت اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور انکی مندرجہ ذیل دو بیتی جو انہوں نے بیماری کی حالت میں اپنی وفات سے کچھ عرصہ پہلے کہی ایران میں زبان زد عام و خاص ہے۔

دوش آمد پی عیادت من　　ملکی در لباس انسانی
گفتمش چیست نام پاک تو، گفت　　خواجہ عبدالحمید عرفانی

اسکے علاوہ استاد سعید نفیسی نے ارمغان پاک کے مقدمہ میں عرفانی کو ادبیات فارسی معاصر کے ''ارکان'' میں شمار کیا ہے۔ اپنے مقالات اور تحریرات میں استاد نفیسی، ڈاکٹر خطیبی، ڈاکٹر منوچہر اقبال، ڈاکٹر شفق، صادق سرمد، آقای حجازی، ڈاکٹر کاظمی اور دیگر ایرانی مشاہیر نے عرفانی کو جو خراج تحسین پیش کیا ہے، وہ اس مختصر تعارف کی حدود میں نہیں سما سکتا۔

اقبال کو ایران میں روشناس کرانے میں جو خدمت عرفانی نے انجام دی ہے اسکے متعلق ایران کے مشہور عالم اور ادیب ڈاکٹر رضا زادہ شفق کی نظم کا ایک بند پیش کرتا ہوں :

آنکہ اقدام مقبلان کردہ　　شعر اقبال را بیان کردہ
دفتر خویش از گل عرفان　　پاک محسود گلستان کردہ
مسلک عارفان ایران را　　بہر پیر و جوان عیان کردہ
شاعر دلنشین پاکستان　　پیش صاحبدلان نشان کردہ
گر بپرسی ز نام او کہ چنین　　کار نیکی درین زمان کردہ
من نمی گویمت تو خود دانی　　خواجہ عبدالحمید عرفانی

رگ و ریشه میں سرایت کر گئی ہے وہ فارسی بولتے اور لکھتے تو ہیں ہی لیکن وہ جب کبھی اردو بولنے یا لکھنے کی کوشش کرتے تو بھی اسمیں فارسی کا اثر نمایاں ہو تا ہے۔ چنانچہ ہمارے دعوے کا ثبوت فارسی مقالوں اور تقریروں کے ترجموں میں ملیگا جو انہوں نے اس کتاب میں پیش کئے ہیں۔

کتاب کی معنوی خوبی کا اندازہ صرف مطالعه کے بعد ہی ہو سکتا ہے۔ اور اسکے متعلق کوئی اظہار نظر کئے بغیر اسبات کا فیصلہ قارئین پر چھوڑتے ہیں۔

غلام سرور

(ڈاکٹر غلام سرور۔ ایم اے۔ پی ۔ ایچ ۔ ڈی ٗعلیگ،
صدر شعبه فارسی کراچی یونیورسٹی)

۲۰ مارچ ۱۹۵۷ع

یہاں اس بات کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں کہ اقبال سے عشق بچپن ہی سے ہمارے درمیان مشترک تھا اور عرفانی کی طرح عشق اقبال میری ذہنی کیفیات کا بھی ہمیشہ سے ایک حصہ رہا ہے۔

۱۹۳۳ میں جب میں پہلی مرتبہ ایران گیا تو میں اپنے ہمراہ علامہ اقبال کی چند کتابیں لے گیا اور ''جاوید نامہ'' کا ایک نسخہ میں نے سید محیط طباطبائی کی خدمت میں پیش کیا اور اسی طرح چند کتابیں بعض دیگر ایرانی ادبا تک پہنچائیں۔ اسی سفر کے دوران میں مجھے معلوم ہوا کہ بعض ادبا اقبال کے نام سے آشنا ہوچکے ہیں۔ چنانچہ میں نے دیکھا کہ ''شکوہ'' اقبال کے ابتدائی اشعار کا ترجمہ ''بدرگاہ پروردگار'' کے عنوان سے رسالہ ''ندای قدس'' ۱۹۲۶ کے تیسرے نمبر میں صفحہ ۲۱۹ پر شایع ہو چکا ہے۔

لیکن جیسا کہ ظاہر ہے اقبال کے کلام سے بہت ہی کم لوگ آشنا تھے۔ اور جیسا کہ ڈاکٹر عرفانی نے اپنے مقدمہ میں بیان کیا ہے اسمیں ایرانیوں کا کوئی قصور نہیں۔ قیام پاکستان سے پہلے اقبال کا کلام نہایت ہی کم اور محدود مقدار میں ایران تک پہنچا تھا مگر اب جبکہ حالات مساعد ہوئے تو نہایت تھوڑے عرصہ میں ایران کے طول و عرض میں اقبال کا کلام ہردلعزیزی حاصل کر چکا ہے اور یہ نہایت ضروری تھا کہ ابتدائی چند سالوں میں ایرانیوں کے تاثرات کو ضبط اور ثبت کر لیا جائے۔ یہ کام میرے دیرینہ دوست نے نہایت خوبی سے انجام دیا ہے۔ ہمیں نہایت خوشی ہے کہ عرفانی صاحب نے علامہ اقبال کے متعلق ایرانی ادبا اور فضلا کے خیالات کو اردو زبان میں ڈھال کر ہم تک پہنچایا ہے البتہ اس سلسلہ میں یہ کہنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ایران میں طویل قیام کی بنا پر فارسی زبان عرفانی کے

مقدمه

عصر حاضر خاصهٔ اقبال گشت — واحدی کز صد هزاران بر گذشت
شاعران گشتند جیشی تار ومار — وین مبارز کرد کار صد سوار
هیکلی گشت از سخنگوئی بپا — گفت ”کل الصید فی جوف الفرا،،

ترجمہ :

”موجودہ زمانہ خاص طور پر اقبال کا زمانہ ہے
اقبال تنہا لاکھوں سے بازی لیگیا

شاعر ایک پامال شدہ فوج کی مانند تھے
مگر اس جنگجو نے سینکڑوں سواروں کا کام کیا

شاعری ایک ھیکل (مجسمہ) کی صورت میں نمودار ہوئی
اور بولی ” شاعری کی تمام انواع و اقسام مجھ میں موجود ھیں۔،،

ایران معاصر کی ادبی تاریخ کی سب سے بڑی شخصیت ملک‌الشعراء بہار نے تقریباً گیارہ سال گزرے ان الفاظ میں اقبال کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ۔

سنہ ۱۹۴۴ میں طہران میں انجمن فرہنگی ایران و ھند کا افتتاح ہوا جسمیں مرحوم ملک‌الشعراء بہار نے ایک نظم ”خطاب بہ ھند،،

ملک الشعرا بہار، اور مولف

معمولی شاعروں کی کمی نہ تھی اور چند ایک نسبتاً بڑے شاعر بھی ہر وقت موجود تھے ۔ اس لئے اگر دیگر حالات مساعد بھی ہوتے تو بھی ایرانیوں کو ایران سے باهر فارسی گو شعرا کی جستجو کرنے کی ضرورت نہ تھی ۔ اس کے علاوہ وہ اپنی داخلی کشمکش میں اتنے مشغول تھے کہ ایران سے باهر کے معاملات میں دلچسپی لینا ان کے لئے نا ممکن تھا ۔

بیسویں صدی کے آغاز سے ایران گوناگوں مسائل سے رو برو تھا ۔ تحریک مشروطه اور لوگوں کی استبداد کے خلاف جنگ نے تمام ملک میں ایک نئی زندگی کی لہر دوڑا دی تھی ۔ روس اور برطانیه کی سیاسی شطرنج بازی نے حالات کو اور بھی پیچیدہ اور مشکل بنا دیا تھا ۔ اس ماحول کا قدرتی طور پر معاصر ادبیات پر گہرا اثر پڑا ۔ قوم کی تمام تر توجه سیاسی اور معاشرتی موضوعات پر تھی ۔ نئی نثر، نئی نظم اور نئی ادبی قدریں وجود میں آئیں اور اسی تحول کے زمانے میں کلاسک طرز کی نثر و نظم ایک حد تک طاق نسیاں ہو گئی اور معدودے چند علمی اور ادبی کام کرنے والوں کے علاوہ کسی کو انکا مطالعه کرنے کی نہ فرصت تھی نہ حوصلہ۔

ان حالات میں اقبال کے کلام کا ایران میں ہر دل عزیزی حاصل کرنا ایک محال امر تھا۔ لیکن هند و پاکستان کے لوگ جب یه سنتے تھے کہ اقبال کو ایران میں کوئی نہیں جانتا تو عموماً یه نتیجه نکالتے تھے که اقبال کا کلام ایرانیوں کے ادبی اور معنوی معیار پر پورا نہیں اترتا ۔ اس بات کی طرف توجه نہیں دی جاتی که آیا اقبال کا کلام باندازۂ کافی ایرانیوں تک پہنچا بھی ھے یا نہیں ۔ دوسرے یه که آیا خود ایرانیوں کو جو جنگ مشروطه اور دیگر بے شمار داخلی اور خارجی سیاسی اقتصادی مسائل

کے عنوان سے پڑھی - مندرجه بالا تین شعر اسی معروف نظم سے نقل کئے گئے هیں - جن دنوں یه نظم ایران میں پڑھی گئی اور وهاں کے اخبارات میں چھپی بہت کم ایرانی اقبال کو پہچانتے تھے - اس لئے اکثر پڑھنے یا سننے والوں نے ان اشعار کو ایرانی تکلف یا شاعرانه مبالغه سمجھا اور زیاده توجه نه دی - اسکے چھ سال بعد ، یعنی اپریل ۱۹۵۰ع میں یوم اقبال کے موقع پر اپنی صدارتی تقریر میں بہار نے ان اشعار کو دهرایا اور اضافه کیا ''میں اقبال کو ایران کی نو سو ساله ادبی تاریخ کا خلاصه سمجھتا هوں........'' اور آج اس واقعه کے چھ سال بعد (۱۹۵۶) میں وثوق سے کہه سکتا هوں که ایران میں جتنی قدر و منزلت اقبال کی هوئی هے اس کی مثال تاریخ میں کم ملتی هے - مگر ابھی تک اقبال کے بہت سے هم وطن اقبال کی روز افزوں هر دل‌عزیزی سے بیخبر هیں یا پورے طور پر باخبر نہیں -

یه بات که اقبال کی زندگی میں بہت کم ایرانی اقبال کو پہچانتے تھے ، بالکل صحیح هے - اور اسکا سبب بھی بالکل واضح هے . مدتوں سے ایران و هندوستان کے درمیان معنوی اور فرهنگی روابط منقطع هو چکے تھے - اور باوجود اس گہری دلچسپی کے جو هندوستان میں ایرانی ادبیات سے متعلق صدیوں سے موجود تھی یہاں بھی نہایت کم لوگ ایران کے معاصر شعرا سے آشنا تھے - اور یه قلیل آشنائی بھی فارسی پڑھانیوالے استادوں اور فارسی پڑھنے والے طالب علموں تک محدود تھی - ادھر ایرانیوں سے یه توقع نہیں کی جا سکتی تھی که وه معاصر هندوستان کے فارسی گو شعرا میں غیر معمولی یا معمولی دلچسپی کا اظہار کریں - باوجود ادبی انحطاط کے گذشته ۵۰ سال کے عرصه میں بھی ایران میں متوسط اور

قبل پروفیسر پور داؤد کے بیانات کی بنا پر ہندوستان اور ایران کے ادبی اور سیاسی حلقوں میں پھیل گئی اور جسکو دور کرنیکی اب تک کوشش نہیں کی گئی۔

سنہ ۱۹۴۳ ع میں ایران سے ایک کلچرل مشن ہندوستان آیا تا کہ ان دو ہمسایہ ملکوں کے درمیان سالہا سال کی جدائی کے بعد دوبارہ علمی اور ادبی تعلقات کو وسعت دے۔اس مشن نے ہندوستان کے مختلف مقامات کا دورہ کیا۔ دھلی اور علی گڑھ میں قیام کے دوران میں کسی اخباری نمایندے نے پروفیسر پور داؤد سے سوال کیا کہ آپ کی اقبال کے متعلق کیا رائے ھے۔ بجائے اس کے کہ پروفیسر صاحب اس سوال کا صاف اور صحیح جواب دیتے (کہ میں نے اقبال کا بالکل مطالعہ نہیں کیا اسلئے اسکے متعلق کوئی رائے نہیں دے سکتا) آپ نے کہہ دیا کہ اقبال ایک محلی اور محدود علاقے کا شاعر ھے اور ایران میں اسے کوئی نہیں جانتا۔ انکے اس بیان سے ہندوستانیوں کے بالعموم اور ہندوستان کے مسلمانوں کے احساسات کو بالخصوص صدمہ پہنچا۔ یہی نہیں بلکہ اقبال کے چند ایک ایرانی مداح بھی پور داؤد کے اس بیان سے رنجیدہ خاطر ہوئے۔

مجلۂ محیط , اردیبہشت ۱۳۲۳ (۱۹۴۴) ، نے اس واقعہ کا نہایت افسوس کے ساتھ یوں ذکر کیا ھے ،،کسی اخبار کے نامہ نگار نے مشن کے ایک رکن سے (جنکا بیشتر ادبیات ایران قبل از اسلام سے تعلق ھے یا فقط اوستا کی تعلیمات سے عشق رھا ھے اور اس سبب سے انکے دماغ *میں ادبیات بعد از اسلام کا مطالعہ کرنیکے لئے جگہ باقی نہیں رھی)* اقبال کے ادبی مقام کے متعلق بات شروع کی .... اور باوجود سفیر کبیر ایران آقای علی معتمدی کے سمجھانے کے ، ٹیگور اور اقبال کا مقابلہ

سے دوچار رہے ہیں اتنی فرصت ملتی ہے کہ وہ اقبال کی کتابوں کا سکون اور توجہ سے مطالعہ کر سکیں ؟

جیسا کہ اب ہمیں معلوم ہے، پہلے پہل اقبال کی جستہ و گریختہ کچھ نظمیں بعض افغانستان کے رسالوں کے ذریعے سے ایران میں پہنچیں - اور بعض ایرانی رسالوں نے انمیں سے ایک آدھ نظم نقل بھی کی - مجھے ڈاکٹر خانلری، پروفیسر تہران یونیورسٹی، نے ایک قدیم نسخہ مجلۂ سخن کا دکھایا جسمیں اقبال کی ایک نظم درج تھی جو کابل کے ایک رسالے سے نقل کی گئی تھی اور غلطی سے اقبال کو افغانستان کا شاعر تصور کیا گیا تھا۔ اس سے اتنی بات تو ظاہر ہے کہ اقبال کا جو کلام بھی ایران میں پہنچا اس کو ادبی رسالوں نے اشاعت کے قابل سمجھا - اگرچہ اقبال کو ایران میں شہرت حاصل نہ تھی پھر بھی چند ایک عالی پایہ ادیب اور دانشمند اس کے کلام سے گہرے طور پر متاثر ہو چکے تھے - ان چند ایک میں سے دو کے ساتھ مجھے ملاقات اور مصاحبت کا موقع ملا ہے - انکے نام یہ ہیں، استاد سعید نفیسی اور سید محیط طبا طبائی -

مرحوم اقبال کی ان ہر دو اصحاب سے خط و کتابت تھی اور یہ دونو صاحبان اقبال کے مداح اور قدردان تھے - ان کے علاوہ چند اور لوگ بھی اقبال کے نام سے یا تھوڑا بہت اس کے کلام سے آشنا تھے مگر سب سے پہلے جن اشخاص نے اقبال کے کلام میں دلچسپی کا اظہار کیا اور اسے سراہا اور دوسرے ایرانیوں کے سامنے اسکی تعریف کی، سید محیط طبا طبائی اور سعید نفیسی ہیں -

یہاں اس غلط فہمی کا ذکر کر دینا مناسب ہوگا جو چند سال

پور داؤد ، تہران یونیورسٹی میں قدیم آریائی زبانوں اور اوستا و پہلوی کے استاد ھیں اور انھوں نے نہ صرف اقبال کا مطالعہ نہیں کیا بلکہ اغلب ادبیات فارسی بعد از اسلام انکی حدود مطالعہ سے باھر رھی ھیں ۔ بہر حال اقبال سے نا آشنائی اور بے اطلاعی ایرانیوں کا قصور نہیں ۔ اسکی اصلی وجہ ہندوستان و ایران کے درمیان دو سو سال تک کا قطع ارتباط ھے۔

اس بات کو بھی نہیں بھولنا چاھئے کہ اقبال کی زبان اور طرز بیان قدما و متوسطین اور متاخرین شعر کلاسک فارسی کے مطالعہ کا نتیجہ ھے ۔ اگر اسکا سٹائل بہار ، ایرج ، عارف ، شہریار یا سرمد وغیرہ سے مختلف ھے تو یہ ایک طبعی امر ھے ۔ دیکھنا یہ ھے کہ جو الفاظ یا اصطلاحات یا محاورات اقبال نے استعمال کئے ھیں وہ فارسی کے بڑے بڑے کلاسک شعرا کے ھاں موجود ھیں یا نہیں ۔ اس کا بیسویں صدی کے شعرا سے مقابلہ کرنا بے انصافی ھے اور اقبال کو قدرتی طور پر اس بے انصافی کا شکار بھی ھونا پڑا ۔ معدودے چند اقبال کو جاننے والوں میں سے بھی بعض اقبال کے فلسفیانہ اور حکیمانہ خیالات اور اسکے کلاسک طرز بیان سے صحیح طور پر لطف اندوز نہیں ھوتے تھے ۔ اور اسکے علاوہ وہ اقبال کی ذھنی بیک گراؤنڈ (پس منظر) سے بھی ناواقف تھے ۔ اس لئے چند ایک شعر ادھر ادھر سے پڑھکر اسکے کلام کو ترک کر دیتے تھے ۔ اس ضمن میں ذیل کا واقعہ دلچسپی کا موجب ھوگا ـــ

۱۹۳۳ ء میں افغانستان کے مشہور ادیب اور شاعر، آقای سرور گویا، فردوسی کی ھزار سالہ برسی کے جشن میں شرکت کے لئے تہران گئے ۔ اقبال کو بھی غالباً شرکت کی دعوت دی گئی تھی مگر وہ بیماری کی وجہ سے نہ جا سکے ۔ سرور گویا اقبال کے دوستوں اور مداحوں میں سے ھیں ۔ ایک

کرتے ہوئے اس نے ایک بڑی ناروا بات کہی ۔ اس واقعہ کا عام مسلمانوں میں سخت عکس العمل ظاہر ہوا ۔ اور بعض جرائد نے اسکی شدت سے تنقید کی .... اگرچہ اس ناخوشگوار واقعہ کی تلافی کے لئے مشن لاہور گیا اور اقبال کے مزار پر ملت ایران کی طرف سے پھول چڑھائے...... اعضائے ہیئت ایران واپس آنے پر بھی اس واقعہ پر افسوس کرتے تھے...،،*

---

* پورا اقتباس یہ ہے:—

سال گذشته روزی که هیئت فرهنگی اعزامی ایران به هندوستان برای باز دید دانشگاه دهلی رفته بودند ، مخبر یکی از روزنامه های هندوستان با یکی از اعضاء هیئت که بواسطهٔ توغل در ادبیات ایران قبل از اسلام و انس کامل با تعلیمات اوستائی برای مطالعه در آثار فارسی دری بعد از اسلام در فراخنای حوصله مشار الیه جای خالی نه مانده است ، را جع به مقام ادبی اقبال داخل مذاکره شد و باوجودیکه آقای علی معتمدی (سفیر کبیر ایران در هند) با شان خاطر نشان ساخت که در موقع گفتگو راجع به اقبال در سخن ادب را کاملا نگه دارد ـ باز هنگام مقایسه بین اقبال و تاگور حکمی ناروا کرد و مخبر روزنامه هم مصاحبه خویش را عیناً انتشار داد و این پیش آمد در افکار عمومی مسلمانان هند عکس‌العمل عجیبی تولید کرد تا جائی که در برخی از جراید هندوستان عمل دولت هند را در دعوت چنین هیئتی با فقر مادی و مضیقه دورهٔ جنگ انتقاد سخت نمودند ـ باوجودیکه هیئت برای جبران این موضوع به لاهور رفت و آرامگاه ابدی اقبال را زیارت رسمی کرد و دسته گل بنام ملت ایران نثار نمود ، باز خاطره تلخ روز پذیرائی دانشگاه دهلی موجب زحمت روحی و فکری اعضای هیئت تا هنگام مراجعت با یران بود ـ

میں نے خاموشی سے یہ سب باتیں سنی تھیں - اور مجھے اس واقعہ سے سخت رنج پہنچا - میں فوراً سرور خان کے پاس آیا اور اس سے اقبال کے چار فارسی دیوانوں کے متعلق جو میں اسوقت تک پڑھ چکا تھا، گفتگو شروع کردی اور کہا کہ مجھے افسوس ہے کہ جاوید نامہ ابھی تک مجھ تک نہیں پہنچا - میں نے گفتگو میں یہ بھی کہا کہ یہ صحیح ہے کہ اقبال کا اسٹائل آجکل کے فارسی شعرا سے کچھ مختلف ہے لیکن ابھی تک یہ طرز ایران کے مشرقی علاقوں میں رائج ہے - اور پسند کی جاتی ہے - اس گفتگو کا یہ اثر ہوا کہ افغانی شاعر کے حساس دل میں خوشی عود کر آئی - اور بالاخر جب وہ اس مجلس سے روانہ ہوا تو خوش و خرم تھا - مگر اپنے دل میں ضرور سوچتا ہوگا ، یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ اول درجہ کے فارسی گو شاعر بھی ایک دوسرے سے اسقدر بے خبر ہوں — ۱

پس ظاہر ہے کہ دس پندرہ سال قبل ایران میں اقبال کو بہت کم لوگ پہچانتے تھے - مگر چند ایک جنھوں نے اس کے کلام کا بغور مطالعہ کیا اسکی عظمت سے متأثر تھے - جیسا کہ سید محیط طبا طبائی کے بیان سے واضح ہے -

تقریباً انھیں دنوں ایران کے مشہور ادیب پروفیسر سعید نفیسی نے بھی اقبال کو چند خطوط لکھے جن میں اسکے کلام کی تعریف کی - سعید نفیسی کے خطوط اس وقت ہماری دسترس میں نہیں لیکن اقبال کے دو خطوں سے جو انھوں نے جواب میں لکھے، نفیسی کے خطوں کا مضمون واضح ہو جاتا ہے - یہاں اسبات کا ذکر بھی لازم ہے کہ اقبال کی تصنیفات

---

(۱) مجلہ محیط اردی بہشت ۱۳۲۳ -(۱۹۴۴)

دوستانہ سی مجلس میں جہاں چند ایک ایرانی ادیب اور شاعر موجود تھے۔ سرور گویا نے ادبا وغیرہ سے خطاب کرتے ہوئے اقبال کے متعلق سوال کیا مگر یہ سنکر کہ ایران میں اقبال کی طرف توجہ نہیں ہوئی انھیں صدمہ ہوا۔ آقای محیط طبا طبائی نے اس واقعہ کو یوں بیان کیا ھے:—۱۳۱۳ ھ ش (۱۹۳۳) فردوسی کے ہزارہ میں شرکت کے لئے مختلف ملکوں کے نمائندے تہران میں موجود تھے۔ آقای فلسفی (پروفیسر تہران یونیورسٹی) نے میرا (محیط طبا طبائی کا) افغانستان کے نمائندے سرور گویا سے تعارف کرایا ....حاضرین میں شعر و ادب کے متعلق گفتگو ہو رہی تھی۔ ضمناً ہندوستان میں فارسی شاعری کا ذکر آیا۔ آقای گویا نے پوچھا کہ اقبال کے کلام کو ایران میں کس قدر شہرت حاصل ھے..........

مجلس کے ایک اہم رکن نے کہا کہ میں نے اس کے کلام کا ایک مجموعہ دیکھا ھے جو اچھے نستعلیق خط میں چھپا ہوا تھا۔ کچھ میں نے اسمیں سے پڑھا بھی ھے۔ لیکن اس شاعر کو ایران میں کوئی شہرت حاصل نہیں اور اسکا کلام پسندیدگی کی نظر سے نہیں دیکھا گیا— ۱

افغانی ادیب اس جواب کو سنکر سخت افسردہ خاطر ہوا اور گفتگو سے علیحدگی اختیار کر کے ایک طرف چپ چاپ کھڑا ہو گیا۔

---

(۱) یہ ، برجستہ ، رکن جنکا نام محیط نے نہیں لیا غالباً ملک‌الشعرا بہار ہونگے کیونکہ انھوں نے اقبال سے اپنی ابتدائی آشنائی کے متعلق جب ذکر کیا تو قریباً یہی کہا تھا کہ میں نے اول اول اقبال کو قابل اعتنا نہیں سمجھا—

ادبی محافل اور بعض مقالات کے دوران میں بار بار ذکر کر چکا ہوں لیکن ان بظاہر مختصر نظریات کو کسی کتاب یا رسالہ میں اب تک درج نہیں کیا گیا - لہذا بعض متعلقہ باتوں کو ثبت کر دینا ضروری سمجھتا ہوں —

ایک دن میں نے بہار سے کہا کہ بعض ایرانی ادبا اقبال کے کلام پر اعتراض کرتے ہیں کہ بعض مقامات پر اسکا طرز بیان غیر مانوس اور ثقیل ہے اور بعض ترکیبات و الفاظ کو غیر صحیح سمجھتے ہیں - بہار یہ سنکر مسکرائے اور کہنے لگے کہ اقبال ، رومی ، حافظ ، سعدی ، یا ہر بڑے شاعر کے کلام کو سمجھنے اور اس سے لطف اٹھانیکے لئے اپنے پاس بھی کچھ فکری ، معنوی اور تاریخی ذخیرہ ہونا چاہئے - یہ جوان ادیب اور شاعر اپنی محدود نگاہ اور مخصوص ذوق اور سلیقے کے ذریعے اقبال کی جامع شخصیت اور وسیع مطالعات کا جائزہ نہیں لے سکتے - اسکے علاوہ اقبال نے بعض ایسے مطالب اور نکتے اور نظریات بیان کئے ہیں جو اس سے پہلے فارسی زبان میں نہیں پائے جاتے - اس لئے اقبال کا کلام کم مطالعہ اور نیم خواندہ لوگوں کو نامانوس ہی نہیں بلکہ غیر قابل فہم معلوم دیتا ہوگا- پھر مسکرا کر کہا کہ نہ صرف اقبال کا کلام بلکہ سنائی، عطار، رومی، فرخی، خاقانی . . . . سب کا کلام ان کے لئے غیر مانوس اور ثقیل ہے - اور کہا میں نے اقبال کا سارا کلام پڑھا ہے لیکن مجھے کہیں کوئی غلطی نظر نہیں آئی - میں نے مثال کے طور پر کہا کہ اقبال کی آخری رباعی* میں

---

* اشارہ ہے اس رباعی کی طرف

سرود رفتہ باز آید کہ ناید نسیمی از حجاز آید کہ ناید
سر آمد روزگار این فقیری دگر دانای راز آید کہ ناید

کو عام ایرانیوں تک پہنچانیکا کوئی باقاعدہ ذریعہ نہ تھا - یہی ہوتا تھا کہ کوئی دلچسپی رکھنے والا ادیب ہندوستان یا افغانستان سے ہدیہ کے طور پر کوئی کتاب کسی ایرانی دوست کو بھجوا دے - مثال کے طور پر محیط طبا طبائی اس تمام اشتیاق اور عقیدت کے باوجود جو انکو اقبال کے کلام سے تھی تاریخ اشاعت کے دو سال بعد تک جاوید نامہ حاصل نہ کر سکے اور بعد میں سرور گویا نے اقبال کو لکھا اور اقبال نے سرور گویا کی معرفت بہ کتاب محیط طبا طبائی کو بھجوائی . مختصر یہ کہ ایرانیوں کی اقبال سے ناآشنائی کا ایک ھی سبب تھا اور وہ دو سو سال کا ادبی اور علمی بعد تھا —

اگست ۱۹۴۱ میں اتحادیوں کی فوجیں شمال اور جنوب سے ایران میں داخل ہوگئیں - انگریزی فوجوں میں کئی ایک ایسے ہندی مسلمان بھی تھے جنکو فوجی امور کے علاوہ فارسی ادبیات سے لگاؤ تھا - بعض سیاسی مقاصد کے حصول کے پیش نظر دولت برطانیہ کی کوشش تھی کہ ایران اور ہندوستان کے درمیان ثقافتی تعلقات کی تجدید کی جائے - اس مقصد کے لئے ۱۹۴۳ میں انجمن فرہنگی ایران و ہند کی بنیاد رکھی گئی - اس انجمن کے افتتاحی جلسے میں بہار نے اپنی تاریخی نظم ''خطاب بھند،، پڑھی جس میں ہندوستان کے عصر حاضر کو عصر اقبال کے نام سے یاد کیا - بہار اقبال کے کلام سے ذرا دیر سے آشنا ہوئے مگر اس کے بعد انہوں نے اقبال کے دامن کو نہیں چھوڑا - بہار کی اقبال سے آشنائی اور محبت اقبال کی ایران میں محبوبیت اور ہر دلعزیزی کی داستان میں اہم ترین واقعہ ھے - اور مرحوم ملک‌الشعراء نے مجھ سے مختلف صحبتوں میں اقبال کا ، اسکے کلام کا اور اپنی محبت اور عقیدت کا ذکر کیا ھے - میں ان باتوں کا ایران کی

آئینه میں دیکھ رہا ہوں۔ پہلے میں نے پیام مشرق کا مطالعه کیا اور شاعر کی وسعت مطالعه اور اسکی غیر معمولی قدرت بیان کا مجھ پرگہرا اثر پڑا ۔ پھر میں نے مثنوی کا مطالعه کیا اور یه بات مجھ پر روشن ہوگئی که مولانا جلال الدین بلخی کے بعد بہت کم کسی کو ایسی مثنوی لکھنے کی سعادت میسر ہوئی ہے ۔ مطالب وہی ہیں مگر طرز بیان میں جدت ، ایجاز و اختصار اور شگفتگی ہے۔ چند سال گزرے انجمن فرہنگی ایران و ہند وجود میں آئی اور مجھ سے نظم لکھنے کو کہا گیا ۔ اور میں نے ”خطاب بہند“ لکھی اور اسکی بحر یعنی بحر مثنوی اس لئے انتخاب کی تاکہ اقبال کے بعض اشعار پر تضمین کر سکوں اور بعض جگه تو میں نے اقبال ہی کے رنگ کو دہرایا ہے ۔ بہار نے چند شعر اپنے الفاظ کی تائید میں پڑھے ۔ اور اقبال کے اس شعر کو:—

زندگی جہد است و استحقاق نیست　　جز بعلم انفس و آفاق نیست

کئی بار پڑھا اور اقبال کی مغفرت کے لئے دعا کی۔

بہار کے ساتھ اکثر ملاقاتوں میں اقبال کا ذکر رہتا ۔ اور وہ ہمیشه اس بات کا افسوس کرتے که ہم ایک ہی زمانے میں تھے اور آپس میں ملاقات نه کر سکے اور اقبال کو ایران سے اتنی گہری دلچسپی ہونیکے باوجود اس ملک میں آنے کا موقع نه ملا—

بہار کو اقبال سے کچھ ایسی عقیدت ہو گئی تھی که وہ اپنے ملنے والوں سے بھی اکثر اسکا ذکر کرتے اور مجھسے کہتے که اقبال کے کلام کو ایرانیوں تک پہنچانا تمہارا فرض ہے ۔ اقبال کی تصنیفات کے چند ایک سیٹ چند ایک رسمی لوگوں میں تقسیم کر دینا کافی نہیں۔

کہتے ھیں کہ ،،این فقیری،، کی ترکیب غلط ھے - ،،این فقیر،، ھونا چاھئے - یا فقیری کو اسم معنی (Abstract noun) سمجھنا چاھئے - کہنے لگے کہ یہ لوگ نہیں جانتے کہ یہ ترکیب استادوں کے ھاں استعمال ھوتی رھی ھے - اور مثنوی سے شعر بھی پڑھکر سنائے جہاں حرف اشارہ کے بعد اسم با یائے نکرہ استعمال کیا گیا ھے —

بہار نے اضافہ کیا ، ایک وجہ اقبال سے دیر آشنائی کی یہ بھی ھے کہ ھم ایرانی اپنی ادبی روایات اور افتخارات میں متعصب واقع ھوئے ھیں - اور اگر کسی بڑے سے بڑے غیر ملکی شاعر کا ذکر آئے تو ھم بغیر کنجکاوی و مطالعہ کے فوراً اسکی تنقید میں کچھ کہدیں گے - مخصوصاً اگر اس شاعر کو ھمارے اپنے شعرا کے مقابل میں پیش کیا جائے - کیونکہ ھم تصور نہیں کرسکتے کہ سعدی، فردوسی، نظامی، حافظ، مولوی اور ایسے دیگر شعرا کے مقابلہ کا کوئی شاعر پیدا ھو سکتا ھے - بہار نے بات جاری رکھتے ھوئے کہا کہ چند سال ھوئے میں نے اقبال کا نام سنا - کسی نے ایسے ھی ذکر کیا کہ ھندوستان کا شاعر ھے جو فارسی میں شعر کہتا ھے میں نے اس کے کچھ شعر پڑھے بھی لیکن چونکہ میں ذھنی طور پر تیار نہ تھا میں نے کوئی خاص توجہ نہ دی - کیونکہ ھندوستان میں بیشمار فارسی گو شاعر پیدا ھوئے ھیں اور اب قریباً دو سو سال سے فارسی زبان وھاں تقریباً ختم ھو چکی ھے - میرا خیال تھا کہ ھوگا کوئی شاعر جو روایاتی ھندی طرز کی شاعری کا پیرو ھوگا - بہر حال میں نے اقبال کو کوئی خاص اھمیت نہ دی مگر جب حالات ذرا مساعد ھوئے اور کچھ ذھنی کشمکش سے نجات حاصل ھوئی تو میں نے اقبال کے کلام کا غور اور توجہ سے مطالعہ کیا - مجھے کچھ ایسا معلوم ھوا جیسے میں اپنی ملی ادبیات کو

بہار کہنے لگے ہماری شاعری کی یہی آھنگ ہونی چاہئے - مگر ہمارے ہاں فرار، گریز اور مستی، خود فراموشی، عیش و عشرت بے دوام کی طرف زیادہ توجہ دی گئی ہے - پھر کچھ رک کر کہا - کئی سال ہوئے میں نے ایک قصیدہ لکھا جسکی تشبیب روایاتی طرز بیان سے مطالب کے لحاظ سے مختلف تھی اور چونکہ اس کو اقبال کے ان اشعار سے ظاہری اور معنوی ارتباط ہے چند شعر سناتا ہوں - میں نے یہ چند شعر نوٹ کر لئے :—

می فرو هل زکف ای ترک و بیک سو نه چنگ
جامه جنگ فرو پوش که شد نوبت جنگ

باده را روز بیفسرده بنه باده زدست
چنگ را نوبت بگذشت بنه چنگ ز چنگ

ازبر دوش تفنگ افکن و آسوده گزار
لختی آن دو سر زلف سیه غالیه رنگ

بہار اب چراغ سحری تھے - بہت کم گھر سے نکلتے یا نکل سکتے تھے - میری خواہش تھی کہ بہار یوم اقبال کے جلسے کی صدارت قبول کرلیں، مگر ان کی کمزور حالت دیکھکر کچھ کہنے کی جرأت نہ پڑتی تھی - بالاخر اپریل کے شروع میں انکی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا آپ کی طبیعت اچھی نہیں، لیکن اگر آپ ایک گھنٹہ کے لئے تشریف لاسکیں اور ،، یوم اقبال،، کے جلسہ کی صدارت فرمائیں تو ہمارے لئے باعث فخر ہوگا اور ملک کے ادبی اور علمی حلقوں پر اسکا اچھا اثر پڑیگا - پہلے تو بیماری کی بنا پر اور پھر کچھ سیاسی وجوھات کی بنا پر انکار کیا لیکن میں نے بہار کو بتایا کہ سفیر کبیر پاکستان کو آپ سے قلبی ارادت ہے اور

دلیل آفتاب خود آفتاب ہوتا ہے ، تمہارا کام فقط یہ ہے کہ تم اقبال کو لوگوں سے متعارف کرا دو۔ سفارت پاکستان اتنا ہی کام کر سکے تو کافی ہے ـــ

بہار دن بدن ضعیف اور کمزور ہوتے جاتے تھے۔ سوئٹزر لینڈ کے ڈاکٹروں نے غیر قابل علاج قرار دے دیا تھا مگر باوجود کمزوری اور زندگی سے ناامیدی کے بہار اپنے علمی ادبی کاموں میں مصروف تھے اور علاوہ دیگر کتب کے سبک شناسی (حصہ نظم) کی تدوین میں مشغول تھے۔ اس کتاب کا ذکر اکثر کرتے اور کہتے خدا کرے میں یہ کام پورا کر لوں۔ اور کئی بار اس ضمن میں کہا کہ سبک شناسی حصہ نظم میں اقبال پر جداگانہ فصل ''سبک اقبال'' کے عنوان سے لکھوں گا کیونکہ اقبال نے اگرچہ ایران کی مختلف طرزوں کے شعرا سے استفادہ حاصل کیا ہے اس نے کسی ایک سبک (اسٹایل) کی پیروی نہیں کی بلکہ مختلف (اسٹایل) طرز بیان اور طرز فکر اسکے اسٹایل میں جمع ہوگئے ہیں اور یہ نئی طرز وجود میں آئی ہے۔ بہار اسبات پر اظہار تعجب کرتے کہ سب سے کم اثر اقبال کے کلام میں ہندی طرز شعر کا ہے :ـــ

بہار خصوصاً اقبال کی مبارزہ طلبی کو بہت پسند کرتے تھے۔ ایک دن میں نے انکو یہ دو شعر سنائے ـــ

لالۂ این چمن آلودۂ رنگ است ہنوز
سپر از دست میندازکہ جنگ است ہنوز
ای کہ آسودہ نشینی لب ساحل ، بر خیز
کہ ترا کار بگرداب و نہنگ است ہنوز

فرہنگستان کے جلسے کے چند روز بعد انجمن دانشوران کے زیر اہتمام جلسہ ہوا جسمیں تہران کے بہت سے مشہور شاعروں نے شرکت کی اور نسیم شمال کے ایڈیٹر آقای محسن ساعی نے اقبال کے متعلق ایک مفصل مقالہ پڑھا - یہ سب جلسے ۲۱ اور ۳۰ اپریل کے درمیانی عرصہ میں ہوئے اور ایرانی اخبارات نے بھی اقبال کو خراج تحسین پیش کیا اور ان جلسوں کی کاروائی شائع کی --

انھیں دنوں ایران کے ایک مشہور ادیب آقای مجتبی مینوی نے "اقبال لاہوری" تألیف کی جسمیں اقبال کی شاعری کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی - یہ کتاب مجلہ یغما کی طرف سے شائع کی گئی --

اکتوبر ۱۹۵۰ میں ایک دن میں نے چند ایرانی ادبا اور شعرا کو اپنے گھر پر ایک ادبی جلسہ میں شرکت کے لئے بلایا - پروفیسر دیہیم نے جو آذربائیجان کے مشہور شاعر اور فصیح البیان خطیب ھیں جلسہ میں شرکت کی - پروفیسر دیہیم سے یہ میری پہلی ملاقات تھی - میں نے اقبال کے "پیام مشرق" سے چند شعر پڑھکر پروفیسر مذکور کو سنائے - میرا شعر پڑھنے کا لہجہ ایرانی لہجہ سے مختلف تھا اس لئے پروفیسر صاحب نے کوئی خاص توجہ نہ دی - اور کتاب میرے ھاتھ سے لے لی - چند منٹ ادھر ادھر سے کچھ شعر پڑھے اور پھر خود بخود اٹھ کھڑے ہوئے اور نہایت جوش سے حاضرین کو مخاطب کر کے اقبال کے اشعار پڑھنے لگے اور ساتھ ھی ساتھ اقبال کے کلام کی معنوی اور آھنگی خوبیوں پر تعجب کا اظہار کرتے جاتے تھے - آخر میں اقبال کی یہ غزل :

صد نالہ شبگیری صد صبح بلاخیزی

صد آہ شرر ریزی یک شعر دلاویزی

ہمارے لئے آپ کا مقام سیاست سے بالاتر ہے تو میری درخواست قبول کر لی اور ۲۱ اپریل کی شام کو میں بہار کو لانے کے لئے گیا - بہار بہت کمزوری محسوس کر رہے تھے مگر میرے اور اپنی بیٹی پروانہ خانم کے اصرار پر تیار ہوگئے اور میں دونوں باپ بیٹی یعنی بہار اور پروانہ خانم کو اپنے ہمراہ سفارت کی موٹر کار میں اپنے ہمراہ لے آیا - بہار نے مجھ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج مجھ میں بالکل سکت نہ تھی - محض اقبال کی محبت کی حرارت مجھے کھینچ لائی ہے - بہار نے بیٹھے بیٹھے اپنا خطبہ صدارت پڑھا جسمیں اقبال کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اقبال ہماری نو سو سالہ ادبی تاریخ اور اسلامی مجاہدت کا نمائندہ ہے - اسی جلسہ میں ایران کے سابق وزیر اعظم سید ضیاءُ الدین طبا طبائی نے اقبال سے اپنی فلسطین میں ملاقات کا ذکر کیا اور اسکے مندرجہ ذیل دو اشعار کے موضوع پر تقریر کی :—

ہر کہ او را قوۂ تخلیق نیست — پیش ما جز کافر و زندیق نیست

بندۂ آزاد را آید گران — زیستن اندر جہان دیگران

۱۹۵۰ میں سفارت پاکستان کی طرف سے پہلی مرتبہ یوم اقبال منایا گیا اور بہار کے خطبہ صدارت نے ایران کے ادبی حلقوں کی توجہ اقبال کیطرف جلب کر لی - چند دن کے بعد فرہنگستان ایرانی (ایرانی اکادمی) کی طرف سے شاندار جلسہ ہوا جسمیں ایران کے مشہور ادیب اور سیاستمدار آقای علی اصغر حکمت نے تقریر کی اور اقبال کی تمام فارسی تصنیفات پر سیر حاصل تبصرہ کیا - اسی جلسہ میں اقبال کے رنگ تغزل کی تعریف کرتے ہوئے ڈاکٹر صورتگر شیرازی اپنی ایک غزل جو اقبال کے رنگ میں کہی ہوئی تھی پڑھی —

میں نے دوبارہ صدارت قبول کرنیکی درخواست کی ۔ کہنے لگے بھئی سچ تو یہ ھے کہ کمزوری وغیرہ کے علاوہ ایک بڑی وجہ یہ ھے کہ میں نے اقبال کا کلام بالکل نہیں پڑھا ۔ اور اب میرے پاس مطالعہ کرنے اور اپنے خیالات کو تحریر میں لانیکا وقت نہیں ۔ میں نے کہا کہ جس طرح آپ نے استعمار و استبداد کے خلاف ملت ایران کو ابھارا اسی طرح اقبال نے ھندوستان کو فکری اور سیاسی غلامی سے نجات دینے کی کوشش کی ھے ۔ اقبال کی مثنوی "پس چه باید کرد ای اقوام شرق" میرے ھاتھ میں تھی اور میں نے کھول کر انکو پیش کی ۔ اتفاق سے انکی نگاہ ایسے اشعار پر پڑی جن میں اقبال نے فکری بردگی اور سیاسی غلامی کے خلاف آواز اٹھائی ھے ۔ ڈاکٹر محمد معین سے کہا کہ یہ چند شعر نوٹ کرلو ۔ اور چند شعر اپنے نظریات کے متعلق ڈاکٹر صاحب کو نوٹ کرادیئے ۔ مجھسے مخاطب ھوکر کہنے لگے "بہت اچھا ھوا تم آگئے اقبال سے اس مختصر سی آشنائی سے اپنے اندر ایک نئی قوت محسوس کرتا ھوں۔ میں بڑے فخر سے حاضر خدمت ھونگا اور اقبال کے جہاد کے متعلق ھی چند کلمے اپنی صدارتی تقریر میں کہونگا ۔ خدا اسے غریق رحمت کرے" ۔ علامه کی تقریر اور منظوم قطعه متن کتاب میں درج ھیں —

۱۹۵۳ع کا سال بعض لحاظ سے قابل ذکر ھے، یوم اقبال کے جلسوں میں عموماً چھوٹی چھوٹی اور عام پسند قسم کی تقریریں ھوتی تھیں مگر لوگوں کی دلچسپی اور اشتیاق کو دیکھتے ھوئے میں نے تہران یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر حسین خطیبی سے اقبال کے اسٹائل پر ایک جامع تقریر کرنے کے لئے درخواست کی ۔ ڈاکٹر خطیبی تہران یونیورسٹی میں شعبه سبک شناسی کے صدر ھیں اور تنقید اور تقریظ کے فن میں مہارت رکھتے ھیں ۔ ڈاکٹر خطیبی

پڑھ کر سنائی۔ پڑھنے کے انداز سے ان کا جوش اور حرارت ظاہر تھی۔ آخر میں ذیل کے شعر کو کئی بار پڑھا:

مطرب غزلی، بیتی، از مرشد روم آور
تا غوطه زند جانم در آتش تبریزی

اور کہا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک غیر ایرانی جس کے کان فارسی زبان کی شیرینی تلفظ اور آہنگ سے نا آشنا ہوں یہ شعر کہہ سکے۔ حاضرین نے بھی پروفیسر دیہیم کی تائید کی۔ اس جلسہ میں جو اقبال کی غزلیں خاص طور پر پسند کی گئیں وہ ہمارے یہاں زیادہ معروف نہ تھیں اور جس چیز کو پروفیسر دیہیم اور دیگر حاضرین نے پسند کیا وہ اقبال کا رنگ تغزل اور زور کلام تھا نہ محض فلسفیانہ خیالات و نظریات —

۱۹۵۲ میں بعض ایرانی احباب کے توسط سے علامہ علی اکبر دہخدا* سے یوم اقبال کی صدارت کے لئے درخواست کی۔ علامہ دہخدا بڑھاپے اور علالت کی وجہ سے گھر سے بہت کم نکلتے تھے اور انھوں نے جلسہ کی صدارت قبول کرنیسے انکار کر دیا۔ میری بڑی آرزو تھی کہ علامہ جلسہ میں شرکت کریں اور میں نے استاد سعید نفیسی سے اس بارے میں مشورہ کیا۔ استاد نفیسی کا خیال تھا کہ دوبارہ کوشش کرنا بے سود ہوگا۔ میری علامہ دہخدا سے نہایت مختصر آشنائی تھی لیکن آخری کوشش کے لئے میں خود ہی انکی خدمت میں حاضر ہوا۔ پروفیسر محمد معین جو فارسی دائرۃالمعارف کی تألیف میں علامہ کے رفیق کار ہیں وہاں موجود تھے۔

---

*علامہ ایک طویل علالت کے بعد ۹ فروری (۱۹۵۶ع) میں وفات پا گئے۔

تقاضا کیا کہ اقبال کی ایرانیوں سے آشنائی کے لئے مزید اور دیرپا وسائل مہیا کئے جائیں ۔ ایرانی اخبارات نے جو پبلیسٹی خواتین کے جلسہ کو دی بے سابقہ تھی ۔ شاید ھی کوئی اخبار ھو جس نے ڈاکٹر کاظمی کی تقریر کا خلاصہ اور جلسہ کی کارروائی شائع نہ کی ھو ۔

ایران کے دوسرے شہروں سے بھی خطوط آنے لگے جن میں اقبال کی تصنیفات مہیا کرنے کے لئے کہا گیا ۔ میں نے نہایت جلدی میں اقبال کو ایرانیوں سے متعارف کرانے کے لئے ایک مختصر کتاب ,, رومی عصر ،، کے نام سے تألیف کی ۔ اس کتاب میں اقبال کی زندگی، ان کے برجستہ عقائد، فارسی تصانیف کا خلاصہ اور چند اقتباس اقبال کے متعلق ایرانیوں کے اپنے مقالات اور منظومات سے درج ھیں ۔ کسی غیر ایرانی کی فارسی زبان میں لکھی ھوئی کتاب کے لئے تہران میں پبلشر ماننا مشکل تھا — مگر لوگوں کی اقبال میں بڑھتی ھوئی دلچسپی اور محبوبیت کو دیکھتے ھوئے ,, کانون معرفت ،، نے اپنے خرچ سے کتاب چھپوا دی اور کوئی دو سو نسخے سفارت کی طرف سے مفت تقسیم کئے گئے — مگر جس بات کی سابق ادبی تاریخ میں مثال کم ملتی ھے وہ یہ ھے انجمن فرھنگی ایران و پاکستان اور دوسرے ایرانیوں کی طرف سی ایک ھزار نسخے ملک میں ھدیہ کے طور پر تقسیم کئے گئے — ,, رومی عصر ،، کے لئے ایران کی تاریخ کے سب سے بڑے میناتور نقاش استاد حسین بہزاد نے دو تصویریں بنائیں — استاد بہزاد بڑھاپے اور علالت کے سبب اب بہت کم کام کرسکتے ھیں اور چونکہ اب ان کی تصویریں بہت کم یاب ھیں ان کی مانگ بھی زیادہ ھے، مگراستاد بہزاد نے اقبال سے اپنے آپ کو منسوب کرنے کی غرض سے دو تصویریں جن کی قیمت کم از کم دو ھزار روپئے ھے مؤلف کو ھدیہ کے طور پر پیش کیں —

نے یہ مشکل کام اپنے ذمہ لیا اور اقبال کی تمام فارسی تصانیف کا مطالعہ کرنیکے بعد اقبال کے اسٹائیل اور طرز بیان پر ۲۱ اپریل کو تقریباً ایک ہزار کے مجمع میں تقریر کی - پروگرام میں صرف ایک هی تقریر تهی اور قریباً ڈیڑھ گھنٹہ جاری رهی مگر سامعین نے نہایت دلچسپی سے ساری تقریر کو سنا اور بعض اخبارات نے پوری کی پوری تقریر شائع کی- اور اس کا خلاصہ دوبارہ تہران یونیورسٹی کی میگزین میں چھپا --

ڈاکٹر خطیبی کی تقریر ریڈیو تہران سے ریلے کی گئی اور اس طرح لاکھوں لوگوں نے اس کو سنا - ۱۹۵۳ ع کے جلسہ میں جگہ کی قلت کے باعث، باستثنا چند صرف مردوں هی کو دعوت دیگئی تهی -- جلسہ کے بعد تہران کی بعض تعلیم یافتہ خواتین نے اس کا گلہ کیا اور خواهش ظاهر کی کہ خواتین کے لئے جداگانہ جلسہ ترتیب دیا جائے - اس وقت سفارت کبری پاکستان کے کاردار (مدارالمہام) میاں نسیم حسین تھے. صاحب مذکور نے نہایت خندہ پیشانی سے جلسہ کے تمام اخراجات اپنے ذمہ لئے اور تہران کے زنانہ کالجوں اور اسکولوں کی استانیوں اور دیگر پڑھی لکھی عورتوں کو دعوت دیگئی اور ۷ مئی کو سفارت کبری پاکستان کے هال میں جلسہ هوا -- جلسہ کے وقت موسلا دھار بارش هورهی تهی اور همیں ڈر تها کہ خواتین اپنے گھروں سے نہیں نکل سکیں گی - لیکن ٹھیک وقت پر جوق در جوق مہمان آنے شروع هوئے - اور سفارت کا هال کھچا کھچ بھر گیا - عورتوں کے اس پہلے اور سہم جلسہ میں ایران کی هر دلعزیز اور دانشمند خاتون ڈاکٹر کچکینہ کاظمی (جو تہران میڈیکل کالج میں تعلیم دیتی تهیں) نے اقبال کی زندگی اور اس کی شاعری کی مختلف پہلوؤں پر ایک عام فہم تقریر کی - یہ تقریر بہت مقبول هوئی اور حاضرین جلسہ نے متفقہ طور پر

کی جس میں پاکستانی ٹیم کو رسمی طور پر خوش آمدید کہنے کے بعد
بیس ہزار تماشائیوں کے مجمع کو خطاب کرتے ہوئے کہا ''آپ لوگوں
کو معلوم ہونا چاہئے کہ یہ ٹیم کوئی غیر ملکی ٹیم نہیں — یہ ٹیم اقبال کے
وطن سے آئی ہے — اقبال جس نے صدیوں کے بعد فارسی زبان اور ادبیات
کو شبہ قارہ ہندوستان میں زندہ کیا اور پاکستان کا نقشہ تیار کیا ، ہمارا
ہم وطن ہے ، اس کے ہم وطن ہمارے ہم وطن ہیں — آپ کو چاہئے کہ
اس ٹیم کو ایرانی ٹیم سمجھیں۔'' ان الفاظ کا فوری اور ہمہ گیر اثر ہوا
اور اس امر کے باوجود کہ کھیل مقابلے کا تھا، ایرانی تماشائی پاکستانی
کھلاڑیوں کی اسی طرح ہمت افزائی کرتے تھے جیسی اپنی ٹیم کی
اور جب میچ ہار جیت کا فیصلہ ہوئے بغیر ختم ہوگیا تو ایرانیوں نے خاص
طور پر خوشی کا اظہار کیا —

اہالی تبریز کے تأثرات

۱۹۵۴ع مجھے تبریز جانے کا اتفاق ہوا - رئیس دانشگاہ تبریز(چانسلر
تبریز یونیورسٹی) جناب آقای ڈاکٹر امین نے مؤلف کے اعزاز میں دانشکدہ
ادبیات (کالج فار لٹریری اسٹڈیز) میں ایک ادبی جلسہ کیا جس میں یونیورسٹی
کے پروفیسروں اور سینیر طالب علموں کے علاوہ تبریز کے بر جستہ ادبا نے
بھی شرکت کی۔ اس جلسہ میں صدر شعبہ ادبیات پروفیسر خیام پور، رئیس
دانشگاہ ، ڈاکٹر امین اور جناب آقای جم (جو صوبہ کے گورنر تھے اور اپنے
علم و دانش کے سبب تمام حلقوں میں احترام کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں)
نے تقریریں کیں ۔ ان سب حضرات کی تقریروں میں ایک بات مشترک اور
نمایاں تھی اور یہ وہ کہ اقبال نے صدیوں کے بعد ایران و پاکستان کے تاریخی

ایرانیوں کی روز افزوں دلچسپی کو دیکھتے ہوئے ,,رومی عصر،،
کے دو سو نسخے وزارت تعلیم ایران نے سرکاری کتبخانوں کے لئے تقسیم کئے
اور انجمن فرہنگی کی موسسس اور نائب صدر ڈاکٹر کچکینہ کاظمی نے
پانچ سو نسخے اسکولوں کے معلمین اور طالب علموں میں تقسیم کئے۔
کتاب کی مانگ بدستور جاری ہے —

اس کتاب کے متعلق اتنی تفصیل اس لئے نہیں دیگئی کہ یہ کتاب
فی نفسہ کوئی غیر معمولی خوبی کی کتاب ہے ، بلکہ یہ ذکر اس لئے کیا
گیا ہے کہ قارئین کو معلوم ہوجائے کہ ایران میں لوگ ایک نہایت
تھوڑے سے عرصہ میں اقبال میں کتنی دلچسپی لینےلگے ہیں ! حتی کہ اس
کتاب پر جوبیشمار تقریظیں لکھی گئی ہیں وہ زیادہ تر اقبال کی اہمیت اور
عظمت کے متعلق ہیں نہ کتاب یا مؤلف کتاب کے متعلق — مؤلف نے صرف
یہ کوشش کی ہے کہ اقبال کو عام فہم طریقہ سے ایرانی عوام سے آشنا
کرائے باقی'' آفتاب آمد دلیل آفتاب'' یہ خود اقبال کی ظاہری اور معنوی
عظمت ہے جس سے ہر صاحب دل اور صاحب ذوق ایرانی متأثر ہوتا ہے —

جیسا کہ اوپر بیان ہوچکا ہے ۱۹۵۰ ع کے بعد ادبی اور علمی حلقوں
میں اکثر اقبال کا ذکر رہتا تھا — مگر کھیل اور ورزش کے میدان میں
اقبال کا ذکر ایک نئے باب کا اضافہ تھا۔ اس لئےذیل کا واقعہ درج کرتا ہوں۔
۱۹۵۱ ع میں پشاور سے ایک فٹ بال ٹیم ایران کے دورے پر آئی — اس ٹیم کا
سب سے اہم میچ تہران کی منتخب ٹیم سے ایران کے خوبصورت اور شاندار
اسٹیڈیم امجدیہ میں ہوا — میچ شروع ہونے سے پہلے ایرانی فٹ بال فیڈریشن
کے سکریٹری پروفیسر ڈاکٹر کنی (Dr. Kani) نے مختصر سی تقریر

21 خانم ڈاکٹر کچکینہ کاظمی نائب صدر ایران پاکستان کلچرل ایسوسی ایشن یوم اقبال کے زنانہ جلسہ میں تقریر کر رہی ہیں۔

اور معنوی ارتباط کو زندہ کیا ہے اور ایران میں پاکستان کی محبوبیت کو جس چیز نے وسعت دی ہے وہ اقبال کا کلام اور اس کے خیالات ہیں ۔ جناب آقای جم، شیخ محمود شبستری کی اولاد سے ہیں اور انہوں نے اقبال اور شیخ محمود کے روحانی ارتباط کا خاص طور پر ذکر کیا ۔ ان تقریروں کا بیشتر حصہ ریڈیو تبریز نے نشر کیا ۔ اور مجھ سے خاص طور پر کہا گیا کہ اقبال اور رومی کے متعلق تقریر کروں ۔

نوجوان طالب علموں کا اشتیاق قابل دید تھا ان کا بار بار یہی تقاضا تھا کہ اقبال پر پمفلٹ چھپوا کر انہیں بھجوائے جائیں ۔ میرے پاس ایک دو ورق کا ' جزوہ ' موجود تھا جس کے ایک صفحہ پر استاد بہزاد کی نقاشی " رومی و اقبال " اور باقی دو صفحوں پر دونوں کے منتخب اشعار تھے ہر دس طالب علموں کے گروپ کو ایک دو ورقی ' جزوہ ' تقسیم کیا گیا ۔ اور بعض طالب علموں نے پی ۔ ایچ ۔ ڈی ۔ کے لئے اقبال پر رسالہ لکھنے کی خواهش ظاہر کی مگر افسوس کہ جو وسائل اس کام کے لئے اور دیگر انتشارات کے لئے لازم تھے وہ میری دسترس سے باہر تھے ۔

تبریز میں قیام کے دوران میں آذربائیجان اور ایران کے نامور شاعر آقای محمد حسین شہریار سے ملاقات ہوئی ۔ بلکہ یہ کہنا صحیح تر ہوگا کہ شہریار ، محمد نخجوانی تاجر (جو دانش اور ادب پروری کے لئے معروف ہیں) کے مکان پر میری ملاقات کو تشریف لائے ۔ کوئی گھنٹہ بھر گفتگو رہی ۔ فارسی مجلہ ہلال کا ایک نسخہ میں نے ان کی خدمت میں پیش کیا ۔ اس شمارے میں اقبال کی نظم " تنہائی " چھپی ہوئی تھی ۔ شہر یار نے نظم پڑھی پھر حاضرین کو پڑھکر سنائی اور کہا یہ شعر فارسی کا بہترین اور جدید

نمونہ ھے اسی موقع پر ڈائریکٹر تعلیم آقای دھقان نے وعدہ کیا کہ ھم اقبال کے کلام کو آذربائیجانیوں سے آشنا کرانے میں ھر قسم کے تعاون کے لئے حاضر ھیں —

ایرانی ادبا اور شعرا کے بہت سے مقالات و تقریریں اور قصائد مختلف جرائد میں چھپ چکے ھیں اور متن کتاب میں ان کے اقتباسات پیش کئے گئے ھیں ۔ اس تمہید میں اغلب وہ باتیں بیان کی گئیں ھیں جو کسی کتاب کی شکل میں شائع نہیں ھوئیں لیکن دوستداران اقبال کے لئے اھمیت رکھتی ھیں —

میرا یہ مقدس فرض ھے کہ ایرانیوں کے پر محبت تأثرات اور ان کا نہایت دوستانہ اور بے نظیر عکس العمل جو اقبال کے متعلق میں نے گذشتہ سات سال کے عرصہ میں دیکھا ، سنا یا پڑھا اپنے ھم وطنوں کے لئے ثبت و ضبط کردوں ۔ تاکہ یہ ابتدائی اور شیریں یادگاریں فراموش نہ ھوجائیں .

اقتباسات اور ترجمہ

مؤلف نے زیادہ تر ایسے مقالات اور منظومات سے اقتباس نقل کئے ھیں جنکو یا تو تاریخی اھمیت حاصل ھے یا ایران کے مختلف علمی، ادبی اور سوشل حلقوں کے خیالات اور تأثرات کی نمائندگی کرتے ھیں —

اس کے علاوہ کوشش کی گئی ھے کہ ایرانی ادبا کے تعریفی ، تقریظی اور تنقیدی ریمارکس (اظہارات) کے ساتھ ساتھ انکے مخصوص ذوق شعری اور انکی مخصوص پسند کے نمونے بھی پیش کئے جائیں تاکہ قارئین اقبال کے شعر معنوی اور غنائی پہلوؤں کو ایرانیوں کی نظر سے جانچ سکیں —

ہوئے ہیں اور اس لئے ایرانی (جیسا کہ اقتباسات مشمولہ سے ظاہر ہے) پاکستان کو (معنوی دنیا میں) ایران اور ایران کو پاکستان خیال کرتے ہیں —

امید ہے کہ یہ کتاب پاکستان اور ایران کے درمیان حسن تفاہم اور قدیم یگانگت اور ہم آہنگی پیدا کرنے اور اپنے مشترک مفاخر میں دلچسپی بیدار کرنے میں مفید ثابت ہوگی —

قطعات نثر و نظم کے ترجمہ میں عموماً اصل متن کی طرز بیان کو ملحوظ رکھا گیا ھے اور آزاد ترجمہ سے حتی‌المقدور پر ھیز کیا ھے۔

اس میں کچھ شک نہیں کہ آزاد ترجمہ نسبتا رواں‌تر ھو سکتا تھا مگر فارسی اردو کے متون کو ایک دوسرے کے قریب رکھنے سے مؤلف کی پیش نظر یہ امر بھی تھا کہ ایرانیوں کی اردو میں روز افزوں دلچسپی کے پیش نظر یہ کتاب انکو اردو سے آشنا کرانے میں بھی مفید ھو سکتی ھے۔ وہ فارسی رسم‌الخط میں بغیر کسی کی مدد کے اردو پڑھ سکیں گے اور بہت سے غیر مانوس ھندی الفاظ کے معنی فارسی متن کی مدد سے خود بخود ان پر واضح ھو جائیں گے۔ مؤلف کی مذکورہ بالا توضیح اس کے چند سالہ تجربہ پر مبنی ھے اور اسوقت ایرانی ادبا میں سے کئی ایک نے اردو کی ادبی زبان کو بغیر کسی معلم کی مدد کے، پڑھنا تو نہیں ، سمجھنا سیکھ لیا ھے اور اغلب حالات میں صرف حروف اور چند ایک 'افعال' کی تشریح انکی رھنمائی کے لئے کافی ثابت ھوئی ھے۔

معمولاً فارسی متن کو اردو کے بالمقابل لکھنے کے بجائے زیر حاشیہ درج کیا گیا ھے تاکہ قارئین کی توجہ ایک وقت میں ایک ھی متن پر متمرکز رھے۔

پاکستانیوں کی نگاہ میں ایرانی عزیز اور گرامی ھے اس لئے نہیں کہ وھاں الوند ، دماوند و بیستون موجود ھیں ، بلکہ اس لئے کہ یہ خاک سعدی و فردوسی و مولوی و حافظ کا وطن ھے۔ اسیطرح ایرانی پاکستان کو محبت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے ھیں کیونکہ یہ اقبال کا وطن ھے۔ بقول کاظم رجوی ، مولوی اور سعدی اور حافظ اقبال کی شکل میں نمودار

بہار اور اقبال

جیسا کہ تمہید میں بیان کیا گیا ہے ایران میں اقبال کے سب سے قدیمی دوست اور مداح سید محیط طبا طبائی اور سعید نفیسی تھے - لیکن سب سے پہلے رسمی طور پر اور ملت ایران کے نمایندہ کی حیثیت سے جس شخص نے اقبال کو خراج تحسین پیش کیا وہ ایران معاصر کا سب سے بڑا شاعر، ادیب اور فن شعر و نثر کا سب سے بڑا ماہر ملک الشعراء محمد تقی بہار تھا - اس لئے نہ صرف ترتیب وقت کے لحاظ سے بلکہ بہار کی غیر معمولی علمی اور ادبی اہمیت کے پیش نظر ذیل میں "خطاب بہ ہند" نقل کیا جاتا ہے جس میں ہندوستان میں فارسی شاعری کی تاریخ بیان کرتے ہوئے بہار نے اقبال کا ذکر کیا ہے اس کے بعض اشعار پر تضمین اور اس کے رنگ میں کچھ شعر کہے ہیں -

جیسا کہ نظم سے ظاہر ہے بہار نے جس عشق اور عقیدت کا اظہار ہندوستان سے کیا ہے وہ ہندوستان کی اس تاریخ سے وابستہ ہے جو فارسی ادبیات و فرہنگ سے متعلق ہے بہار نے خطبہ صدارت میں بھی صاف طور پر کہا ہے :

"من داستان پارسی گویان هند بیان کردم و نام شاعران و صاحبدلان و شهریاران و شهربانوان ادب دوست را بمیان آوردم و نتیجه آن منظومه

بہار اور اقبال

جان فدای آن نمک زار سیاه
بی نمک آنجا نمیروید گیاه

میری جان اس سیاہ رنگ نمک زار کے قربان ہو، وہاں تو سبزی بھی بے نمک نہیں اگتی ۔

فکر ہا رنگین و رنگین خو یہا
رنگ بیرنگی عیان بر رویہا

ہند کے افکار اور عادات سب رنگین ہیں ، اور اس کے چہرے پر بیرنگی کا رنگ عیاں ہے۔

لشکر یونان ازآنجا رم گرفت
عبرت از کار بنی آدم گرفت

یونان کا لشکر وہاں سے لوٹا اور اس نے بنی آدم کے اعمال سے عبرت حاصل کی ۔

شد عرب در ہند و وحدت پی فگند
عاقبت آنجا عرب ہم نی فگند

عرب ہند میں پہنچے اور وحدت کی بنیاد رکھی لیکن آخر عرب بھی وہاں سے لوٹنے پر مجبور ہوئے ۔

ترک آنجا ترکی از سر وا گرفت
فارسی بود آنکه آنجا پا گرفت

ترکوں نے وہاں ترکی ترک کردی، فارسی ہی تھی جس نے وہاں اپنے قدم جمائے ۔

بلبل فکرم خوشں آوائی نمود
طوطی طبعم شکر خائی نمود

میرے افکار کی بلبل نے خوش الحانی سے گانا شروع کیا ، میری طوطی طبع نے شکر بکھیرنی شروع کردی۔

دل اسیر حلقهٔ زنجیر هند
جاں فدای خاک دامن گیر هند

میرا دل هند کی زنجیر کے حلقے میں گرفتار هے، میری جان هند کی دامن گیر خاک کے قربان هو۔

بس ملاحتها دران خاک و هواست
هند را کان نمک خواندن رواست

اس کی خاک میں بیشمار ملاحتیں موجود هیں، اسلئے هند کو کان نمک کہنا مناسب هوگا۔

آن نمک زاری که خاکش عنبر است
خار او چمپا خسش نیلوفر است

یه وه نمک زار هے جهاں کی خاک عنبر هے ، اس کے کانٹے گل چمپا اور اس کی خس گل نیلوفر کی مانند هے۔

هر که رفت آنجا نمک پالوده شد
سادگی افگند و رنگ آلوده شد

جو وهاں گیا نمک میں آلوده هوگیا، سادگی اسنے چهوڑ دی اور رنگینی اختیار کی -

گرچه گندم گون و میگون آمدیم
هر دو از یک خمره بیرون آمدیم

اگرچه ہم اور ہندی گندم گوں اور میگوں ہیں، ہم دونوں ایک ہی خمرہ سے نکلے ہیں -

چون دیوژن خم نشینان حقیم
وز فلاطون و دیوژن اسبقیم

ہم دیوژن کی طرح حق کے خم میں پناہ گزیں ہیں اور ہم افلاطون اور دیوژن سے قدیم تر ہیں ۱

ساغری گیر از مئی عرفان ہند
نوش باد پارسی گویان ہند

ہند کی مئے عرفان سے بھر کر ساغر ہاتھ میں لو. ہند کے فارسی گو شاعروں کی شراب نوش کرو۔

یادی از مسعود سعد راد کن
بعد یاد رونی استاد کن

عالی مقام مسعود سعد کو یاد کرو، پھر استاد رونی کو یاد کرو۔

آنکه چون سعدی سخن گوی نواست
بلبل گلزار دهلی خسرو است

اور وہ جو سعدی کی مانند شعر سرا ہے، دہلی کے باغ کا بلبل خسرو ہے -

---

۱ — افلاطون اور دیوژن قدیم یونان کے مشہور فیلسوف ہیں -

ایزدی بود آشنائی های ما
آشنا داند صدای آشنا

هماری هندسے آشنائی خدا کی طرف سے تھی، آشنا ھی آشنا کی آوازکو پہچانتا ھے ۔

هند و ایران آشنایان هم اند
هر دو از نسل فریدون و جمند

هند اور ایران باهم دوست هیں دونوں فریدون اور جم کی نسل سے هیں (یعنی آریائی هیں) ۔

آنکه گندم خورد و دور از خلد ماند
در سراندیپ آمد و گندم فشاند

وہ جس نے گندم کھالی اور جنت سے نکالا گیا (حضرت آدم) وہ سراندیپ میں پہنچا اور وهاں گندم کی کاشت کی ۱

خاک هند از خلد دارد بهره ها
رنگ آن گندم عیاں بر چهره ها

پس هند کی خاک نے جنت سے بهره برداری کی اور اسی گندم کا رنگ هندیوں کے چہرہ پر ظاهر ھے ۔

---

۱ — اشارہ ھے اس قصہ کی طرف کہ حضرت آدم نے پہلے پہل سراندیپ (جنوب هند) کے جزیرے پر نزول فرمایا ۔

با کلیمش ساحران را نیست تاب
کس نگفت آخر سه بیتش را جواب

اسکے کلیم کا کوئی ساحر مقابلہ نہیں کرسکتا ، کسی نے اس کی سہ بیتی کا جواب نہیں دیا - ۱

از نظیری و ظهوری دم مزن
هند و ایران را دگر برهم مزن

نظیری اور ظهوری کی بات مت کرو ، اور هند اور ایران کو جدا مت کرو -

گر ز تبریز است یا از اصفهان
هست صائب طوطی هندی زبان

خواہ وہ تبریز سے متعلق ہے یا اصفہان سے ، صائب طوطی ہندی زبان ہے -

---

۱ — بہار کا اشارہ کلیم کے مندرجہ ذیل تین اشعار کی طرف ہے ! —

بدنامی حیات دو روزی نبود بیش
آنهم کلیم با تو بگویم چسان گذشت

یک روز صرف بستن دل شد باین و آن
روز دگر بکندن دل زین و زان گذشت

طبعی بهم رسان که بسازی بعالمی
یا همتی که ازسر عالم توان گذشت

خمسه خسرو که تقلیدیست فرد
با حکیم گنجوی جوید نبرد

خسرو کا خمسه تقلید کا لاجواب نمونه هے ، جو حکیم گنجوی کا مقابله کرتا هے ۔

طبع پاکش مایه دار فکر بود
صد هزاران بچه زاد و بکر بود

اس کی طبع پاک تخیلات کی مایه دار تھی، اس کے بطن سے لاکھوں بچے تولد هوئے اور وہ پھر بھی باکرہ رهی۔

بزم اکبر شد ز فیضی فیض یاب
دکن از بوالفضل و فیضی یافت آب

اکبر کی بزم فیضی سے فیض یاب هوئی ، دکھن کو ابوالفضل اور فیضی کے دم سے آبرو ملی ۔

با حسن صد لطف و گرمی توام است
در کلامش آتش و گل باهم است

حسن کا کلام سراسر لطف و گرمی هے، اس میں هم آتش اور گل کو ایک جگه دیکھتے هیں ۔

طبع عرفی خوش بمضمون راه جست
داد — داد لفظ و معنی را درست

عرفی کی طبع نے مضمون کی طرف خوب راسته نکالا ، اس نے لفظ اور معنی کی خوب داد دی ۔

رشک غزنین گشت بزم اکبری
نغمه خوان هر سو هزاران عنصری

بزم اکبر رشک غزنین بن گئی ، ہر طرف ہزاروں عنصری جیسے شاعر نغمہ خواں تھے -

بزم نورالدین گلستانی دگر
در گه نورجهان جانی دگر

بزم نورالدین (جہانگیر) ایک نیا گلستان تھا اور نورجہاں کی درگاہ ایک نئی روح کی حامل تھی -

بذله گو از شاه تا بانو همه
پیش یک مصرع زده زانو همه

بادشاہ سے لیکر خواتین تک سب بذلہ گو تھے اور ایک مصرع کے سامنے وہ دو زانو تھے -

جوش ایهام و مثل چون موج آب
نکته بر هر موج خندان چون حباب

شعر میں ایہام اور تمثیل موج آب کی طرح رواں تھی اور ہرہر موج پر حباب کی مانند نکتے مسکرا رہے تھے -

کار تاریخ و تتبع تازه گشت
صنعت انشاء بلند آوازه گشت

تاریخ نویسی اور تتبع کا کام تازہ ہوگیا ، فن تحریر کی صنعتوں کو شہرت نصیب ہوئی -

خاک ،،آمل،، دامنش از دست داد
لاجرم طالب بهندوستان فتاد

آمل کی خاک نے طالب کا دامن چھوڑ دیا ، اور وہ ہندوستان پہنچ گیا ۔

چون کسی را صنعتی غالب بود
میشتابد هر کجا طالب بود

جب کسی کو کسی صنعت پر تسلط حاصل ہو ، تو وہ وہیں جاتا ہے جہاں اس کا کوئی طالب ہو ۔

از همایون گیر تا شاه جهان
شاعران را بود هند آرام جان

ہمایوں کے زمانے سے شاجہاں تک شاعروں کے لئے ہند آرام جاں تھا ۔

هند بازار خرید ذوق بود
هند یکسر عشق و شور و شوق بود

ہند ذوق شعر کا خریدار تھا ، ہند سراسر عشق و شور و شوق تھا ۔

صنعت و ذوق هنر ترکیب یافت
کاروانها جانب دهلی شتافت

صنعت اور ذوق ہنر آپس میں مل گئے اور قافلے دہلی کی جانب روانہ ہوگئے ۔

بس روان شد کاروان در کاروان
تنگهای دل پر از کالای جان

بیشمار کاروان ایک دوسرے کے پیچھے روانہ ہوگئے ، ان کے دل بغچے روحانی مال و متاع سے پر تھے ۔

نیست گر دهلی ز اکبر پر خروش
میزند هر گوشه دیگ علم جوش

اگرچه اب دهلی اکبر کے زمانے کی طرح پر خروش نہیں، هر گوشه میں دیگ علم میں ابال آرها هے -

ور نمیخندد بهر گل صد هزار
باز نالد قمرئی بر شاخسار

اگرچه هر پهول پر اب سینکڑوں بلبلیں مسکرا نہیں رهیں، پهر بهی شاخساروں سے قمری کے نالے کی آواز آرهی هے-

غالبی آمد اگر شد طالبی
شبلی هست ار نباشد غالبی

اگر طالب رخصت هوا تو غالب آ گیا اور اگر غالب نہیں تو شبلی هے۔

بیدلی گر رفت اقبالی رسید
بیدلان را نوبت حالی رسید

اگر بیدل رخصت هوا تو اقبال پہنچ گیا، اور بیدلوں میں حال کی حالت پیدا هوئی -

هیکلی گشت از سخنگوئی بپا
گفت کل الصید فی جوف الفراء

شعر نے ایک هیکل کی شکل اختیار کرلی اور کہا ,,تمام شکار گورخر کے پیٹ میں هیں،، یعنی شعر کی تمام خوبیاں مجھ میں موجود هیں -

در لغت فرهنگ ها پرداختند
لعبها در دین و حکمت باختند

زبان کے لئے انہوں نے فرہنگ تیار کئے اور دین و حکمت کے مسائل پر کام کیا۔

کار نقاشی بسی بالا گرفت
خوش نویسی پایه والا گرفت

نقاشی کے کام نے ترقی کی اور خوش نویسی کا معیار بلند ہوگیا۔

صنع معماری بسی پیرایه یافت
ذوق حجاری فراوان مایه یافت

معماری کی صنعت نے گونا گوں ترقی کی، فن حجاری نے بہت اہمیت حاصل کی۔

ثروت و جاه و رفاه و خرمی
صلح و عیش و خوشدلی و بیغمی

ثروت و جاہ و رفاہ و خوشی اور صلح و عیش خوشدلی اور بے غمی

چشم شور اختران راخیره کرد
هر طرف خصمی برایشان چیره کرد

کو دیکھکر ستاروں کی آنکھیں خیرہ ہو گئیں اور ستاروں نے ہر طرف سے دشمنوں کو اکسانا شروع کیا۔

نیست گر آن کر و فر نظمی بپاست
رفت اگر آن کیف کیفیت بجاست

اگر چہ وہ کروفر نہیں پھر بھی کچھ نظم موجود تھا اگر وہ کیف رخصت ہوا اس کی کیفیت باقی رہی۔

باز دیگر چون ملک پران شوی
آنچه اندر وهم ناید آن شوی

تا کہ دوبارہ تو فرشتوں کی طرح پرواز میں آئے اور تو اس مقام پر پہنچ جائے جو وہم و گماں سے بھی باہر ہے۔

نکتہ ای گویم سخن کوتہ کنم
خاطر پاک ترا آگہ کنم

ایک نکتہ کی بات کہکر بات کو مختصر کرتا ہوں اور تیرے پاک دل کو اس حقیقت سے آگاہ کرتا ہوں ۔

شمہ ای در حال و استقبال تو
ہان نہ من گویم کہ گفت اقبال تو

تیرے حال اور مستقبل کے متعلق چند الفاظ کہتا ہوں ، لیکن میں نے نہیں ، تیرے اپنے اقبال نے کہا ہے ۔

زندگی جہداست و استحقاق نیست
جز بعلم و انفس و آفاق نیست

زندگی جہد و کوشش ہے ، محض زندہ رہنے کا حق بے معنی ہے ۔ اور حیات بجائے انفس و آفاق کے علم کے اور کچھ نہیں ۔

گفت حکمت را خدا خیر کثیر
ہر کجا این خیر را بینی بگیر

خدا نے حکمت کو خیر کثیر کہا ہے ، جہاں سے تجھے مل جائے اسے حاصل کرے۔

عصر حاضر خاصهٔ اقبال گشت
واحدی کز صد هزاران بر گذشت

عصر حاضر خاص طور پر اقبال کا زمانہ ہے، وہ فرد جو لاکھوں سے بازی لے گیا۔

شاعران گشتند جیشی تار و مار
وین مبارز کرد کار صد سوار

شاعر ایک شکست خوردہ فوج کی طرح تھے، مگر اس مبارزہ کرنیوالے نے سینکڑوں سواروں کا کام کیا۔

عالم از حجت نمی ماند تہی
فرق باشد از ورم تا فربہی

دنیا کبھی حجت سے خالی نہیں رہتی، (قدرتی) موٹاپے اور ورم میں فرق ہوتا ہے۔

تیغ همت را کن ای هند عزیز
با فسان جرأت و امید تیز

اے عزیز ہند، اپنی تیغ همت کو جرأت اور امید کی فسان پر تیز کر

صنعت و علم و امید و اتحاد
کسب کن تا وا رهی زین انفراد

صنعت و علم و امید اور اتحاد کو حاصل کر تاکہ اس افتراق و نفاق سے نجات پائے۔

همت از آمال کوچک باز گیر
تا فراز کہکشان پرواز گیر

چھوٹی چھوٹی امیدوں پر همت مت لگا کہکشان کی بلندیوں پر پرواز شروع کر -

این کسالات و تن آسانی بس است
تربیت آموز ، نادانی بس است

یہ تن آسانی اور بے همتی ختم کر، تعلیم حاصل کر، نادانی ختم کر۔

زندگی جنگست و تدبیر معاش
زندگی خواهی چو مردان کن تلاش

زندگی جنگ ہے اور تدبیر معاش ہے، اگر تو زندہ رهنا چاهتا ہے تو مردوں کی طرح جستجو کر۔

فقر و درویشی در استغنا نکوست
با غنا شو صوفی و درویش دوست

استغنا کے ساتھ فقر و درویشی اچھی ہے ،استغنا کو ہاتھ سے مت چھوڑ اور صوفی اور درویش کا دوست بن۔

فقر و درویشی تباهت میکند[1]
در دو عالم روسیاهت میکند

فقر و درویشی تمھیں تباہ کردیگی اور دونوں عالموں میں روسیاہ کردیگی۔

---

۱ —اشاره بحدیث شریف افقر سوادالوه فی الدارین و مراد فقر و تنگدستی است که مرد برای معیشت روزانه تهیدست بیچاره باشد و کارش بسوال بکشد —

غافل از اندیشهٔ اغیار شو
قوت خوابیده ای بیدار شو

دوسروں کا خیال اپنے دل سے نکال دے تو سوئی ہوئی قوت ہے، بیدار ہوجا۔

ناامیدی حربہ اہریمن است
پیششِ آفت و آسمانی جوشن است

ناامیدی شیطان کا حربہ ہے ، اگر تو آگے بڑھے تو آسمان تیرا جوشن بن جائیگا۔

جوشن امید را برخود بپوش
روز و شب تاجان بتن داری بکوش

امید کا جوشن پہن لے جب تک تیرے جسم میں جان ہے روز و شب کوشش کر۔

خویش را خوار و زبون کس مدان
در نبرد زندگی واپس مدان

اپنے آپ کو کسی کا خوار و زبوں مت سمجھ ، زندگی کی جنگ میں کمزور تصور مت کر۔

ایران کے مشرقی اور مغربی علاقوں میں ان الفاظ و لغات کے استعمال میں اختلا ف کی کیا وجہ ہے؟ عصر حاضر کے نکتہ سنجوں کا خیال ہے کہ چونکہ ہند اور ایران کے فارسی زبانوں کے درمیان براہ راست ارتباط منقطع ہو گیا تھا اور اس سر زمین کے شعرا نے زبان کو محض کتابوں سے سیکھا تھا، بعض اوقات فارسی زبان کے الفاظ استعمال کرتے ہوئے اردو زبان کے مطالب و معانی انکے پیش نظر ہوتے تھے اس لئے ایران اور ہند کے طرز بیان میں یہ فرق وجود میں آگیا ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ دو سو سال سے اسطرف زبان فارسی میں بنیادی تبدیلیاں وجود میں آئی ہیں —

نادر شاہ کی موت کے بعد ہند کے اوضاع میں گڑبڑ پیدا ہو گئی

غلام علی آزاد بلگرامی و سراج الدین آرزو در آثار ادبی خود باینگونه مباحثات و مناقشات ادبی غالباً اشاره کرده اند

علت این اختلاف تعبیر و تفاوت استعمال لغات در خاور و باختر فلات ایران چیست؟ برخی از نکته سنجان حاضر چنین تصور میکنند که چون ارتباط مستقیم بین فارسی زبانان و هند و ایران قطع شده و گویندگان آن سر زمین زبان فارسی را از روی کتب آموخته و در استعمال لغات فارسی بیشتر بمعانی انتقالی از زبان اردو بفارسی توجه میکنند بدین سبب چنین تفاوتی در سیاق گفتار فارسی ایران و هند تولید شده است .

اما حقیقت امر اینست که زبان فارسی در ایران از دویست سال پیش بدینطرف دچار دو تحول اساسی شده است . نخست پس از مرگ نادر و بروز هرج و مرج در هند و ایران رشته ارتباط ادبی دیرینه بین دو

دوسری بات یہ ہے کہ یورپ کی زبانوں سے فارسی میں ترجمے ہونے لگے اور معاصر شعرا کی خارجی زبانوں سے آشنائی نے انکے طرز بیان اور اسلوب کلام پر اثر ڈال کر اسمیں نئی تبدیلی پیدا کر دی۔ ہندوستان کے فارسی زبان شعرا کو اس واقع سے بہرہ مند ہونے کا موقعہ نہیں ملا—

شعرا معاصر ایران اور ہندوستان کے مشہور شعرا کے طرز بیان میں تفاوت کے یہ ہی دو سبب ہیں—

وحید دستگردی مرحوم مدیر مجلہ ادبی ارمغان (جو خود ملک کے مشہور شاعروں میں سے تھے) اس تفاوت طرز بیان کو ہند کے شعرا کے کلام میں نقص تصور کرتے تھے اور اقبال کے متعلق گفتگو میں ایک دن مجھ سے بحث کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ابہام مضمون اور تعبیرات نامانوس جو ہمیں بہت نا پسند معلوم ہونی ہیں ہندوستان کے شعرا کی

نکتہ دوم آنکہ رواج بازار ترجمہ از زبان ہای اروپائی بفارسی و آشنائی غالب نویسندگان و گویندگان معاصر با یکی از زبان ہای بیگانہ در چگونگی بیان اسلوب کلام ایشان تحول جدیدی تولید کردہ کہ سخنوران فارسی زبان ہند را آن از نصیبی نیست.

این دو عامل مختلف سبب ایجاد تفاوت در بین روش گفتار سخنوران معاصر ایران و گویندگان بنام ہندوستان شدہ است.

مرحوم وحید دستگردی مدیر مجلہ ادبی ارمغان کہ خود از شعرای بنام کشور بود این پیش آمد را بر ای سخنوران ہند نقیصہ‌ای میدانست و راجع بشعر اقبال روزی با نگارندہ مناقشہ میکرد و میپنداشت کہ این ابہام مضمون و تعبیرات نامانوس فارسی کہ بنظر ما بسیار بعید و نامطبوع میآید

ایرانی شعرا نے عہد صفوی اور ہندی طرز کی شاعری کو چھوڑ دیا۔ اور کریم خان زند کے زمانے سے تو اصفہان کے شعرا نے سبک ہندی کے خلاف تحریک شروع کردی اور شعرا کی توجہ شعرای قبل از عہد مغول کی طرف مبذول ہو گئی ــ

هاتف، آذر و مشتاق، عاشق اور رفیق نے کھلم کھلا سبک ہندی کی مخالفت شروع کر دی۔ اسکے بعد نشاط، مجمر اور صبا اس مخالفت کو اصفہان سے طہران میں لے آئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ قاچاریہ دورہ کے شاعر دورہ صفوی کے شعرا کو چھوڑ کر متقدمین اور متوسطین کی پیروی کرنے لگے۔ قاچاریہ دورہ کے شعرا عہد سامانی، عہد غزنوی، سلجوقی کو تقلید و تتبع کی بنیاد قرار دیکر فرخی، عنصری مسعود و سنائی کی پیروی دورہ کرنے لگے ــ

تتبع آثار عہد صفوی و پیروی از سبک ہندی گامی ننہادہ اند بلکہ از دورہ کریم خان نہضتی بر ضد سیاق سخن ہندی در بین سخنوران اصفہان آغاز شدہ و سخنسرایان بآثار عصر قبل از مغول التفات پیدا نمودند .

ہاتف و آذر و مشتاق و عاشق و رفیق با سبک سخن ہندی علنا مخالفت ورزیدہ و نشاط و مجمر و صبا کنون این اختلاف را از اصفہان بتہران منتقل ساختند . چنانکہ سخنوران دورہ قاجاریہ یکبارہ از اقتفای سخنوران صفوی ببعد چشم پوشیدہ و در صدد تتبع کلام متقدمین و متوسطین بر آمدند .

شعرای دورہ قاچاریہ اسلوب فارسی سخنوران عہد سامانی و غزنوی و سلجوقی را اساس تتبع قرار دادہ طبع خویش را بتقلید از فرخی و عنصری و مسعود و سنائی وادار کردند .

طریقه کا مطالعه کرے، تو وه دیکھے گا که اقبال کا شعر اسی دلکش ادبی بوستان سے مربوط هے جسکا همارے دل اور هماری زبان سے پیوند اس غدار زمانے نے کاٹ دیا هے۔

جب انسان بیدل اور صائب کے دیوان کے مطالعه کے بعد اقبال کے کلام کو پڑھے تو اسکے اشعار میں کسی قسم کی بیگانگی اور ابہام احساس نہیں کرتا۔ ایک بڑی خوبی جو اقبال کو اس سبک کے پیش قدم شعرا سے ممتاز کرتی هے مضمون کی باریکی، اسکی معلومات کی وسعت اور بلند حقائق کا ادراک هے جو زمانے کی عمومی تعلیمی ترقی سے مربوط هے۔

اقبال چاهتا هےکه عصر حاضر کے متعلق اپنی اجتماعی اور فلسفی معلومات زبان فارسی کے اسی پرانے اسلوب بیان کے ذریعے ایران اور جزیرۂ نمائے هندوستان کے لوگوں تک پہنچائے۔

ورزد ، معلوم میشود سخن اقبـال از همان بوستان دلکش ادبی است که متاسفانه دست روزگار غدار پیوند الفت آنرا با دل و زبان و ما بریده است .

انسان وقتی از مطالعه دیوان بیدل و صائب بمطالعه آثار منظوم دکتر محمد اقبـال بگراید در سخن این شاعر هیچگونه غرابت لفظ و ابهام معنی نمی بیند و تنها صفت بارزی که اقبـال را از پیشقدمان این سبک ممتاز میسازد دقت مضمون و وسعت اطلاع و ادراک معانی بلند متناسب با پیشرفت فرهنگ عمومی عصر او میباشد .

اقبـال میخواهد حاصل معلومات اجتماعی و فلسفی عصر حاضر را با همان اسلوب معهود از راه زبان فارسی بمردم فلات ایران شبهه جزیره هندوستان انتقال دهد .

صحت کلام کی طرف بے توجہی یا بے خبری کا نتیجہ ھیں - اور انکو بالکل غلط تصور کرنا چاہئے ـــ

دوسری طرف مرحوم دستگردی جب اسی قسم کی تعبیرات اور مبہم معانی کو نظامی، خاقانی، یا امیر خسرو یا حسن کے کلام میں دیکھ پاتے تو ان شعرا کی مسلم استادی اور حد ادب کا لحاظ کرتے ہوئے کوشش کرتے تھے کہ انکا ابہام وغیرہ تشریح کرکے دور کر دیں ـــ

جب کوئی اھل مطالعہ شخص فارسی کلام کے رشتہ کو حکیم نظامی اور خاقانی کے زمانے سے امیر خسرو اور حسن دھلوی سے ملائے اور پھر جامی اور طاھر دکنی سے ملا کر اسی رشتہ کو طالب، کلیم، مسیحا، قدسی، صائب اور فیضی کی طرف کھینچ لائے اور پھر حزیں، بیدل و غنی و غالب سے ملا کر فصاحت و بلاغت اور کیفیت الفاظ اور مضمون بیان کرنے کے

نتیجهٔ عدم انس و توجه بصحت کلام فارسی و بعبارت دیگر حاصل بی اطلاعی گویندگان هند است و سراسر غلط بشمار میآید .

در صورتی که همان مرحوم وقتی در گفتار نظامی و خاقانی یا امیر خسرو و حسن نظیر این تعبیرات نا مانوس و معانی مبهم را مییافت باعتبار استادی گویندگان حد ادب را نگاهداشته بتفسیر و رفع ابهام آنها همت میگماشت .

اما وقتی شخص متتبع رشته کلام فارسی را از روزگار حکیم نظامی و خاقانی بعهد امیر خسرو و حسن دهلوی اتصال دهد و سپس با گفتار جامی و طاهر دکنی مربوط سازد و همین رشته را تا طالب و کلیم و مسیحا و قدسی و صائب و فیضی کشیده بآثار حزین و بیدل و غنی و غالب پیوندد و در میان فصاحت و بلاغت و کیفیت استعمال لغات و بکار بردن مضامین آنها استقصا

میں گذشتہ بیس سال کے عرصہ میں اقبال کے کلام سے آشنائی کے بعد بتدریج اس نتیجہ پر پہنچا ہوں۔ سالہا اس طرز بیان کے مخالفین سے میرا بحث و مباحثہ رہا لیکن آج میں دیکھتا ہوں کہ موجودہ سیاسی اور ادبی تحول کی وجہہ سے میرے نظریات ان لوگوں نے قبول کر لئے ھیں جو پانچ سال پہلے ان کو سننا بھی گوارا نہ کرتے تھے —

اھل ایران کو معلوم ھونا چاھئے کہ ھندوستانی مسلمانوں کے دلوں میں ھمارے ملک کو ھماری زبان اور ھمارے تمدن کو بہت بلند مرتبہ حاصل ھے۔ ملت ایران نے بھی اقبال کی تکریم اور تجلیل کر کے ھندوستان کے لوگوں پر ثابت کر دیا ھے کہ ھماری پرانی دوستی کو غیر ادبی ریشہ دوانیاں منحرف نہیں کر سکتیں —

*****
**
*

این نظری است که نگارند سطور از بیست سال پیش که با سخن اقبال آشنا شد متدرجا دریافت و پس از آنکه سالها با مناقشه و معارضه مخالفین آن اسلوب در تهران مواجه میشد . امروز مینگرد در نتیجهٔ ترکیب عوامل سیاسی و ادبی مورد قبول کسانی قرار گرفته که تا پنج سال پیش برای شنیدن چنین موضوع گوش شنوائی نداشتند .

اقبال اور سعید نفیسی

پروفیسر سعید نفیسی ایران کے ان چند مایہ ناز علماء و فضلاء میں سے ہیں
جن کو فارسی اور عربی کے علاوہ فرانسیسی اور روسی زبان پر پورا پورا تسلط
ہے اور جدید یورپین ادبیات و علوم سے اچھی طرح آشناً ہیں — نفیسی کی وسعت
مطالعہ کا اندازہ کچھ اس سے ہو سکتا ہے کہ انھوں نے مختلف صنف کے موضوعات
اور ادبی شعبوں کے متعلق قلم فرسائی کی ہے اور اب تک ان کی تألیفات اور
تصنیفات کی تعداد ۱۳۰ تک پہنچ چکی ہے —

جیسا کہ مقدمہ میں ذکر کیا جاچکا ہے علامہ اقبال کی نفیسی سے
خط وکتابت بھی رہی ہے - ذیل میں سعید نفیسی کی تحریروں اور تقریروں سے
کچھ اقتباس نقل کئے جاتے ہیں — سیعد نفیسی اپنے ایک مقالہ میں فرماتے ہیں -

*'' اقبال ہندوستان کے دوسرے فارسی گو شاعروں کی نسبت ایران سے
بہت زیادہ تعلق رکھتا ہے اور اس ملک سے اثر پذیر ہوا ہے - بعض معاصرین
نے اقبال کے فارسی شعر پر بحث کی ہے اور کہا ہے کہ اقبال اس
اسٹائل کا جو ہندی طرز کے نام سے مشہور ہے (اور جس کو ادبی
اصطلاح میں امپریشن ازم (Impresionism) کہنا بہتر ہوگا) کا آخری

متن فارسی یہ ہے

* اقبال قطعا خیلی بیش از شاعران فارسی زبان دیگر ہندوستان با ایران
مربوط است و از ایران ملہم شدہ است . برخی از معاصران کہ دربارۂ شعر
فارسی اقبال بحث کردہ اند گفتہ اند کہ وی آخرین شاعر بزرگ سبک
معروف بہندوستانی یا باصطلاح ادبی امپرسیو نیسم است .

استاد سعید نفیسی بر مزار اقبال (۱۹۵۶)

اپنی مثنوی اسرار خودی اور اس کے بعد مثنوی رموز بے خودی لکھی — اقبال نے خود اس کے متعلق کئی اشارے کئے ہیں — اسرار خودی کے مقدمہ میں کہا ہے ۱

پارسی از رفعت اندیشه ام
در خورد با فطرت اندیشه ام ۱

بعد میں مولانا جلال الدین اور شمس تبریزی کی طرف اشارہ کرتا ہے اور کہتا ہے ۲

شمع خود را همچو رومی بر فروز
روم را در آتش تبریز سوز ۲

کہیں کہیں اپنے اشعار میں ایران کی عظمت کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے۔

اقبال خود درین زمینه اشارات بسیار دارد: در مقدمهٔ اسرار خودی می گوید:

گرچه هندی در عذوبت شکرست
طرز گفتار دری شیرین ترست
فکر من از جلوه اش مسحور گشت
خامهٔ من شاخ نخل طور گشت

گاهی در اشعار خود اشارهٔ بسیار صریحی بعظمت ایران دارد و از آن جمله در قسمت اول پیام مشرق که ,, لالهٔ طور،، نام گذاشته جاودان ماندن ایران را چنین بیان میکند:

سکندر رفت و شمشیر و علم رفت
خراج شهر و گنج کان و یم رفت
امم را از شهان پاینده تر دان
نمی بینی که ایران ماند و جم رفت

بڑا شاعر ہے لیکن اگر اس کے اشعار پر غور کریں اور اس کے کلام کا ایران کے بڑے شاعروں سے مقابلہ کریں تو ہم دیکھیں گے کہ یہ بات درست نہیں اور معلوم ہوجائیگا کہ اقبال کا کلام امپریشن‌ازم کے طرز کے معروف شعرا مثلاً عرفی ، فیضی ، ظہوری ، نظیری ، بیدل ، صائب ، کلیم ، غالب اور دیگر شعرائے سے پورے طور پر شباہت نہیں رکھتا بلکہ زیادہ تر وہ ان شاعروں سے مشابہت رکھتا ہے جن کو سمبولیست کہتے ہیں اور اس طرز کے سب سے بڑے نمایندے سنائی، عطار و مولانا جلال‌الدین و عراقی و اوحدی و کمال خجندی ہیں — اس میں کسی شک کی گنجائش نہیں کہ اقبال اپنی جوانی کے زمانے سے ہی مولانا جلال الدین کی مثنوی سے متأثر ہوا اور ۱۹۱۰ ع میں ۳۴ سال کی عمر میں فارسی زبان میں شعر کہنا شروع کیا اور سب سے پہلے مولانا جلال الدین کی مثنوی کی تقلید میں

اگر درست اشعار او را با بزرگان شعرای ایران بسنجیم می بینم که این مطلب درست نیست و شعر اقبـال با اشعار شاعران معروف سبک امپرسیو نیسم مثلا عرفی و فیضی و ظهوری و نظیری و بیدل و صائب و کلیم و غالب و دیگران شباهت کامل ندارد بلکه بیشتر باشعار شاعرانی مانند است که ما باید آنها را سمبولیست بگویم و بزرگ ترین نمایندگان این سبک سنائی و عطار و مولانا جلال الدین و عراقی و او حدی و کمال خجندی اند .

تردیدی نیست که اصلا بزبان فارسی شعر گفتن اقبان بدان جهتست که در کودکی و جوانی از مثنوی مولانا جلال‌الدین ملهم شده و در ۱۹۱۰ میلادی در ۳۴ سالگی بشعر گفتن در زبان فارسی کرده نخست بتقلید از مثنوی مولانا جلال الدین پرداخته و مثنوی اسرار خودی را سروده و بلا فاصله درسال بعد مثنوی دیگر خود رموز بیخودی را در ۱۹۱۶ گفته است .

کی پہلی نظم ،، پیام ،، نہ صرف اس کے بے مثال شاہکاروں میں سے ہے بلکہ اس کے احساسات کو بھی بڑی خوبی سے بیان کرتی ہے اور بہترین طریقہ سے اس کے مقصد کو ادا کرتی ہے ۔ یہ اشعار اپنے اندر ایک خاص لطف رکھتے ہیں ،، از خطابه روز اقبال در سال ۱۳۳۰

،، روسی عصر ،، کے مقدمہ میں استاد سعید نفیسی فرماتے ہیں : —

* ،، دنیا کے سب سے کمسن مگر بہت قدیم تمدن و علم کے حامل ملک پاکستان پر خورشید جیسا چہرہ بہت جاہ و جلال سے چمک رہا ہے ۔ آسمان پاکستان پر چمکنے کے ساتھ ساتھ وہ اپنی روشنی ایران پر بھی ڈال رہا ہے ۔ اور یہ امر بالکل قدرتی ہے کیونکہ ایران و پاکستان نزدیک اور دیوار به دیوار همسائے ہیں اور آفتاب ہر دو گھروں کو ایک وقت روشنی دیتا ہے ۔

گذاشته و نخستین منظومهٔ آن قطعه ایست بعنوان ،، پیام،، که نه تنها از شاهکار های قطعی اوست بلکه معرف بسیار خوبی از همین احساسات اوست و به بهترین وجهی مقصودش را ادا میکند و لطف خاصی در این اشعارهست .

*بر فرهنگ و دانش بسیار کهنسال جوانترین کشور های جهان پاکستان سیمائی چون خورشید در اوج کمال میتابد. در همان زمن که بر آسمان پاکستان پرتو میفشاند بر آسمان ایران نیز فروغ میفگند . بسیار هم طبیعی است زیرا که پاکستان و ایران همسایگان دیوار بدیوارند و آفتاب هر دو خانه را که درکنار یکدیگر باشند باهم روشن میکند .

این خورشید فروغ جهانفروز محمد اقبال شاعر بزرگ پاکستان خود وارث نه صد سال سنن ادبی زبان فارسی در هند و پاکستان است پیش از او صدها نویسنده و سراینده زبان فارسی درین شبه قاره بزرگ آثار جاودانی از خود

اقبال کے اشعار کی ایک اہم خاصیت یہ ہے کہ اس کو مشرق کے مستقبل پر بہت اعتماد ہے اور نہایت صریح طور پر اس نے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ مغرب کی برتری اور تسلط کا دور دورہ ختم ہونے کو ہے اور اس کے بعد مشرق کے عروج اور تسلط کی باری ہے ۔ ہندوستان اور پاکستان کی آزادی اور شرق اقصی میں جو حالات پیش آرہے ھیں اس کی پیشگوئی کی تائید کرتے ھیں ۔ اقبال نے ایک جگہ صاف طور پر لکھا ہے :-

بیا که ساز فرنگ از نوا در افتاد است
درون پرده او نغمه نیست فریاداست

اقبال نے مشہور جرمن شاعر گوئٹے کے دیوان شرق کے جواب میں پیام مشرق لکھا ہے ۔ اس کے چہارمی حصے کا نام نقش فرنگ رکھا ہے اس حصے

خاصیت بسیار مهمی که در اشعار اقبـال هست اینست که اعتماد عجیبی بآیندهٔ مشرق زمین دارد و با کمال صراحت معتقد است که دورهٔ برتری و استیلای مغرب بسر رسیده و از این پس نوبت استعلای شرقست . حوادث این روزها نیز دارد پیشگوئی او را مسلم می کند . استقلال هندوستان و پاکستان و آنچه در شرق اقصی در شرف وقوع است آیا تا اندازه ای پیشگوئی های او را مسلم نمیکند؟ اقبـال جای دیگر صریحا میگوید :

بیا که ساز فرهنگ از نوا در افتاداست
درون پردهٔ او نغمه نیست فریاداست

اقبـال در دانشگاه های انگلستان و آلمان تحصیلات عالی کرده و درجهٔ دکترا در فلسفه را داشته و ناچار انگلیسی و آلمانی را بسیار خوب میدانسته و در مقابل دیوان شرقی و غربی گوته شاعر معروف آلمانی کتاب پیام مشرق را نوشته است . قسمت چهارم این کتاب را ,, نقش فرنگ،، نام

بخوبی انجام دیا اس کی تصنیفات برہان قاطع اور قاطع برہان کی طرح ہمارے سامنے موجود ہیں اقبال ایرانی مشائخ کی پسندیدہ اور محبوب روش کا پیرو ہے مگر اس کا تصوف جدید معارف اور فلسفہ اور مشرق اور مغرب کے نئے علوم سے گھل مل گیا ہے اور انیسویں صدی کا رنگ اس پر چڑھ گیا ہے ۔ اس کا تصوف جس قدر سنائی اور مولانا سے با خبر ہے اسی حد تک ہیگل ، کانت ، شوپنہاور ، نطشے و بودا کونفوسیوس وغیرہ سے آشنا ہے ۔

جس طرح پہلے بزرگوں نے مثنوی مولانا کو قرآن پہلوی کا نام دیا ہے — اسی طرح اگر ہم اقبال کی مثنوی کو مثنوی قرن حاضر سمجھیں تو مناسب ہوگا ۔ اس میں کسی بحث کی گنجائش نہیں کہ اقبال نہ صرف پاکستان و ایران کے زمانہ حاضر کی عظیم المرتبت ہستیوں میں سے ہے بلکہ وہ ان لوگوں

میگفت : (میگویم و می آیمش از عهده برون!) اینک آثار او چون برهانی قاطع و قاطع برهان در پیش ماست. وی پیرو همان روشن مأ لوف و پسندیدهٔ این مشایخ تصوف ایران در زبان فارسی بوده است منتهی تصوفی که کاملا با معارف جدید و فلسفه ها و حکمتهای نوین از شرق و غرب آمیخته شده و صبغهٔ قرن نوزدهم و بیستم میلادی را بخود گرفته است . تصوفی که بهمان اندازه که از سنائی و مولانا باخبر است بهمان اندازه هم از هیگل و کانت و شو پنهاور نیتچه و بودا و کونفوسیوسن وجنیا آگاهی دارد .

همچنان که پیشینیان مثنوی مولانا را (قرآن پهلوی) اصطلاح کرده اند آثار اقبال راهم باید (مثنوی قرن حاضر) بدانیم و بیهوده نیست که خود (زبور عجم) را در تسمیه یکی از کتابهای خود بکار برده است .

اس جہان میں روشنی اور نور پھیلانے والا خورشید پاکستان کا عظیم الشان شاعر محمد اقبال ہے جو نو سو سال کے ہند و ایران کے فارسی روایات کا وارث ہے۔ اس سے پہلے سینکڑوں شعراء اور مصنفین اپنی جاودانی تصنیفات چھوڑ گئے ہیں اور ان کے نام ادبیات فارسی میں خاص آب و تاب رکھتے ہیں ۔ لیکن محمد اقبال نے پہلے گذرے ہوئے اساتید کا مطالعہ کیا اور امپریشن‌ازم کی طرز شاعری (جو ہندوستان میں پرانی اور فرسودہ ہوچکی تھی) کا رخ سمبولیسم کی زیبا تر اور روشن تر روش کی طرف (جو کہ صوفیا یعنی سنائی ، فرید الدین عطار ، عراقی ، محمود شبستری وغیرہ کی طرز ہے) پھیر دیا ۔ اس روش کی غیر معمولی مشکلات کے باعث صدیوں سے تمام لوگ اس طرز شعر گوئی کو چھوڑ چکے تھے ۔ اسکی مشکلات نے لوگوں کو ڈرا دیا تھا اور کوئی جرأت نہیں کرتا تھا کہ حدیقة الحقیقة اور مثنویات عطار ، مثنوی مولانا و گلشن راز کے پہلو بہ پہلو اور ان کے برابر اپنی تصنیف پیش کرے۔

پاکستان کے اس ذہین و طباع شاعر نے یہ جرأت کی اور اپنا کام

گذاشته اندو نامهای شان در ادب فارسی فروزندگی خاصی دارد. اما محمد اقبال از آن کسانی بود که میبایست دفتر پیشینیان را در نوردد سبک معروف امپرسیونسیم شعر فارسی را که در هند کم کم فرسوده و مدروس شده بود بروش روشن تر و شیوا تر یعنی سمبولیسم مشایخ بزرگ تصوف ایران مانند سنائی و فرید الدین عطار و فخر الدین عراقی و جلال الدین بلخی و محمود شبستری باز گرداند. قر نها بود که دشواری فوق العاده این روش همه را از آن دور کرده احیانا ترسانیده بود و کسی جرائت نمیکرد دوش بدوش و سر بسر حدیقةالحقیقه و مثنویات عطار و مثنوی مولانا و گلشن راز بگذارد .

این نابغهٔ پاکستانی این دلاوری را کرد و از عهده هم بر آمد . گویا

*" بہار ۱۹۳۲ (میلادی) میں میرا ایک دوست زبور عجم کا نسخہ ہندوستان سے میرے لئے بطور ارمغان لایا ۔ اس کتاب کے مطالعہ سے مجھ میں عجیب احساسات پیدا ہوئے ۔ اور میں نے ایک شوق و شعف سے لبریز خط اقبال مرحوم کو لکھا ۔ خط بھیجنے کا سب سے قابل اعتماد ذریعہ ڈاکٹر محمد اقبال پروفیسر ادبیات فارسی پنجاب یونیورسٹی تھے، کیونکہ ان سے میری کئی سال سے خط و کتابت تھی ۔ یہ خط میں نے انہیں کے ذریعہ سے بجھوایا ۔ دو ماہ بعد اقبال مرحوم کا جواب آیا ۔ ہندوستان سے ایک مسافر مقامات مقدسہ کی زیارت کو آیا اور یہ خط لاهور سے میرے لئے لایا اور خط کے همراه پیام مشرق کا ایک نسخہ بھی جو اقبال نے میرے لئے بجھوایا تھا مجھکو پہنچا دیا ۔ اس دوسری کتاب کو پڑھنے کے بعد میں نے دوسرا خط اقبال کو لکھا اور اپنے شوق اور شعف کی شدت کا اس میں بیان کیا اس کے

---

*در بهار سال ۱۹۳۲ میلادی یک نسخه ازکتاب زبور عجم را دوستی از هندوستان بر ای من ارمغان آورد . از خواندن آن احساسات عجیب در من انگیخته شد . نامه ای پر از شوق و شعف بمرحوم علامه اقبال نوشتم و چون مطمئن ترین و سیله برای رساندن آن نامه مرحوم پرفسور دکتر محمد اقبال استاد ادبیات فارسی در دانشگاه پنجاب بود که از سالیان دراز با او مکاتبه و رابطه داشتم آن نامه را بتوسط او فرستادم . دو ماه پس از آن جوابی از مرحوم علامه اقبال رسید و مسافری که از هندوستان بزیارت عتبات می رفت آنرا از لاهور بر ای من آورده بود و نسخه ای از کتاب پیام مشرق را هم که مرحوم علامه اقبال برای من فرستاده بود ، رساند . خواندن این کتاب دوم باعث شد که باز نامهٔ دیگری بمرحوم اقبال نوشتم و نهایت شوق و شعف خود را در آن نامه بیان کردم و باز پس از دو ماه دیگر نامهٔ

میں سے ھے جن کا نام ھمیشه ادبیات کی تواریخ میں ثبت رھیگا اور جن کو مجدد ادبیات کا نام دیا جاسکتا ھے

اقبال کے دو خط استاد سعید نفیسی کے نام

اقبال کو ایران اور ایرانی ادبا اور فضلا میں قدرتاً دلچسپی تھی اور اس کو اشتیاق تھا که اپنے فارسی کلام کے متعلق ان کی رائے معلوم کرے مگر دونوں ملکوں کے درمیان کوئی باقاعدہ رابطه نه تھا ۔ پروفیسر نفیسی اس زمانے میں بھی ایران اور ایران سے باھر کے علمی، ادبی حلقوں میں شہرت رکھتے تھے۔ اقبال نے پروفیسر اقبال مرحوم کے ھاتھ مثنوی اور زبور عجم نفیسی کو بھجوائیں اور جب انھیں معلوم ھوا که ان کا پہلا مجموعه کلام ,,پیام مشرق،، پروفیسر مذکور کو نہیں پہنچا تو انہوں نے کسی اور ایران جانے والے مسافر کے توسط سے اس کتاب کا ایک نسخه بھی ان کو بھجوا دیا ۔ پروفیسر سعید نفیسی کے نام جو اقبال نے دو خط لکھے اس سے قبل ,,اقبال نامه،، میں شائع ھوچکے ھیں ۔ ذیل میں پروفیسر نفیسی کے تمہیدی نوٹ کے ساتھ درج کئے جاتے ھیں ۔

بدین گونه هیچ جای سخن نیست که اقبـال نه تنها از بزرگان پاکستان و از بزرگان عصر ماست بلکه از کسانیست که نامشان از تاریخ ادب بیرون نه خواهد رفت و ایشانرا بحق (مجدد ادبیات) نام نهاد .

میں نہیں پہنچی اس لئے پیام مشرق اسی ہفتہ آپ کی خدمت میں بھیج رہا ہوں ۔

والسلام با هزار احترام ،

نیاز کیش ،

محمد اقبال

۴ نومبر ۱۹۳۲ع

مخدوم مکرم دانشمند ،

آپ کا دوسرا خط جو نیاز مند کی عزت افزائی اور افتخار کے لئے آپ نے لکھا ہے کوئی سات آٹھ روز پہلے ملا ۔

یہ سنکر کہ زبور عجم کی طرح پیام مشرق ، بھی آپ جیسے دانشمند نے پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا ہے اور اس کے فارسی اشعار کو سراها ہے، میرے لئے سر بلندی کا موجب ہے ۔ جس طرح فضلاً و ادباً ایران کو مجھ سے

زبور عجم مرا بخدمت شما راه نبوده است و پیام مشرق را بهمین هفته بخدمت فرستاده میکنم . والسلام‌ع‌الف احترام نیاز کیش محمد اقبال

۴ نوامبر ۱۹۳۲

مخدوم مکرم دانشمند :

خط دست دیگر که بفخر و شرف این نیاز مند رقم زده شده بود بهمین هفت هشت روز شرف وصول داد . از اینکه پیام مشرق همچنان زبور عجم پسندیده خدمت مخدوم دانشوری آقای بوده است و سخن پارسی آنرا هم پسند داشته اید این نیاز مند را سر بلند میگرداند و هم چندان که دانشوران ایران

دو ماہ بعد اقبال کا دوسرا خط ایک اور مسافر کے ذریعہ جو ایران آیا مجھ تک پہنچا ۔،،

پہلا خط

۲۶ اگست ۱۹۳۲ ع

مخدوم دانشمند ،

آپ نے جو خط پروفیسر محمد اقبـــال کے ھاتھ بجھوایا تھا وصول ھوا ۔ کئی سالوں سے آپ کے ایران کو دیکھنے کی آرزو دل میں رکھتا ھوں اور اپنی زندگی کا واحد حاصل شعر فارسی کو سمجھتا ھوں اور یہ امر کہ آپ ایسے نامور عالم (جو ایران کے ذوق ادبی کے معیار کی حیثیت رکھتا ھو) نے میرا کلام پسند فرمایا ھے نیاز مند کے لئے فخر اور ھمت افزائی کا باعث ھے میرا خیال ھے کہ سوائے زبور عجم کے میری اور کوئی کتاب آپ کی خدمت

دوم مرحوم اقبـــال بوسیلهٔ مسافر دیگری که او هم بایران آمده بود بمن رسید .

خرداد ماه ۱۳۳۲

سعید نفیسی

۲۶ اوت ۱۹۳۲

مخدوم دانشمند :

خط دست آقای بوسیله سرکار پروفیسر محمد اقبـــال صاحب راهی کرده بودید حاصل شده سالهای دراز است که میل آرزوی ایران شما را در صمیم می پرورم و یگانه محصول ذره نمای وجود را سخن فارسی میدانم . اینکه سخن پارسیم مطلوب و مقبول همچون آقای دانشمند بنامی که میزان ذوق ادب ایرانست باشد مایهٔ فخر و دلداری این نیاز منداست. یقین دارم که جز از

اقتباس از سخزانی آستاد نقیسی بتاریخ ۲۶ فروری ۱۹۵۶ کراچی -

*میرے پاکستانی احباب بار بار مجھسے پوچھتے ہیں کہ اقبال کے متعلق ایران میں‌لوگوں کا کیا خیال ہے - ایرانیوں کی رائے اسکے سوائے اور کیا ہوسکتی ہے- اقبال کو وہ اسی نظرسے دیکھتے ہیں جس‌سے رومی اور حافظ کو-

ابتدائی سخن گوئی سے ایرانیوں اور پاکستانیوں کے دل میں ایک مشترک خیال اور ایک آرزو اور امید جاگزیں ہے - اس خیال اور آرزو کو ایک زمانے میں مولانا جلال الدین قونیہ میں سعدی شیراز میں ,,خیام نیشا پور میں بیان کرتے رہے - اسی خیال اور آرزو کا غالب نے دھلی میں اور قبال نے لاھور میں ترجمانی کی ہے - میرے پرانے دوست خواجہ عبد الحمید عرفانی نے تہران میں ایک بہت مفید کتاب ,,رومی عصر،، کے نام سے شایع کی ہے - اس نام سے بہتر نام اس کتاب کے لئے ممکن نہ تھا کیونکہ یقیناً اقبال کو آج سے بیس سال پہلے ہماری نگاہوں میں

---

*دوستان پاکستانی من مکرر از من پرسیده اند در ایران در باره اقبال چه عقیده دارند؟ چه عقیده میخواهید داشته باشند ؟ همان عقیده ای که دربارۂ فردوسی و حافظ دارند .

ایرانی و پاکستانی از روزی که در جهان سخن گفتن آغاز کرده اند همیشه یک فکر و یک آرزو و یک امید داشته اند . این فکر و آرزو و امید را وقتی مولانا جلال الدین در قونیه ، سعدی در شیراز و عمر خیام در نیشا پور ادا کرده اند و همان فکر را غالب در دهلی و اقبال در لاهور بزبان آورده است - دوست چندین ساله من خواجه عبدالحمید عرفانی در تهران کتاب بسیار پر مغزی بعنوان رومی عصر انتشار داده است . بهتر ازین ممکن نبود کسی عنوانی بر ای این کتاب پیدا کند زیرا که قطعا اقبال رومی بیست سال پیش

ملاقات کی خواهش هے اسی طرح یه نیازمند بھی ان سے ملنے اور ایران کو دیکھنے کی آرزو رکھتا هے لیکن ممکن هے که میری کمزوری اور علالت اس راه میں رکاوٹ پیدا کرے - کچھ عرصه بعد افغانستان کا سفر در پیش هے - اور میری آرزو هے که کسی دن اپنی آنکھوں سے ایران کو دیکھوں - اور دوسری خواهش جو میں خدا سے چاهتا هوں آپ ایسے شفیق اور مہربان دوست کی ملاقات هے -

والســــلام مع الاحترام

نیاز کیش

محمد اقبـــال

فروری ۱۹۲۵ میں استاد نفیسی اقبال اکیڈمی کی دعوت پر پاکستان تشتریف لائے اور مختلف جلسوں میں اقبال اور اُسکے مقام کے متعلق تقریریں کیں - ذیل میں اُنکی بعض تقاریر سے اقتباس درج کیا جاتا هے :—

میل و هوس دیدار این نیاز مند دارند این نیاز مند آرزوی ایشان و خاک ایران میکشد . ناتوانی و فسردگی خاطر تواند که خار راه گردد . چندی دیگر سفری بافغانستان در پش است و آرزوی آن دارند که باری چشم بایران باز کند . آرزوی دیگر دیدار آن مشفق مخدوم است که از الاسبحانه و تعالی می خواهد .

والسلامع الاحترام

نیاز کیش

محمد اقبال

افلاطون عالم اسلام میں ابن سینا اور مولانا جلال الدین نے اور آخری شخص جسنے وہ کام انجام دیا محمد اقبـال ہے ۔

اقبـال خود بھی اپنے اس آسمانی پیغام اور کام کو محسوس کرتا تھا ۔ ہم مسلمان حضرت خاتم النبیین کے بعد کسی پیغمبر کو تسلیم نہیں کر سکتے لیکن اقبـال کرامت اور ارشاد کے مقام سے بہرہ مند ہے اور اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا ۔

آج آٹھ کروڑ افراد پر مشتمل ایک قوم نہایت تیزی سے دنیا میں اپنی جگہ پیدا کر رہی ہے اور روز بروز ترقی اور تعالی کی طرف گامزن ہے ۔ آج سے چالیس سال پیشتر اور پاکستان آزاد کے قائم ہونے سے پہلے اقبـال نے اپنے آسمانی فرائض کے متعلق یوں کہا ۔

خوگر من نیست چشم هست و بود
لرزه بر تن خیزم از بیم نمود

کرده در عالم اسلام ابن سینا پس از آن مولانا جلال‌الدین کرد و آخرین کسی که اینکار را کرد محمد اقبـال بود .

اقبـال خود باین‌وظیفه آسمانی خود پی برده بود ما مسلمانان پس از حضرت ختمی مرتبت رتبه پیغمبری برای کس دیگر قائل نیستیم ولی کرامت و مقام ارشادی در اقبـال هست که نمیتوان آنرا نا دیده و ناشنیده گرفت .

امروز ملت بزرگی شامل هشتاد و چند ملیون مسلمان در جهان هست که با سرعت جای خود را در جهان باز کرده و با سرعت روز بروز بر مقام خود می افزاید . چهل سال پیش از این و نزدیک سی سال پیش از آنکه پاکستان استقلال از دست رفته خود را دو باره بدست آورد اقبـال این وظیفه آسمانی خود را بدینگونه ادا کرده است . خوگر من نیست چشم هست و بود الخ

رومی کا مقام حاصل ہے ۔ اقبال خود مولانا جلال الدین ہے جو رومی کے سات سو سال بعد پیدا ہوا ہے ۔ وہی افکار جو سات سو سال گذرے قونیہ (موجودہ مملکت ترکی) میں رومی کی زبان پر جاری تھے اسکے سات سو سال بعد سیالکوٹ میں اقبال کی شکل میں نمودار ہوئے —

میں اقبال کا مقام ایک پیشوا اور راہنما کا مقام سمجھتا ہوں ۔ شاعر عظیم کہلانے کا حق وہ شاعر رکھتا ہے جو زمانے کے اوضاع کو تبدیل کر دے ۔ آسمان کی گردش پر اسکو قابو ہو اور حوادث عالم میں انقلاب پیدا کر سکے ۔ دنیا کی تاریخ میں نئے حادثات وجود میں لائے ۔ میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ایسا کام انسان کی کئی ہزار سال کی تاریخ میں صرف معدودی چند افراد نے انجام دیا ہے ۔ قدیم یونان میں

ماست مولانا جلال الدین است که هفتصد سال پس از او آمده است . همان فکری که در قوینه در خاک ترکیه امروز مولانا را بسخن گفتن وا داشت هفتصد سال بعد در سیالکوت تار وجود و پود محمد اقبال را بهم بافته است .

تنها مطلبی که میخواهم اند کی درباره آن در حضور شما بحث کنم مقام پیشوائی و رهنمائی و ارشادیست که من بر ای اقبال قائلم . گوینده بزرگ آن است که مقتضیات زمانه را تغیر بدهد چرخ روزگار را بمیل خود بگرداند حوادث جهان را زیر و روکند . حادثه ای در تاریخ جهان فراهم کند و من با کمال جرأت میگویم که اینکار را در تاریخ چند هزار ساله بشر تنها چند تن کرده اند از ان جمله در یونان قدیم افلاطون اینکار را

اس پیغام کو اقبال ایک اور جگہ بیان کرتا ہے —

شعر را مقصود گر آدم گری است
شاعری هم وارث پیغمبری است

*دنیاے اسلام میں اقبال کو بہت بلند روحانی مقام حاصل ہے لیکن اسکی حکمت اور شاعری کا مقام اس سے کمتر نہیں . ایران اور پاکستان کی مشترک ادبی تاریخ میں بڑے بڑے شاعر پیدا ہوئے ہیں ـ اقبال کو انکے زمرے میں ایک امتیازی مرتبہ حاصل ہے ـ اور اسکو بلبل حکیمان یا حکیم بلبلان کا لقب زیب دیتا ہے ـ بڑے بڑے شعرا میں سے اکثر معنی کو لفظ پر قربان کردیتے ہیں اور انکی کوشش یہ رہی ہے کہ خوبصورت اور موسیقی دارالفاظ استعمال کریں ـ لیکن اقبال کی توجہ ہمیشہ بلند و لطیف و دقیق معانی کی طرف مبذول رہی ہے ـ اسکے خیالات حکمت کی دنیا کی بلندیوں میں پرواز کرتے ہیں اور اسکی ساری توجہ معانی پر متمرکز ہے ـ شعر کی

متن فارسی :

*ازین مقام روحانی که اقبال در عالم اسلام داشته است اگر بگزریم مقام حکمت و شاعری او کمتر از آن نیست . در فرهنگ مشترک ایران و پاکستان گویندگان بزرگ بسیار آمده اند و رفته اند . درمیان ایشان امتیاز بزرگی که اقبال دارد اینست که او را باید ,,بلبل حکیمان،، و یا ,,حکیم بلبلان،، لقب داد . اکثریت شعراء بزرگ معنی را فدای لفظ کرده اند یعنی بیشتر کوشیده اند الفاظ شیوه که بیان موسیقی در آنها باشد بکار برند اگر معنی حکیمانه درین الفاظ شیوا جا میگرفته است از گفتن آن دریغ نمیکرده اند چنانکه سعدی و حافظ اینکار را کرده و اکثریت شاعران پیرو این روش ادبی بوده اند .

بام از خاور رسید و شب شکست
شبنم نو بر گل عالم نشست
نغمه ام از زخمه بی پرواستم
من نوای شاعر فرداستم
نغمهٔ من از جهان دیگراست
این جرس را کاروان دیگر است
ای بسا شاعر که بعد از مرگ زاد
چشم خود بر بست و چشم ما کشاد
رخت ناز از نیستی بیرون کشید
چون گل خود از مزار خود دمید
عاشقم فریاد ایمان من است
شور حشر از پیش خیزان من است
چشمهٔ حیوان برا تم کرده اند
محرم راز حیاتم کرده اند
زره از سوز نوایم زنده گشت
پر کشود کر مک تا بنده گشت
سر عیش جاودان خواهی بیا
هم زمین و آسمان خواهی بیا

ان اشعار میں اقبال اپنے ان فرائض کو جو بحیثت ایک پیشوا اور رھنما کے اسی پر عائد ھوتے ھیں بیان کرتا ھے ۔ کیا ان اشعار میں اس نے پاکستان کے قیام سے پیشتر ھی پاکستان کا نقشہ پیش نہیں کردیا ۔

درین اشعار اقبال خود وظیفه پیشوائی و راهنمائی خود را بیان میکند. آیا در همین اشعار پاکستان را پیش از آنکه بوجود آید نساخته است؟

اور پھر کہا ہے :

شاعری زین مثنوی مقصودنیست
بت پرستی بت گری مقصود نیست
خرده بر مینا مگیر ای هوشمند
دل بذوق خردهٔ مینا ببند

مثنوی مولانا روم سات سو سال سے تمام دنیا کے مسلمانوں میں ,, قرآن عجم،، کے نام سے مشہور ہے کیونکہ قرآن مجید کے بعد ہم مسلمانوں نے کسی کتاب کا مثنوی کے برابر احترام نہیں کیا اور نہ کسی اور کتاب کا اتنا مطالعہ کیا گیا ہے............لیکن جس بات کی طرف توجہ ضروری ہے وہ یہ ہے کہ سینکڑوں بڑے اور چھوٹے شاعروں نے مثنوی کی تقلید کی ہے لیکن کسی کو بھی مثنوی سے وہ قرب میسر نہیں ہوا جو

مثنوی مولانا را از زمانهای بسیار قدیم یعنی از همان هفتصد و پنجاه سال پیش که درمیان مسلمانان همه جهان انتشار یافته ,, قرآن عجم،، نام داده اند زیرا که قطعا پس از مصحف شریف وکتاب آسمانی ما ، مسلمانان هیچ کتابی را مسلماً باندازه مثنوی نخوانده و محترم نشمرده اند . اشارات فروان اقبـال نبست بمثنوی در شعر فارسی و اردوی او باندازه ایست که تقریباً سراسر آثار وی را فرا گفته و یکی از جنبه های بسیار آشکار شعر اوست که همه میدانند .

اما نکته ای که باید بیشتر بان توجه کرد اینست که درمیان صدها شاعر بزرگ و کوچک که تقلید از مثنوی کرده اند هیچ کس باندازه اقبـال بآن نزدیک نشده است . نه تنها بسیاری است از عقاید و افکار مولانا را در شعر

مذکورہ بالا خاصیت خاص طور پر تصوف کے بلند مرتبہ شعرا مثلاً سنائی، عطار، مولانا و عراقی اور انکے پیرؤں کے کلام میں پائی جاتی ہے ۔ اقبال اس صنف شعر کی تکمیل کرتا ہے بلکہ بہتر ہوگا اگر اسکو ان معنی آفرین پیغمبر شعرا کا خاتم کہا جائے ۔ خود اقبال نے اس بات کی طرف نہایت لطیف اشارہ کیا ہے —

ذرہ ام مہر منیر آن منست
صد سحر اندر گریبان منست
خاک من روشن تراز جام جم است
محرم نا زادہ های عالم است
فکرم آن آہو سرفتراک بست
کو ہنوز از نیستی بیرون نجست
محفل رامشگری برہم زدم
زخمہ بر تار رگ عالم زدم
بسکہ ساز فطرتم نادر ونواست
همنشین از نغمہ ام نا آشناست
رم ندیدہ انجم از تابم ہنوز
ہست نا آشفتہ سیمابم ہنوز

اما اقبال همه جا نظر بمعانی بزرگ و لطیف و دقیق داشته چنان فکر او در آن محیط حکمت و در آن بالای آسمان سیر میکرده که همهٔ توجه خود را طرف معانی آسمانی کرده است . این خاصیت در شعر فارسی مخصوص بزرگان تصوف مانند سنائی و عطار و مولانا و عراقی و پیروان آنهاست و اقبال در این زمینه مکمل و اگر درست بخواهید خاتم این پیغمبران معنی آفرین است . اقبال خود این مطلب را با بیان بسیار لطیفی بدینگونه ادا میکند .

ذره ام مهر منیر آن منست (الخ)

وہ قومیں جنکو پیشوائی اور سروری کا مقام حاصل رہا ہے کوشش کریں اور اپنے کھوئے ہوئے مقام کو دوبارہ حاصل کریں۔ اس سے ظاہر ہے کہ اقبال صرف پاکستان یا ایران کا شاعر نہیں بلکہ تمام ملل اسلامی اور انکے بعد مشرق کی تمام قوموں کے لئے مبعوث ہوا ہے۔ اقبال کا یہ پہلو جو ہمارے لئے بڑی اہمیت رکھتا ہے اقبال کے کلام میں مخصوصاً پیام مشرق میں بہت نمایاں ہے۔ اقبال اپنے اس پیغمبرانہ اور ملہمانہ پیغام کو نہایت عالی، فصیح اور شاعرانہ طرز میں بیان کرتا ہے اور اسکا یہ پیغام تمام مسلمانوں کے لئے وصیت نامہ کا حکم رکھتا ہے،،

—— * ——

پیش ازین مقام سروری و پیشوائی داشته اند آن مقام از دست رفته را دوباره بدست بیاورند . اینجاست که اقبال تنها شاعر پاکستان یا شاعر ایران نیست بلکه برهمه ملل اسلام و بالا تر از آن برهمه ملل شرق مبعوث شده است و این جنبه بسیار مهم در آثار اقبال و مخصوصاً در پیام مشرق همه جا دیده میشود . گاهی این مقصد رسالت و نبوت و این عقیده حکیمانه خود را با بیان بسیار بلند شیوائی فصیح و شاعرانه ادا میکند که تقریباً حکم وصیت نامهٔ او را بر ای ما مسلمانان جهان دارد .

اقبـال کو۔ نہ صرف اقبـال نے بہت سے افکار اور عقاید (اپنے اردو اور فارسی کلام میں) رومی سے اخذ کئے ھیں بلکہ فارسی صنف شعر میں وہ رومی کے اسقدر قریب پہنچ جاتا ھے کہ اسکو ایک قسم کا معجزہ شمار کرنا چاھئے۔

اسکے بعد استاد سعید نفیسی اقبـال کی مندرجہ ذیل حکایات کی طرف اشارہ کرتے ھیں —

آن شنیدستی کہ در عہد قدیم
گوسفندان در علف زاری مقیم

اور

سید ھجویر مخدوم امم
مرقد او پیر سجزی را حرم

اور چند اشعار نقل کرنے کے بعد فرماتے ھیں کہ :

,,دیکھئے اقبـال اپنے صوفیانہ تصوف سے کتنا بلند نتیجہ اخذ کرتا ھے۔ اقبـال کے فلسفہ کا ایک مبہم پہلو یہ بھی ھے کہ زیردست قوموں کو چاھئے کہ اپنے آپ کو غیروں کے استیلا سے نجات دلائیں۔ مخصوصاً

اردوی خود بیان کرد، بلکہ در شعر فارسی گاھی باندازہای بمولانا نزدیک شدہ کہ این را نوعی از اعجاز باید دانست .

در بیان مقدمہ و شرح و مطلب و نتیجہ گرفتن از داستان و رسیدن بحقایق بلند نیز اقبـال پیرو روش خاص مولاناست .

ملاحظہ میفرمایند نتیجہ ای کہ اقبـال ازین فکر تصوف گرفتہ نتیجہ بسیار عالیست زیرا کہ یکی از مہمترین جنبہ ھای حکمت اقبـال اینست کہ ملل زیر دست باید خود را از استیلای این و آن برھانند و مخصوصاً آنہای کہ

جسے اسلام نے انا اکرما کم عنداللہ اتقاکم — کے لفظوں میں پیش کیا یا رسول اکرم کا قول کہ . . . . بعثت لاتمم مکارم الاخلاق ۔ تصوف کا انتہائی مقصد انسان کے بلند ترین تکامل کا حصول ہے ۔ انکے نزدیک عالی ترین مقام یہ ہے کہ انسان خدا میں فنا ہو جائے. صوفیوں نے قرآن کی آیت اللہ نورالسموات والارض،، (اللہ آسمان اور زمین کانور ہے) کی دلپذیر تعبیریں کی ہیں —

ایک بہت بڑے صوفی نے کہا ہے کہ انسان کو اس مقام پر پہنچنا ہے جہاں اسے سوائے خدا کی ذات کے کچھ نہ دکھائی دے ۔ اسطرح صوفیا ایک قسم کی،، فنا،، کے قایل تھے. اسی فنا کو بعض نے،، خدا میں جذب

قاین بودند همان دستوریست که شریعت مطهر اسلام داده است که ،،ان اکرامکم عنداللهاتقاکم،، و این گفته‌ٔ رسول اکرم است که فرماید ،،انی بعثت لاتمم مکارم الاخلاق،، علت غائی و نتیجه‌ٔ قطعی تصوف رسیدن بحد کمال بشریت است که می توان اصلاح (Perfectionism) را در بارهٔ آن وضع کرد. بزرگان تصوف ایران و پاکستان بفروع دین چندان اهمیت ندادهاند و همهٔ تعلیمات خود را صرف اصول دین کردهاند بهمین جهت توحید و وحدت وجود در نظر شان مهم ترین مقصد و مقصود تصوف است و اصول فلسفه (Monisme) را بحد کمال خود رسانده اند برخلاف فلسفه های دیگر شرق که بیشتر جنبه (Dualism) دارند بالا ترین حد کمال را درین می دانستند که وجود در وجود خدا مستهلک شود و این آیهٔ شریفه ،،اللهنورالسماوات والارض،، را توجیهات بسیار شیرین و بسیار جالب کرده اند. یکی از بزرگان تصوف می فرماید ،رسد آدمی بجائی که بجز خدا نبیند،، بهمین جهت صوفیاٌ ما بیک

اقبال کے کلام میں تصوف

۲۱ اپریل ۱۹۵۶ کو کراچی میں یوم اقبال کے موقع پر اپنے صدارتی خطبہ میں استاد نفیسی نے فرمایا :

* ,, اقبال کی شاعری کا سب سے مہم پہلو اسکا تصوف ہے۔ ہمیں فی‌الحقیقت اقبال کو ایک صوفی شاعر سمجھنا چاہئے اور اس لحاظ سے وہ ایران اور پاکستان کے صوفی شعرا سے مختلف نہیں ۔ گذشتہ ۹۰۰ سال کے عرصہ میں ایران اور پاکستان کے صوفیا نے عام لوگوں تک اپنے خیالات پہنچانے کی غرض سے فارسی زبان اختیار کی۔ صوفیا کی نگاہ میں زرتشتی ،عیسائی ، یہودی سب برابر تھے. وہ ہر فرد کو خدا کا سمبل یا ظل تصور کرتے تھے ۔ انسان اور انسان کے درمیان صرف ایک امتیاز کے قایل تھے

* درمیان جنبه های مختلف آثار اقبال قطعاً جنبه تصوف آن بر جنبه های دیگر برتری دارد. اصلا می توان اقبال را شاعر صوفی دانست و ازین حیث با سرایندگان دیگر تصوف ایران و پاکستان تفاوتی ندارد. بزرگان مشایخ تصوف ایران و پاکستان در نهصد و پنجاه سال پیش عمدا زبان فارسی را برای انتشار عقاید خود در میان عامهٔ مردم اختیار کردند. صوفیه بیش از هر فرقهٔ دیگر از فرق اسلامی توجه بعوام داشته و در ارشاد و هدایت ایشان می کوشیدند و بعیب خداوندان زور و زر اعتنا نمی کردند و حتی در مجالس وعظ و سماع خود تهی دستان را بالا دست توانگران می نشاندند . در نظر شان مسلم و هندو و گبر و ترسا و یهود یکسان بودند و هر موجودی را مظهر خالق می دانستند. تنها امتیازی که درمیان مردم

من کیم تو کیستی؟ عالم کجاست
درمیان ماؤ تو دوری چراست

(میں کون ہوں ،تو کون ہے، اور یہ دنیا کیا ہے .میرے اور تیرے درمیان فاصلہ کیوں ہے)

من چرا در بند تقدیرم بگو
تو نمیری من چرا میرم بگو

(میں کیوں تقدیر کی زنجیر سے بندھا ہوا ہوں تو نہیں مرتامیں کیوں مر جاتا ہوں)

اور اسکے جواب میں کہتا ہے :

زندگی خواهی خودی را پیش کن
چار سو را جذب اندر خویش کن

(تو زندگی چاھتا ہے تو اپنی خودی کی تربیت کر اور چار سو کو اپنے اندر جذب کرلے)

باز بینی من کیم تو کیستی
در جهان چون مردیو چون زیستی

(پھر تو دیکھے گا کہ میں کون اور تو کون ہے اور تونے دنیا میں کیسے زندگی گذاری اور کیسے مرا)

من کیم؟ تو کیستی؟ عالم کجاست
و جای دیگر فرموده است :
زندگی خواهی خودی را پیش کن

ہو جانے،، سے تعبیر کیا ہے - یہ تصور ہندؤوں کے ،،نروانا،، کے تخیل سے کچھ زیادہ مختلف نہیں حکیم سنائی نے کہا ہے کہ اگر تمھیں زندگی کی آرزو ہے تو مرنے سے پہلے مر جاؤ۔

صوفیا کے نزدیک ان مقامات تک سوائے کشف اور شہود کی راہ کے رسائی ممکن نہیں اور اس سفر کا صحیح مسافر وہ ہے جو یکے بعد دیگرے ان مقامات سے گذر کر تکامل روح کے آخری مقام پر پہنچتا ہے۔ اس دلچسپ اور مفید تصور کو جو انسان کی بہترین اور اعلی ترین صفات کو ظاہر کرتا ہے اقبال نے تصور خودی کا نام دیا ہے۔

اسکی فلسفیانہ شاعری کا سب سے پہلا شاہکار اسی لطیف تخیل سے متعلق ہے - اقبال ،،جاوید نامہ،، میں کہتے ہیں :

قسم فنا معتقد بوده اند که برخی از ایشان آنرا فنا فی الله نامیده اند و بی شباهت باصول نروانای هندیان نیست. سنائی می فرماید.

،،بمیر ای دوست پیش از مرگ اگر عمر ابد خواهی،،

این مراحل سلوک در نظر صوفیا جز بکشف و شهود فراهم نمی شود و سالک حقیقی آن کسیت که مراحل کمال را یک بیک بپیماید و بعروج نفس برسد.

اقبال این فلسفه بسیار جالب و مهم را (مقصود از فلسفه عروج نفس است) که قطعا عالی ترین فلسفه انسانی است فلسفه خودی نامیده است و سراسر نخستین شاهکار فلسفی او یعنی اسرار خودی بیان این نکتهٔ بسیار باریک و دقیق است در جاوید نامه می فرماید:

صفات کو مختلف پرندوں کی شکل میں پیش کیا ہے اپنے ارتقا کے سفر میں
بعض پرندے مختلف منزلوں پر رہ جاتے ہیں اور آخر میں پہنچنے والوں کو
تکمیل نصیب ہوتا ہے۔ منطق الطیر اسی صوفیانہ تخیل کا بیان ہے۔

پندرھویں صدی عیسوی کے مشہور ایرانی شاعر فضولی بغدادی نے
اسی خیال کو اپنی نہایت اچھی منثور کتاب مسافرت روح میں بیان کیا
ہے۔ ابوالعلا معری نے اپنے تصنیف الغفران میں اس مضمون کو انتہائی
شاعرانہ بلندیوں تک پہنچا دیا ہے —

یورپ کی زبانوں میں اسی طرز کا بہترین نمونہ اطالوی شاعر دانتہ
کی ڈیوائن کامیڈی ہے۔ انسانی معراج کے بیان کا لطیف ترین اور زیبا ترین نمونہ

فریدالدین عطار هر یک از مرغان را مظهر یکی از صفات بشری قرار داده و
از سفری که بوی کمال میکنند یک یک در راه می مانند و سرانجام بحد
کمال می رسند و کتاب منطق الطیر او بیان شاعرانه بسیار لطیفی از همین
فکرست . فضولی بغدادی شاعر معروف قرن پانزدهم ایران این مضمون را
در رسالهٔ بسیار لطیفی بنثر فارسی بنام ،، سفر نامهٔ روح ،، بیان کرده است .
ابوالعلاءٔ معری در رساله الغفران این مضمون را بحد اعلای شاعرانهٔ خود
رسانیده است.

در ادبیات اروپا نمونه کاملی که ازین بیان حکیمانه داریم و نخست
کمدی الهی دانته شاعر بزرگ ایتالیائی است.

جاوید نامهٔ اقبال که آخرین شاهکار اوست لطیف ترین تعبیرات شاعرانه
را درین زمینه دارد . روح وی در عروج بآسمان با ارواح بزرگان جهان مانند

اقبـال ایران اور پاکستان کے دوسرے بڑے صوفیوں کی طرح اسبات کو قبول کرتا ھے کہ ,,خودی،، کے بعد بیخودی کا مقام ھے - یہ وھی فلسفہ ھے جسکو صوفی جدائی اور فنا کہتے ھیں - پہلا درجہ خودی دوسرا بیخودی ھے - یہ خیال دنیای شعر میں زیبا ترین تصورات میں سے ھے اور اسکے نتیجہ کے طور پر متعدد بڑے بڑے شاھکار وجود میں آئے ھیں —

زر تشتیوں کی مشہور منظوم کتاب ,,ارتای و یراف نامک،، میں روح عالم سفلی سے سفر کرتی ھے اور بلندیوں سے گذر کر تکامل حاصل کرتی ھے۔ ایرانی صوفیوں نے اس خیال کو ایک فلسفہ ارتقا یا معراج روح بیان کیا ھے جسمیں روح ترقی کرتے کرتے خدا کی ذات میں مدغم ھو جاتی ھے عطار اسی تصورکو اپنی مثنوی منطق‌الطیر میں بیان کرتے ھیں۔ عطار نے مختلف انسانی

در نظر اقبـال مانند بزرگان تصوف ایران و پاکستان هر کس که باسرار خودی پی برد باید برموز بیخودی هم آشنا شود و آن همان فلسفه تجرید و فنای صوفیه است . پس مرحله نخستین خودی است و مرحله نهائی بیخودی . عروج نفس یا معراج نفس کـه هـمان وسیله‌ٔ ارتقا برای رسیدن برموز بیخودی است موضوع آخرین شاهکار اقبـال است . . . . . این مضمون یکی از لطیف ترین مضامین شاعرانه است که در سراسر جهان شاهکار های فراوان بوجود آورده است. در تعلیمات زر دشتی ایران منظومهٔ معروفی هست بنام ,,ارتای وبراف نامک،، که روح برای پیمودن مراحل کمال سفری بآسمان میکند و مراحل مختلف پستی را زیر پای گذارد تا باوج کمال برسد . بعدها صوفیهٔ ایران این مضمون را در تصوف بکار برده و ازان نتیجه برای رسیدن بکمال انسانیت و مخوشدن در الوهیت گرفته اند و سنائی منظومه معروف سیرالعبادالی‌المعاد را در همین زمینه سروده

صوفیوں کی تصنیفات مخصوصاً مثنوی مولانا روم ، گلشن راز از شیخ محمود شبستری اور آثار سید علی ھمدانی اور عراقی کا نہایت غور سے مطالعہ کیا ھے ۔

اسرار خودی، رموز بیخودی، جاوید نامہ اور اس کی آخری مثنوی پس چہ باید کرد ای اقوامِ شرق ، کو بیسویں صدی کی مثنوی کا درجہ حاصل ھے ۔ جیسا کہ ان چار مثنویوں کے مطالعہ سے ظاہر ھے فلسفۂ خودی کو قدیم صوفیا ؑ کی طرح صرف فرد تک ھی محدود نہیں کرتا بلکہ تمام اقوام اور ملل مشرق کو اس کے دائرہ میں لے آتا ھے۔ اس طرح اس نے قدیم صوفیوں کے روایتی "انفرادیت" کے تصور کو ایک زندہ اجتماعیت میں بدل دیا ھے اور اس کا بہت مبہم نتیجہ نکلا ھے۔ یعنی مشرق کے لوگوں کے دلوں میں خود اعتمادی پیدا ھورھی ھے ۔

مملکت آزاد پاکستان کا وجود میں آنا بہت حدتک اقبال کی تعلیم کا پھل ھے۔ میرے خیال میں پاکستان اقبال کے صوفیانہ تخیل کا ایک زندہ معجزہ ھے —

صوفیہ مخصوصاً مثنوی مولانا و گلشن راز شیخ محمود شبستری و آثار مخلصه میر سید علی همدانی و فخر الدین عراقی دانسته است. اسرار خودی و رموز بیخودی و جاوید نامه و حتی آخرین اثروی "پس چه باید کرد ای اقوام شرق" را میتوان مثنوی قرن بیستم و گلشن راز قرن بیستم دانست . درین چهار شاهکار خود اسرار خودی و فلسفه کمال پرستی یا (Perfectionism) را منحصر بافراد نکرده بلکه در اقوام و اجتماعات شرق نیز وارد کرده و نتیجه بسیار مهمی که از آن گرفته استقلال و اعتماد بخود ملل شرق است و جای شک نیست که همین تعلیمات اقبال پاکستان مستقل را بوجود آورد و استقلال پاکستان را میتوان از معجزات تصوف و فلسفهٔ اقبال دانست .

اقبال کا جاوید نامہ پیش کرتا ہے اقبال عالم بالا کیطرف سفر میں انسانی دنیا کی عظیم‌الشان شخصیتوں سے ملاقات کرتا ہے جسمیں زرتشت پیغمبر اسلام، مولانا جلال الدین رومی، عارف هندی جہان دوست، سید جمال‌الدین افغانی، سعید حلیم‌پاشا مہدی سودانی، حسین بن حلاج، قرۃالعین شاہ همدان، غنی کشمیری، احمد خان درانی اور حتی زمانہ قدیم کے ”خدا“ بھی شامل ہیں—

اقبال ان بزرگ شخصیتوں سے ملاقات کے دوران میں پیچیدہ اور دقیق اور لطیف فلسفانہ اور عارفانہ نکات کے علاوہ سوشل اور سیاسی مسائل بھی زیر بحث لے آتا ہے۔ اس لئے ہمیں جاوید نامہ کو تصوف کی آخری کتاب کی حیثیت سے قبول کرنا ہوگا ۔ اور اقبال نہ صرف تصوف کے بلند ترین شارعین میں شمار ہوگا بلکہ ماننا پڑیگا کہ وہ ایران اور پاکستان کے صوفیانہ طرز فکر کا آخری بڑا نمائیندہ ہے۔

اقبال کے کلام کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے بڑے بڑے

زردشت ، رسول اکرم و رومی و یک عارف هندی بنام ”جہان دوست“ و سید جمال الدین افغانی سعید حلیم پاشا و مہدی سودانی و حسین بن منصور حلاج و میر سید علی همدانی وغنی کشمیری و نادر شاه و ابدالی و حتی با ارباب انواع قدیم رو برو می شود و او درمکالمه ایکه با هر یک کرده است ، نه تنها مسائل دقیق حکمت و عرفان را طرح میکند بلکه بمسائل اجتماعی نیز می پردازد . بهمین جهت جاوید نامه را می توان آخرین اثر تصوف درین زمینه دانست و اقبال را یکی از راهنمایان بزرگ تصوف بلکه آخرین مرد بزرگ تصوف ایران و پاکستان شمرد .

مطالعه در آثار اقبال می رساند که وی ممارست کامل در آثار بزرگان

بیدل ، غالب ، وغیرہ نے امپرشنزم (Impressionism) طرز کی شاعری کی ترقی میں حصہ لیا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ شعر سے وہ روانی اور سادگی جو صوفیانہ خیالات کے بیان کے لئے لازم ھے رخصت ہوگئی ۔ بیدل کا کلام تو خاص طور پر صرف ان لوگوں کے لئے مخصوص ہوگیا جو فن شاعری کے تمام پہلوؤں اور نکات سے آشنا ھیں ۔

اقبال نے اس طرز بیان کے نقص کو محسوس کیا اور اس نے دوبارہ شاعری کو صوفی مکتب کی مخصوص سادہ بیانی اور روانی عطا کی ۔ اقبال کے پیغام کے مخاطب مشرق کے لوگ اور خاص کر مسلمان ھیں ۔ اقبال کی شاعری نے پہلے اهالی پاکستان کو بیدار کیا اور پھر اهل ایران کے دلوں میں جنبش پیدا کی اور اب اقبال کا اثر ان لوگوں میں بھی پھیل رہا ھے جو فارسی

فغانی، عرفی، فیضی، ظهوری و نظیری طالب آملی و غنی و کلیم و صائب بیدل و غالب امپرسیونسیم را ترقی فوق‌العاده دادند و نتیجه آن این شد که شعر از آن روانی و سادگی که برای فهم مسائل دقیق و لطیف تصوف لازم است افتاد و مخصوصاً در شعر بیدل اختصاص بکسانی پیدا کرد که از جمله رموز شاعری آگاه باشند .

اقبال بهتر از همه متوجه این عیب شده و دوباره شعر را بهمان سادگی و روانی سمبولیسم (Symbolism) بر گرداند زیرا که مخاطب او همه مردم کشور های شرق و اسلام از پیر و جوان و زن مرد و بودند و همین سبب شد که شعر اقبال همه مردم پاکستان و پس ازان مردم ایران را تکان داد و اینک روز بروز نفوذ آن درمیان مردی که فارسی زبان نیست بیشتر می شود ۔.

خالص ادبی نقطه نظر سے دیکھا جائے تو بھی اقبال کا شمار بزرگ ترین صوفی شعراء میں ہوتا ہے اس خیال کے مدنظر کہ ان کے خیالات عام لوگوں کو آسانی سے سمجھ آجائیں صوفی شعرا عموماً سمبل (یا شرحی اشارات) کا استعمال کرتے رہے ہیں ۔ یہ طرز شعر گوئی گیارھویں صدی میں پہلے صوفی شاعر ابو سعید ابوالخیر سے شروع ہوا اور سولھویں صدی کے اوآخر تک معراج پر رہا اور جامی اس مکتب کا آخری بڑا شاعر ہوا ہے۔ اسی مکتب کے ایک بہت بڑے شاعر شمس‌الدین حافظ نے اپنے کلام میں بعض مقامات پر امپرشنزم کی طرز میں شعر کہے ہیں اور اس طرز کو گذر وقت کے ساتھ ہند و پاکستان کے شعرا میں مقبولیت حاصل ہوگئی اور ایران میں یہ طرز شعر ہندی مکتب کے نام سے مشہور ہے۔ برصغیر ہند و پاکستان میں فغانی، عرفی، فیضی، ظہوری، نظیری، طالب، املی، غنی، کلیم، صائب،

از نظر ادبی تصوف اقبال را باید یکی از بزرگترین سرایندگان این فن دانست . صوفیه از آغاز که بشعر گفتن در زبان فارسی آغاز کردند برای اینکه مطالب بسیار دقیق و لطیف خود را در اذهان مردم بهتر و آسانتر وارد کنند سبک سمبولزم (Symbolism) را در شعر اختیار کردند و این روش که از زمان ابو سعید ابوالخیر نخستین شاعر تصوف بزبان فارسی از قرن یازدهم وارد ادبیات ما شد تا پایان قرن شانزدهم در اوج ترقی بود و عبدالرحمن جامی را باید آخرین شاعر بزرگ این سبک دانست.

یکی از بزرگترین شاعران تصوف شمس‌الدین حافظ شیرازی گاه گاهی اصول‌امپرسیونسیم (Impressionism) را در اشعار خود بکار برده است که چون بعدا درمیان شاعران بزرگ فارسی زبان هند و پاکستان رواج کامل یافته درمیان ایرانیان بسبک هندی یا هندوستانی معروف شده‌است. در هند و پاکستان

اور لاهور میں قیام کے دوران میں مجھے موقع ملا که میں اپنی آنکھوں سے اس ماحول اور گردو پیش کے حالات کو دیکھه سکوں جهاں اقبال نے اپنی زندگی کے دن گذارے هیں اور اس مطالعه سے اقبال کا مرتبه میری نگاهوں میں بلند تر هوگیا هے۔ پاکستان آنے سے پهلے بهی میں اقبال کو ایک بهت بلند شخصیت سمجهتا تها لیکن اب جب که میں یهاں سے واپس جارها هوں اس کا مقام میرے لئے پهلے سے بهت بلند هوگیا هے ۔ کیونکه جو معجزانه کام اس نے اس ملک میں انجام دیا هے میں اپنی آنکھوں سے دیکھه چکا هوں ۔

اقبال در آن زیسته است روز بروز این مرد بزرگ را در نظر من بزرگ تر کرد . من پیش از آن که بپاکستان بیایم اقبال را بزرگ میدانستم امروز که از پاکستان می روم او در نظر من بسیار بزرگ تر شده است زیرا خود دیدم وی چگونه درین سر زمین اعجاز کرده است .

زبان نہیں جانتے - دنیا میں بے شمار شاعر ہوئے ہیں - لیکن ان میں سے صرف انہی شعرا کو قابل تمجید اور عظیم المرتبت خیال کیا جاتا ہے جنہوں نے اپنے اپنے زمانے میں ایک نبی، یا ملہم من اللہ کی خدمات انجام دیں ہوں -

نہ فقط انہوں نے عام لوگوں کی تمنیات اور آرزوؤں کی نمائیندگی کی بلکہ ان کی آرزوؤں اور مقاصد کو پورا کرنے کا طریقہ بھی ان کے سامنے پیش کیا - اقبال یقیناً ان عظیم المرتبت انسانوں میں سے ہے اور ہم اسے اگر پیغمبر شاعران یا شاعر پیغمبران کا لقب دیں تو نہایت مناسب اور صحیح ہوگا - ایسے عالی قدر افراد کی حقیقی عظمت اس وقت ہم پر روشن ہوتی ہے جب ہم ان کے ماحول اور ان کے زمانے کے پس منظر کے مدنظر ان کے کلام کا مطالعہ کریں - صرف اسی حالت میں ہم اندازہ لگا سکینگے کہ ان کے ملک اور ان کے ہم وطنوں نے اس کے کلام سے کس قدر فائدہ اٹھایا ہے - سیالکوٹ

در جهان ما شاعران بسیار بوده اند اما در عالم حقیقت تنها کسانی از میان ایشان بزرگ و در خور ستائیشں اند که پیامبر عصر و زمان خود بوده باشند . یعنی نه تنها آرزو های مردم دیار خود را بیان کرده باشند بلکه راه رسیدن بآن آرزو ها را هم نشان داده باشند. قطعا علامه محمد اقبال یکی ازین مردان بزرگست که میتوان او را پیامبر شاعران یا شاعر پیامبران دانست .

برای پی بردن بمقام بلند این گونه سرایندگان بزرگ باید ایشان را در محیط زمان و مکان خود دید تا معلوم شود چه نتیجه از وجود ایشان بهره کشور شان و ملت شان شده است . درین یک ماه و نیم گذشته سفر های متعدد من در پاکستان و مخصوصاً اقامت در سیالکوت و لاهور یعنی محیطی که

کرنے کا حوصلہ نہ ہوا تھا۔ ۱۹۵۳ میں ڈاکٹر خطیبی نے اقبال کی ساری فارسی تصنیفات کا مطالعہ کیا اور اپنے خیالات کا اظہار یوم اقبال کے جلسہ میں فرمایا۔ اس دفعہ یوم اقبال کے پروگرام میں صرف ڈاکٹر خطیبی ھی کی تقریر تھی جسکو حاضرین نے اور ایران کے طول و عرض میں سامعین نے ریڈیو پر سنا۔ اسکے بعد انکی تقریر کا خلاصہ بعض اخبارات اور رسائل میں چھپا اور یونیورسٹی کے ادبی حلقوں میں اقبال کی شاعری پر فنی اعتبار سے گفتگو ہونے لگی۔ خطیبی نے اقبال کے اسٹائل اور نفس مضمون کا بغور مطالعہ کیا اور کسی حد تک ایرانی شعرا سے مقابلہ اور مقایسہ کرنے کی کوشش کی تاکہ ایرانی اھل ادب تاریخی پس منظر کی روشنی میں اقبال کو بہتر پہچان سکیں —

ڈاکٹر خطیبی کی ایرانی ادبی حلقوں میں مقبولیت اور اس کے نظریات کی تاریخی اھمیت کے پیش نظر میں نے انکی انتخاب کردہ غزلیات اور قطعات وغیرہ کو نقل کر دیا ھے تاکہ قارئین پاکستان ایک ایرانی ادیب کے ذوق سے آشنا ہو سکیں۔ چونکہ خطیبی کے مقالات سے اقتباسات زیادہ تر ایک خاص طبقہ کے ادبا کے لئے ھیں اسلئے فارسی اشعار کا ترجمہ کرنیکی ضرورت محسوس نہیں کی گئی —

اقبال اور ڈاکٹر حسین خطیبی

ڈاکٹر حسین خطیبی تہران یونیورسٹی کے ہر دل عزیز پروفیسر اور شیر و خورشید سرخ (ایرانی ریڈ کراس) کے سکریٹری ھیں - خطیبی مرحوم ملک‌الشعرا بہار کے نہایت عزیز شاگرد تھے اور اب تہران یونیورسٹی میں اسی پوسٹ پر کام کر رھے ھیں جو بہار کے وفات سے خالی ہوئی - دوسرے لفظوں میں وہ ''سبک شناسی'' یا فن تنقید و سخن سنجی کی تدریس میں مشغول ھیں - خطیبی کا ذوق شعر اور حافظہ حیرت انگیز ھے انکو ھزارھا چیدہ چیدہ اشعار اور مختصر قطعات یا رباعیات کے علاوہ قدما اور متوسطین کے سینکڑوں مفصل قصائد اول سے آخر تک حفظ ھیں - اور جب وہ ان طویل قصائد کو اپنی مخصوص تحت اللفظ طرز میں پڑھتے ھیں تو ایسا معلوم ھوتا ھے کہ اشعار آسمان سے ان پر نازل ھو رھے ھیں —

میری جس ایرانی ادیب سے سب سے پہلے ایران میں ملاقات ہوئی ڈاکٹر خطیبی ھیں اور بعد میں جب کبھی مرحوم ملک‌الشعرا سے بعض ادبی موضوعات پر راھنمائی چاھی تو انھوں نے ھمیشہ ڈاکٹر خطیبی کا نام لیا - مجھکو یہ فخر ھے کہ سب سے پہلی تقریر اور سب سے پہلا مقالہ جو بہار کی شاعری پر ڈاکٹر خطیبی نے لکھا وہ میرے لگاتار اصرار کا نتیجہ تھا اور اس امر کا ذکر خاص طور پر انھوں نے اپنے مقالہ میں کیا ھے —

اقبال کے متعلق رسمی اور سطحی قسم کی تقریریں اور مقالات تو ایران میں عام ھونے لگے تھے مگر کسی ایرانی کو اقبال کا باقاعدہ مطالعہ

فارسی کے لحاظ سے (جیسا کہ ہم ایرانی اس زبان کو سمجھتے اور پڑھتے ہیں) اعتراض کیا جا سکے —

آقائی خطیبی لکھتے ہیں :—

اقبال کے اشعار کا اسٹائل لفظی لحاظ سے سبک ہندی کے شعرا کی مانند زبان کی مخصوص ترکیبوں لفظوں اور دقیق مضامین پر مبنی نہیں بلکہ ایران کے قدیم شعرا کے کلام سے شباہت رکھتا ہے۔ الفاظ کے استعمال کے لحاظ سے اسکی شاعرانہ روش مشہور خراسانی اور عراقی روش کے نزدیک ہے لیکن بلحاظ معنی، وسعت فکر اور باریک بینی اس کا کلام ایک سمندر کے مانند ہے اور اگر چاہوں کہ مختصر الفاظ کی مدد سے جو میرے محدود اختیار میں ہیں اسکے متعلق کچھ بیان کروں تو رومی کا یہ مشہور شعر یاد آتا ہے —

گر بریزی بحر را در کوزہ ای

چند گنجد قسمت یکروزہ ای

مورد ایراد قرار داد اگر نگویم وجود ندارد باید اقرار کنم آنقدر کم است کہ میتوان گفت نیست .

پایۂ اشعار مرحوم اقبال از جنبۂ لفظی بخلاف تمام شعر ای کہ بعد از دورۂ سبک معروف بہندی در خارج از ایران شعر گفتہ اند بر ترکیبات و الفاظ و افکار و معانی این سبک متکی نیست بلکہ چون در آثار شعرای قدیم ایران ، روش او در شاعری از جنبۂ لفظی بسبک ہای معروف بخراسانی و عراقی قدیم نزدیک تر است اما از جنبۂ معنی و وسعت فکر و دقت نظر آثار او بمنزلۂ دریائی است کہ اگر خواستہ باشم آنرا بمدد الفاظ مختصر و نارسائی کہ باختیار من است بیان کنم و شرح دہم بیت معروف مولوی را بخاطر می آورد کہ : گر بریزی بحر را در کوزہ ای (الخ)

(اقتباس از مقدمہ ,, رومی عصر،،)

,, ... اس عظیم‌الشان پاکستانی شاعر اقبال لاهوری (جس نے هم فارسی زبانوں پر اتنا بڑا احسان کیا هے) کے متعلق سوائے اسکے نام کے میں نے کچھ نہیں سنا تھا ۔ اور میں تصور بھی نہیں کر سکتا تھا کہ ان مشکلات کے هوتے هوئے جو فارسی زبان کی ترقی کے راستے میں حائل تھیں اس ملک میں اتنا بلند طبع اور پر مغز شاعر پیدا هو سکتا هے ۔ ایسا شاعر جسکی نظیر آخری چند صدیوں میں ایران سے باهر یقیناً نہیں ملتی ۔ اور جب مجھے یہ معلوم هوا کہ اقبال نے با این همه تصنیفات کے جو اس نے فصیح فارسی زبان میں یادگار چھوڑی هیں زبان فارسی فقط کتابیں پڑھکر سیکھی، تو مجھے نہایت تعجب هوا ۔ میں نے اقبال کی تمام تصنیفات کا غور سے مطالعہ کیا هے اور میں نے دیکھا هے کہ اسکے تمام اشعار میں کوئی ایسی ترکیب یا لفظ نہیں پایا جاتا جس پر زبان

عقاید اتحاد اسلامی اقبال و رفع هرگونه تعصبات جاهلانه و کوته نظرانه دربین اقوام مسلم و سعی درنزدیکی دائم التزاید ملل اسلامی بسیار پسندیده و لازم است و بهر حال سعی درمقدمات آن قبل از رسیدن بارزوی اقبال که تهران بجای ژنو مرکز جامعه ملل اسلامی شود، مفید است.
امید وارم این نهضت همواره قوت گیرد و روح اقبال شادتر گردد

خطابہ ڈاکٹر منوچھر اقبال

جناب ڈاکٹر منوچہر اقبال چانسلر تہران یونیورسٹی کی تقریر سے اقتباس

ڈاکٹر منوچہر اقبال چانسلر تہران یونیورسٹی اور میڈیکل کالج کے پرنسپل ہونے کے علاوہ ایران کی سیاسی اور اجتماعی زندگی میں بھی ایک سربرآوردہ شخصیت کے مالک ہیں۔ کئی مرتبہ حکومت ایران کے وزیر رہے اور اپنی نیک نفسی، بے لوث خدمت اور خدا داد قابلیت کی بدولت عام لوگوں میں بھی ان کو غیر معمولی ہر دل عزیزی حاصل ہے —

ڈاکٹر اقبال ایک بلند مرتبہ طبیب بھی ہیں اور ادیب بھی۔ شاعر تو نہیں ہیں مگر شعر و شاعری سے لگاؤ ہے۔ اپریل سنہ ۱۹۵۵ ع میں پہلی مرتبہ یوم اقبال تہران یونیورسٹی کے ہال میں منایا گیا۔ ڈاکٹر اقبال نے نہ صرف یونیورسٹی کا ہال یوم اقبال کے جلسے کے لئے پیش کیا بلکہ مہمانوں کا جنکی تعداد ہزار کے لگ بھگ تھی خود استقبال کیا اور افتتاحی تقریر بھی اپنے ذمہ لی۔

یوم اقبال کے جلسے کا تہران یونیورسٹی میں منعقد ہونا اور چانسلر یونیورسٹی کی انتظامات جلسہ اور پروگرام میں شرکت ایک مہم واقعہ ہے۔ ذیل میں فاضل چانسلر کی تقریر کا اقتباس نقل کیا جاتا ہے۔

,, میں علم اور تعلیم کا ایک ادنیٰ خادم ہوں۔ میرے لئے یہ بڑی خوشی کا مقام ہے کہ میرے عالی مرتبہ ہمنام علامہ اقبال مرحوم کی یاد

برای من کہ خدمتگذار کوچک دانش و فرهنگم جای بسی خوشوقتی است کہ مجلس یادبود علامہ محمد اقبال همنام بزرگ من در محل

ڈاکٹر منوچہر اقبال چانسلر تہران یونیورسٹی یوم اقبال کے جلسہ میں تقریر کر رہے ہیں۔

ارادہ کے تابع ہوتی ہے لیکن ان بڑے بڑے اشخاص کی راہنمائی اور راہبری (جو انہی اوضاع اور زمان و مکان سے وجود میں آتے ہیں اور عام لوگوں کے افکار اور خواہشات کا مظہر ہوتے ہیں) کا مقاصد کے جلد حاصل کرنے اور قوموں کی سرعت کامیابی پر گہرا اثر پڑتا ہے۔

اسلامی اور ایرانی ہزار سالہ تمدن کے زیر اثر ہندوستان میں نئی تحریکیں وجود میں آئیں جن کے نتیجہ کے طور پر بڑے بڑے لوگ پیدا ہوئے جنہوں نے بنی نوع انسان کی آزادی اور حریت کے لئے کوشش کی اقبال پاکستانی آزادی پسند اشخاص میں سے تھا اور علمی اور اخلاق صفات کا حامل اور آسمانی الہام کا ملہم ہوتے ہوئے انسان کے اس عالی مقصد کے حصول کے لئے کوشاں رہا۔

عین حال که تحول ملل تابع اراده ملتهاست لکن رهبری و راهنمائی رجال بزرگ که خود مولود مناسبات زمان و مکان و مظهر تمایلات و رشد اجتماعند در تسریع مقاصد و موفقیت اقوام تاثیری انکار نا پذیر دارد.

نفوذ تمدن اسلام و فرهنگ ایرانی از هزار سال قبل در شبه قاره و تبدلات تاریخ دو قرن اخیر در آن سر زمین همه موجب پیدایش نهضت ها و سبب ظهور رجال و نوابغی شد که برچمداری حریت و استخلاص ابناء نوع خود را بعهده گرفتند.

اقبال پاکستانی از زمرهٔ احراری بود که علاوه از سیر مدارج علمی از ملکات اخلاق خود و بالهامات آسمانی ملهم بود و برای وصول بهدف عالی انسانی خود میکوشید.

میں یہ جلسہ یونیورسٹی میں منایا جارہا ہے۔ اس حسن اتفاق کے متعلق عرض کرونگا کہ یہ ''اقبال'' نہیں جو آپ سے مخاطب ہے بلکہ میرے اقبال نے میری طرف توجہ کی ہے تاکہ میں پاکستان کے قومی شاعر اقبال ایسی عظیم شخصیت کے متعلق چند کلمے آپ کی خدمت میں عرض کروں .

ظاهری طور پر علامہ اقبال کو پاکستان کے ایک فلسفی شاعر اور هنرمند سخن سرا کی حیثیت سے پیش کیا جاتا ہے . لیکن اگر اسکے حالات اور اسکے کلام کی طرف صحیح طور پر توجہ دی جائے تو معلوم ہوگا کہ اقبال محض ایک مخصوص قوم یا ملک کا شاعر نہیں بلکہ ایک عالمی شخصیت کا مالک اور عالم انسانی کا راهنما ہے . اور اس کو یہ عظیم شہرت اور غیر معمولی کامیابی بلا وجہ نصیب نہیں ہوئی . جو لوگ زمانے کے انقلاب کے اسباب و ذرائع سے واقف ہیں خوب جانتے ہیں کہ اگرچہ اوضاع میں تغیر اور تبدیلی قوموں کے

دانشگاه برگذار میشود باین حسن تصادف میتوانم بگویم که این اقبال نیست که روی سخن باحضار محترم میدارد بلکه این اقبال است که روی بمن آورده تا چند کلمه دربارهٔ شخصیت بزرگی مانند علامه محمد اقبال شاعر ملی پاکستان ایراد نمایم.

علامه دکتر محمد اقبال بصورت ظاهر یک شاعر دانشمند و گوینده هنرمند پاکستانی معرفی شده است، لکن اگر باحوال و آثار او درست توجه شود ظاهر میگردد که او تنها یک شاعر متعلق بیک ملت و یک مملکت نیست، بلکه اقبال یک شخصیت جهانی و یک رهبر عالم انسانی است و این شهرت عظیم و موفقیت بزرگ برگزاف نصیب او نشده است.

اشخاصیکه بعلل و عوامل تحولات جهانی آشنائی دارند خوب میدانند در

سرمدی نغمے کی بدولت بھٹکے ہوئے کاروان کو عزت اور سعادت کی منزل پر پہنچا دیا ۔ اقبال کا کلام اس حقیقت کا شاہد ہے میں اپنی تحریر کو اقبال کی ایک دوبیتی پر ختم کرتا ہوں ۔ فرمایا ہے :

عجم از نغمه های من جوان شد
ز سودایم متاع او گران شد
عجمی بوده ره گم کرده در دشت
ز آواز درایم کاروان شد

گم کرده ای راه بسر منزل عزت و سعادت رسانند. سخنان اقبال همه شاهد این احوال است من سخن خود را بیک دو بیتی شیوای آن استاد روانشاد پایان میدهم که میفرماید :

عجم از نغمه های من جوان شد

اقبال نے اپنے آسمانی اشعار کی زبان سے جو موثر ترین تبلیغ کی زبان ہے۔ اپنے پیغمبرانہ کام کو انجام دیا اور اپنے محرک اور مہیج اشعار کے ذریعے اس نے اپنے ہم وطنوں کو "اسرار خودی" بتائے اور ہندوستانیوں کے خیالات کو غلامی اور اسیری کے خلاف جنگ کرنیکے لئے تیار کیا۔ خوش قسمتی سے بیج جو اقبال نے خاک ہندوستان میں بویا بارآور ہوا۔ اور دونوں قوموں یعنی ہندوؤں اور مسلمانوں کو اپنی حکومت، قومی افتخار اور سیاسی آزادی نصیب ہوئی۔ اگر چہ پاکستان کی آزادی اقبال کی وفات کے بعد عصر جدید کے عظیم الشان راہنما قائد اعظم محمد علی جناح کی کوشش کا نتیجہ ہے لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ جو کچھ قائد اعظم نے حاصل کیا اس بیج کا ثمر ہے جو اقبال نے قوم کے دلوں میں بویا تھا۔ اقبال نے ہندوستان کی اسلامی ملت کی روح کو نئی قوت بخشی اور اپنے

اقبال با زبان آسمانی شعر که نافذ ترین زبان تبلیغ است رسالتی را که بعهده داشت بمرحلهٔ اجرا گذاشت و با سخنان پر شور و هیجان خود اسرار خودی را بهموطنان خود آموخت و افکار اهالی هندوستان را برای مبارزه بر علیه بردگی و اسارت مهیا ساخت. خوشبختانه بذریکه اقبال در مزرع تبه قاره هندوستان پاشید ثمر داد و هر یک از دو ملت برادر هندوستانی ما اعم از مسلمان و هندو را بحق حاکمیت و غرور ملی و استقلال سیاسی رساند. اگرچه استقلال پاکستان بعد از درگذشت علامه اقبال بدست رهبر بزرگ عصر جدید یعنی قائد اعظم محمد علی جناح انجام پذیرفت لکن بدون تردید آنچه قائد اعظم درو ید محصول تخمی بود که اقبال در مبذر دلها افشانده بود. اقبال بود که نیروی ملت مسلمان هند را جوان ساخت و با نغمات شیرین خود کاروان راه

"ہمارے سینے میں ایک دنیا نہاں ہے
ہماری خاک میں دل اور دل میں غم ہے
وہ شراب جس سے ہماری روح روشن ہوئی
ابھی تک ہمارے سبو میں باقی ہے"

آج کی مبارک رات جب کہ دنیا بہار کا لباس پہنے ہوئے ہے ہندوستان کی نواگر بلبل کی آواز جو سرو پر بیٹھکر فارسی طرز موسیقی میں معنوی مقامات کا سبق دوہرا رہی ہے اس نغمے کی مانند ہے جو محبت کے ساز سے بلند ہورہا ہو۔ اور اس ایک مشترک نغمہ سے دو ہمسایہ ملتیں لطف اندوز ہورہی ہوں۔ یہ وہ نغمہ ہے جو ان دو ملتوں کو ایک دوسرے کا ہمرنگ اور ایک دوسرے سے آشنا اور مانوس کرتا ہے اور ہندوستان کے شکر افشاں طوطی کی ادب کے چشمہ سار پر ایرانی تذرو سے ملاقات کرادیتا ہے تاکہ

"نہان در سینهٔ ما عالمی هست
بخاک ما دلی ، در دل غمی هست
از آن صهبا که جان ما بر افروخت
هنوز اندر سبوی ما نمی هست"

و از این جهت در این شب فرخنده که جهان خلعت اردیبهشتی پوشیده و مثال دوست بقول دقیقی بر صحرا نگاشته شده است ذکری از بلبل نوا گر هندوستان که بر سر سرو باهنگ پهلوی درس مقامات معنوی میخواند مانند شنیدن نغمه ارغنون محبت است که دلهای دو ملت همسایه را با یک نغمه مینوازد و آنها را با یکدیگر هم رنگ و آشنا و مانوس میکند و طوطی شکر افشان هندی را با تذرو ایرانی بر سر یک چشمه سار ادب میآورد تا از آب زلال آن کام جان

اقتباس از سخنرانی ڈاکٹر لطف علی صورت گر

ڈاکٹر صورت گر پروفیسر تہران یونیورسٹی (جو آج کل شیراز یونیورسٹی کے وائس چانسلر منتخب ہوئے ہیں) ایک خوش قریحہ شاعر، ادیب، انشاء پرداز اور تنقید نگار کی حیثیت سے ایران میں غیر معمولی شہرت کے مالک ہیں۔ ڈاکٹر صورت گر علاوہ فارسی کے، ادبیات انگریزی پر پورا تسلط رکھتے ہیں اور آج سے کوئی بیس سال پہلے انہوں نے لندن یونیورسٹی سے ڈاکٹر آف لٹریچر کی ڈگری حاصل کی۔ ڈاکٹر صورتگر آزاد منش اور درویش طبع واقع ہوئے ہیں اور علمی اور ادبی محافل میں نہایت احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ فارسی نثر میں مختلف مضامین پر ڈاکٹر صورت گر کی کتابیں چھپ چکی ہیں اور شعراء معاصر میں ان کا پایہ بہت بلند ہے اور وہ جدید اور کلاسیک قسم کی شاعری میں پوری دسترس رکھتے ہیں۔ ان کی شائع شدہ کتابوں میں تاریخ ادبیات انگلیسی سخن سنجی اور اصول علم اقتصاد مشہور ہیں۔ ذیل میں ڈاکٹر صورتگر کی تقریر سے جو انہوں نے یوم اقبال ۱۹۵۱ء کے موقع پر کی اقتباس درج کیا جاتا ہے۔

اقبال ان روشن ستاروں میں سے ہے جن کی روح درخشاں اور آتشین ہے۔ جن کا ذوق لطیف اور جمال پرست اور جن کا دل اثر پذیر ہے۔ اقبال نے بابا طاہر کی پیروی کرتے ہوئے کہا ہے :—

اقبال یکی از آن ستارگان فروزان است کہ روحی افروختہ و ملتہب و ذوقی لطیف و جمال پرست و دلی تاثر پذیر دارد و این اوست کہ باقتفای از بابا طاہر میفرماید :

کو ادائے مطلب کا بہترین ذریعہ سمجھکر اپنے خیالات کے گوہرہای شاہوار کو اس مضبوط رشتہ میں منسلک کیا ہے۔ ایران کے عرفا اور شعرا کی اصطلاحات اور الفاظ جو مدت سے ہمسایہ ملک میں پہنچ چکی تھیں اس کے ہاتھ میں موم کی طرح نرم ہوجاتی ہیں اور جس شکل میں چاہتا ہے ان کو ڈھال دیتا ہے۔ یہ کلمات اور الفاظ ایک بڑے خاندان کا حصہ ہیں اور اب جب کہ اقبال کے ذریعہ سے سال ہا سال کی جلا وطنی کے بعد اپنے اصلی وطن میں واپس آئے ہیں اور ایران معاصر کے جدید کلمات اور مصطلحات سے آشنا ہوئے ہیں تو کسی قسم کی بیگانگی اور غربت کا احساس نہیں کرتے۔ ان کی مثال ایسی ہے جیسے کسی خاندان کے بوڑھے افراد ایک طویل مدت کے بعد اپنے جوان رشتہ داروں سے آملیں اور اپنے نوجوان بچوں کو گذرے ہوئے زمانے کی داستانیں سنائیں۔

منظور بهترین وسیله میداند گوهر های شاهوار فکر را بدین رشته مستحکم میکند. کلمات و تعبیرات عرفانی ایرانی و شعرای این دیار که از دیر باز بکشور دوست همسایه رفته و در آنجا بهنرنمائی پرداخته اند در دست او مثل موم نرم و بهر قالب تازه ایکه اراده میکند در میآید. این کلمات اصل و صاحب خانواده که سالها جلای وطن کرده و غربت اختیار نموده اند وقتی بوسیله اقبال از سفر دور و دراز خود بوطن اصلی خویش باز میگردند و با کلمات تازه و مصطلحات شعری امروز ایران آشنا میشوند احساس غربت نمیکنند بلکه مانند پیر خانواده ای که پس از سالیان دراز در محفل خویشا وندان جوان وارد میشوند از خاطرات ایام سلف برای فرزندان نو رسیده حکایت ها میکنند و این خود یکی از بزرگترین مزایا ی اشعار مرحوم اقبال است که این سفر کردگان کهن را بخانه پدران خویش باز گردانیده بمحفل یاران آشنا وارد کرده است.

دونوں اس صاف پانی سے اپنی روح کو سیراب کرلیں اور اس آسمانی پانی کے قطرے ٹپکا کر مہجوری اور مشتاق کے رموز سن سنا کر بشر کی پیاس کو بجھائیں۔

اقبال کے اشعار ایک آتشین اور حساس دماغ کا مظہر ہونے کے علاوہ ایک خاص لذت کے حامل ہیں جو آدمی کو بے اختیار مجذوب اور مست کر دیتی ہے ۔ وہ خاص لطافت یہ ہے کہ اقبال نے اگرچہ ہندوستان کے نورانی آفتاب کے نیچے پرورش پائی اس کے افکار نے مشرق کے فلسفہ اور عرفان سے اور مولانا جلال الدین محمد (رومی) و حکیم غزنوی (سنائی) عارف نیشا پوری (عطار) سے فیض حاصل کیا ہے ۔ اس کے بعد اقبال نے یورپ کا سفر کیا یورپ کے فلسفہ افکار کا مطالعہ کر کے انکی ایشیائی افکار سے آمیزش کی ہے ۔ اقبال نے نئی نئی باتیں اور جدید خیالات کو شعر کے قالب میں ڈھالا ہے۔ اور فارسی جیسی شیرین اور ثروتمند زبان

را سیراب سازند و با قطره ای از آن رحیق آسمانی تشنگی بشر را بشنیدن رموز مهجوری و مشتاقی بر طرف کند.

شعر اقبال گذشته از آن که نماینده یک مغز افروخته و حساس است لطفی مخصوص دارد که بی اختیار آدمی را مجذوب میکند و مستی میآورد و آن لطف این است که اقبال در زیر آسمان گرم و آفتاب نورانی هندوستان نشو و نما یافته و افکارش از فلسفه و عرفان شرق و آثار مولانا جلال الدین محمد و حکیم غزنوی و عارف نیشا پوری مابه و توشه گرفته است. آنگاه در نتیجه مسافرت باروپا و مطالعه و اندیشه در فلسفه غرب افکار اروپائی را با اندیشه های آسیائی مطابقت میدهد و مطالبی تازه و نوین را که از نعمت ابداع بر خودار است بقالب شعر در میآورد و چون زبان شیرین و ثروتمند فارسی را برای ادای این

اقتباس از مقالهٔ آقای صادق نشأت

آقای صادق نشات میر داماد کی اولاد سے ھیں۔ عربی اور فارسی ادبیات میں متبحر ھیں اور دونوں زبانوں میں ان کی تالیفات موجود ھیں۔ ۱۹۵۱ ع میں پہلی مرتبہ اقبال کے کلام سے آشنا ہوئے اور کئی مرتبہ مولف سے ملاقات کی۔ اقبال کی دینی اور اخلاقی بصیرت کا ان پر بہت گہرا اثر ھوا اور وہ اقبال کو دنیای اسلام کا مشترک اور گرانبہا سرمانہ سمجھتے ھیں اور ان کی دلی خواھش ھے کہ عالم اسلام کو اقبال کے کلام اور اس کے نظریات سے آشنا کرایا جائے۔ آقای نشأت کے مقالے سے چند سطریں ذیل میں نقل کی جاتی ھیں۔

,, ھم نے اکثر دیکھا ھے کہ بعض قوموں اور ملکوں میں نامور اشخاص وجود میں آئے ھیں لیکن اس کے مقابل میں کبھی ایسا اتفاق نہیں ھوا کہ ایک واحد شخص ایک ملک اور ملت کو عدم سے وجود میں لایا ھو۔

مناسب ھوگا کہ پاکستان کے مشہور حکیم اور شاعر کا ان شخصیتوں میں شمار کریں۔ کیونکہ اس عظیم المرتبت شخص نے اپنے تفکر و تخیل

مردان نامی عالم را تا دیده و شنیده ایم ملل و ممالک آنها بوجود آورده اند. اما عکس این قاعده هیچگاه روی نداده و اتفاق نیفتاده است که یک مردی کشور یا ملتی را بوجود بیاورد.

سزاوار است که علامه محمد اقبال حکیم و شاعر بلند آواز پاکستان را در خور آن القاب بشماریم. زیرا این مرد بزرگوار در قلب آسیا مملکت و

اقبال کے اشعار میں ایک بہت بڑی خوبی یہ ھے وہ قدیم زمانے کے "مہاجرین" کو اپنے اجداد کے گھر میں اور یاران آشنا کی محفل میں واپس لے آیا ھے - اب ان واپس آنیوالے "دوستوں" کا جو اپنے قدیم گھر میں آئے ھیں اس عظیم الشان مرد (اس کی روح پر خدا نور برسائے) کے کلام سے انتخاب کرکے تقریر ختم کرتا ھوں : ایک دو بیتی پیش کرتا ھوں :—

"تیری زندگی کی قبا کب تک چاک رھیگی
چیونٹیوں کی طرح کب تک تیرا آشیانہ خاک میں رھیگا
پرواز میں بلند ھوجا اور شاھین بننا سیکھ
تو کب تک خاک میں دانہ تلاش کرتا رھیگا"

اینک یکی دو از این یاران سفر کردہ را کہ باصد قافلہ دل بسلامت باز گشتہ و بخانہ دیرین خویش فرود آمدہ اند از کلام این مرد بزرگ کہ روحش مہبط انوار فیض یزدانی باد ختام این گفتار قرار میدھم . یکی این دو بیتی است کہ میفرماید:

قبای زندگانی چاک تاکی
چو موران آشیان در خاک تاکی
بہ پرواز آی و شاھینی بیاموز
تلاش دانہ در خاشاک تاکی

****

میں مسلمانوں کی حکومت ہو،، کو ہرگز قبول کرنے کو تیار نہ تھی۔ لہذا ان کو اس اسکیم کو عملی جامہ پہنانے کا خیال ایا جو سالہا سال پہلے اقبال نے مسلمانان ہند کی سعادت کے لئے تیار کی تھی۔ اور ان کی انہی ان تھک قربانیوں کی بدولت ۸ کروڑ مسلمانوں کا ملک وجود میں آگیا۔

اقبال قلبا و ذہنا ایک ایرانی ہے اور اس کا مرجع قرآن ہے۔ وہ جو کچھ سوچتا ہے یا بیان کرتا ہے یا لکھتا ہے ایرانی اسلوب اور طرز کے مطابق ظاہر ہوتا ہے یا یوں کہنا چاہئے کہ ایرانی علم اور طرز فکر و استدلال کو جو خواجہ عبداللہ انصاری، امام غزالی، مولوی، سعدی، حافظ خواجہ نصیر طوسی، میر داماد، اخوند ملا صدرا و علامہ سبزواری وغیرہ کے ہاں پایا جاتا ہے اپنے شعر اور نثر میں مجسم کرتا ہے۔

اقبال سنی مسلمان تھا لیکن اپنے آپ کو تشیع سے دور نہیں سمجھتا

بینکه ،،چنانکه اکثریت آن مسلمان است حکومت با مسلمین باشد،، قبول نماند. و بفکر عمل نمودن آن نقشه ای که ده سال قبل برای سعادت مسلمانان هند پیشبینی نموده بود افتادند و با فداکاری خستگی نا پذیر خود یک ملت و مملکت ۸۰ میلیون نفری را بوجود آوردند.

اقبال قلبا و قالبا یک ایرانی که رهبر او اسلام و مرجع وی قرآن است بوده هست و آنچه میاندیشد و میگوید و مینویسد با اسلوب و شعار ایرانی جلوه گر شود یا بعبارت اخری دانش ایران و چگونگی تفکر و تعقل بزرگان ایران امثال خواجه عبداللہ انصاری و امام غزالی و مولوی و سعدی و حافظ و خواجه نصیر طوسی و میر داماد و آخوند ملا صدر او علامه سبزواری را در شعر و نثر خود مجسم نماید. او مسلمان سنی بود ولی بی اینکه خود را

اور ذوق سے ایشیا کے دل میں ایک مملکت اور ملت کا نقشہ مرتب کیا جس نے اس کے مرنے کے ٹھیک دس سال بعد محمد علی قائد اعظم کے هاتھوں جامۂ عمل پہنا۔

بعض اشخاص (جن کو هندوستان کے وسیع ملک اور وهاں کے لوگوں کے متعلق پوری اطلاعات میسر نہیں) خیال کرتے هوں گے کہ پاکستان کی تشکیل کے سوال نے هندوستان کے لوگوں میں دو قوموں کا تصور پیدا کردیا ورنہ وہ سب اکٹھے زندگی بسر کرسکتے تھے۔ لیکن اگر وہ هندوستان کے مسلمانوں کے دلوں کی آواز کو سن سکیں تو اس امر کی تائید کریں گے کہ تشکیل پاکستان کے لئے کوشش کرنا نہ صرف لازم تھا بلکہ هر مسلمان کا فرض تھا کیونکہ انڈین کانگریس جب هندوستان کی آزادی کے ابتدائی پروگرام اور اسکیمیں تیار کررهی تھی تو مسلمانوں کے نمایندوں کی (جن کے لیڈر مسٹر جناح تھے) تجویز کہ ,, مسلمان اکثریت کے علاقوں

ملتی را روی نقشه فکر و قریحه خود ترسیم نمود که درست ده سال بعد با دست محمد علی جناح قائد اعظم پاکستان عملی گردید.

شاید برخی اشخاص که اطلاع کاملی بر اوضاع مردم هندوستان و اقلیم پهناور آن ندارند گمان کنند که مسئله ایجاد پاکستان روح دو ملیت را در افراد جامه ای که باید باهم زندگانی نمایند تولید کرده باشد ولی اگر بداد دل مسلمانان هندوستان برسند بلا شک و تصدیق خواهند کرد که مبادرت باین امر نه فقط لازم بلکه فریضه هر مسلمانی بوده است زیرا کنگره هندوستان که مقدمات استقلال هند را طرح ریزی مینمود بهیچ وجه حاضر نه گردید پیشنهاد نمایندگان اسلامی را که جناح در راس آنها بود دایر

کی مانند اسے شاہ ولایت (حضرت علی) سے خاص ارادت اور محبت تھی اس کے متعلق کہتا ھے :—

مرسل حق کردہ نامش بو تراب

حق ید اللہ خواند در ام الکتاب

(یعنی خدا کے رسول نے اس کو بو تراب کا نام دیا اور خدا نے اس کو قرآن میں یداللہ کا نام دیا) شیعوں کی مانند حسین ابن علی کے مصائب سے بہت متاثر تھا ۔ اور آنحضرت کے فلسفہ شہادت کے متعلق وہ کہتا ھے :—

مدعایش سلطنت بودی اگر

می نکردی با چنین سامان سفر

دشمنان چون ریگ صحرالاتعد

همرهان اوبه یزدان هم عدد

(یعنی اگر اس کا مقصد سلطنت ھوتا تو وہ اس حال میں سفر نہ کرتا کہ دشمن تو صحرا کی ریت کے مانند بے شمار تھے اور اس کے همراهی یزدان کے اعداد کے برابر) اس حکیمانہ بات کے مطابق کہ ,,ما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ،، ۔

اس خیال سے کہ اس حکیم کے گلستان سے ایک گلدستہ علم و ادب کے دوستوں کے سونگھنے کے لئے تھیہ ھوسکے یہ چند دلپذیر اشعار جن کا

ارادات و علقه خاصی بشاه ولایت داشت و در معرفی او میگفت :

مرسل حق کرد نامش بو تراب الخ

مانند شیعیان از مصیبت حسین ابن علی متاثر بود و در فلسفه شهادت آنحضرت میگفت : مدعایش سلطنت بودی اگر الخ

بمصداق جمله حکیمانه معروف ,,مالا یدرک کله لا یترك کله،، دسته گل از گلزار آن حکیم بمشام دوستان علم و ادب رسیده باشد این چند بیت دلپذیر

تھا ۔ اور مختلف فرقوں کی ایک دوسرے پر ترجیح کا قائل نہیں تھا ۔ وہ سید جمال الدین اسد آبادی معروف بافغانی کی طرح خیال کرتا تھا کہ تمام اسلامی فرقے ایک ھی درخت کی شاخیں ھیں اور خواہ کچھ ھی کیوں نہ ھوں ان کا پھل مشترک ھے ۔ اقبال کو امید تھی کہ اسلام کا مستقبل روشن ھوگا اور اس کو عظمت اور وسعت حاصل ھوگی ۔ وہ کہتا تھا کہ میرے ضمیر کے ذریعہ مجھکو الہام ھوا ھے کہ ھندوستان کے مسلمان جلد ازاد ھوجائینگے اور ان کو حکومت اور بلندی نصیب ھوگی ۔ کہتا ھے ۔

میرسد روزی کہ زنجیر غلامان بشکند
دیدہ ام از روزن دیوار زندان شما

یعنی وہ مرد غلاموں کی زنجیروں کو توڑ دے گا پہنچنےوالا ھے میں نے تمھارے زندان کی دیوار کے روزن سے دیکھ لیا ھے ۔

نہ فقط اسلام سے رابطہ کے اقتضا سے بلکہ تمام ایرانی عرفا اور شعرا

از تشیع دور بداند یا مزیتی برای یکی از فرق اسلام بر فرقہ دیگر قائل شود. مانند سید جمال الدین اسد آبادی معروف بافغانی معتقد بود کہ تمام فرق اسلام شاخہ ھای یک درختند و ھر چہ باشند باشجرہ یک میوہ و یک ثمر را بار میدھند. دکتر اقبال نسبت بآیندہ اسلام و توسعہ و عظمت آن خوش بین بود و نجات ھند را از مسائل مسلم حتمی می شمرد و میگفت بمن از راہ وجدان الہام شدہ است کہ مسلمین ھند نبرودی آزاد میشوند و بمرتبۂ آقائی و سروری میسرسند.

نہ فقط بمقتضای رابطہ خود با اسلام بلکہ مانند تمام شعراء عرفانی ایرانی

اتنی دل بستگی نہ تھی جتنی فارسی سے ہے لیکن وہ ایران نہیں آیا اور ایرانیوں کی مصاحبت اور ہمدمی اس کو میسر نہ ہوئی۔

لازم ہے کہ ایران اور پاکستان کی دو ملتوں کے خیر خواہ اصحاب دوستی اور یک جہتی کے روابط کو زیادہ سے زیادہ تقویت دیں اور آئندہ آنیوالی نسلوں کو اس کے اچھے ثمر سے فائدہ اٹھانے کا موقع دیں تاکہ اس طرح اقبال کا مقصد پورا ہوجائے۔

یا رب دعای خسته دلان مستجب کن

زبان فارسی دلبستگی نداشت و در صورتیکه بایران نیامده و با ایرانیان محشور و دمساز نشده بود. امید است که خیر خواهان ملتین دوست و برادر ایران و پاکستان منظور او را در تقویت روابط دوستی و یکجهتی بیش از پیش عملی و نسل های آئنده را از ثمرات مطلوب آن برخوردار سازند.

یارب دعای خسته دلان مستجاب کن

مضمون نیا اور کم نظیر ھے کتاب زبور عجم سے اقتباس کرکے پیش کرتا ہوں,, غالباً اس کا خطاب ملت ایران سے ھے :—

میشود پردۂ چشمم پر کاھی گاھی
دیدہ ام ھر دو جہان را بنگاھی گاھی
وادی عشق بسی دور و دراز است ولی
طی شود جادۂ صد سالہ بآھی گاھی
در طلب کوش و مدہ دامن امید ز دست
دولتی ھست کہ یابی سر راھی گاھی

ترجمہ — ۱ - ,, کبھی تو ایک کاہ کا تنکہ ھی میری آنکھوں کا حجاب بن جاتا ھے - اور کبھی ایسا ھی ہوا ھے کہ ایک نگاہ میں میں نے دونوں جہانوں کو دیکھہ لیا ھے -

۲ - وادی عشق بہت دور و دراز ھے لیکن کبھی سوسال کا راستہ ایک آہ میں طے ھو جاتا ھے -

۳ - ھمیشہ طلب میں کوشش کرتے رھو اور امید کا دامن ھاتھہ سے مت چھوڑو - ایک ایسی دولت بھی ھے جو ممکن ھے سر راہ ھی تمہارے ھاتھہ لگ جائے -

ڈاکٹر اقبال اپنی قومی زبان اردو کے علاوہ کئی زبانیں مثلاً عربی جرمن اور انگریزی اچھی طرح جانتا تھا لیکن اس کو کسی اور زبان سے

را کہ در مضمون خود بکر وکم نظیر است از کتاب زبور عجم او استخراج و تقدیم میشود گویا مخاطب او هم ملت ایران باشد :

میشود پردۂ چشمم پر کاهی گاهی

دکتر اقبـال با اینکہ علاوہ بر زبان ملی خود اردو چندین زبان دیگر از قبیل عربی آلمانی انگلیسی را خوب میدانست معهذا بهیچ یک باندازہ

اقبال کے هم وطنوں نے اس کے اصلاحی اور سیاسی اور انقلابی خیالات سے استفادہ حاصل کیا اور پاکستان آزاد کا وجود میں آنا یہی اقبال هی کے افکار کا نتیجہ هے ۔ اسلامی ممالک اور دیگر مشرق کے لوگ اقبال کو ایک بہت بڑا خاص فکر اور طرز کا شاعر مانتے هیں لیکن هم ایرانیوں کے لئے اقبال ایک خاص اهمیت رکھتا هے ۔

اقبال هے جس نے هندوستان میں فارسی زبان کو زندہ کیا اور اسے نئی رونق بخشی اور اپنے فارسی اشعار کے ذریعے سے اپنے هم وطنوں کے دل میں ان کے ایران سے روحانی تعلق کو تازگی عطا کی ۔ فارسی کے اردو کے ساتھ ارتباط کو جو آهستہ آهستہ ٹوٹ رها تها دوبارہ مضبوط کیا ۔ اس نے ایران کے استاد شعرا اور ان کے مخصوص طرز شعر گوئی کو هند میں زندہ کیا ۔ اس نے فارسی کے ادبی مضامین اور افکار کو دوبارہ ایک نادر اور نئی شکل میں بیان کیا ۔

اهل وطن اقبـال از افکار اصلاحی و انقلابی او بهره مندند و استقلال پاکستان یکی از نتائج فکری اوست. کشور های اسلامی بلکه عموم مردمان مشرق او را شاعر بزرگ و صاحب فکر و سبک میدانند ولی اقبـال برای ما ایرانیان اهمیت مخصوصی دارد.

او محی و مجدد زبان فارسی در هند است و با اشعار فارسی خود رشته ارتباط معنوی و در دل هموطنان خود تجدید نمود. رابطه فارسی را با اردو که رفته رفته گسسته میشود دوبار محکم کرد روش و سبک سخن اساتید ایران را در هند زنده ساخت و افکار و مضامین ادبی فارسی را بصورتی بدیع باز گفت و شرح و تفسیر کرد.

اقتباس از سخنرانی آقای محمد حسین مشائخ فریدنی

آقای فریدنی ۱۹۴۹-۱۹۵۴ تک سفارت کبری ایران کراچی میں مشاور فرهنگی (کلچرل کونسلر) کے عہدے پر کام کرتے رہے اور ایران اور پاکستان کے درمیان ادبی اور کلچرل تعلقات کو بہتر بنانے میں انہوں نے نمایاں خدمات انجام دی ہیں ۔

آقای فریدنی کو عربی اور فارسی ادبیات پر عبور ہے اور فارسی زبان میں شعر بھی کہتے ہیں ۔ انہوں نے اقبال کے متعلق کئی مقالے لکھے ہیں اور جلسوں میں تقریریں کی ہیں ۔ ذیل کا اقتباس ان کی آخری تقریر سے کیا گیا ہے جو انہوں نے ۱۹۵۵ میں یوم اقبال کے موقع پر تہران میں کی ۔

اقبال نے فارسی زبان کو اس زمانے میں جب کہ یہ زبان صرف قبروں یا مزاروں کے کتبے اور لوحیں لکھنے یا یونانی حکیموں کے نسخوں تک محدود ہوگئی تھی ایک ادبی زبان کی حیثیت سے دوبارہ زندہ کیا۔ اقبال فارسی زبان کی تاریخ کے اس تاریک دور میں پنجاب میں پیدا ہوا اور فارسی زبان میں شاعری اور شیریں زبان میں اپنے گرانبہا خیالات بیان کرکے اس نے فارسی زبان کے نیم مردہ چراغ کو دوبارہ فروغ عطا کیا۔

. . . . ,, اقبال زبان فارسی را که در ان عصر فقط برای نوشتن لوح قبر یا کتبه مزار یا نسخه حکیمان یونانی بکار میرفت دوباره بشکل یک زبان ادبی زنده کرد. در چنین دوران تاریکی بود که مرحوم شیخ محمد اقبال در پنجاب پیدا شد و با سرودن اشعار فارسی و نشر افکار گرانبهای خود باین زبان شیرین چراغ نیم مرده زبان فارسی را دوباره پر فروغ کرد.

اشعار میں آرزو کی ہے کہ تمام مشرقی اقوام متحد ہوجائیں اور اپنے اختلافات وغیرہ کے حل و فصل کے لئے تہران میں ایک مرکزی اتحادیہ قائم کریں -

مختصر یہ کہ اقبال اگرچہ سیالکوٹ میں پیدا ہوا اور اس نے لاہور میں وفات پائی اور ہرگز ایران نہیں گیا اور نہ ہی ایرانیوں سے ملنے ملانے کا اسے موقع ملا وہ فارسی کے عظیم‌الشان اور صاحب طرز و مخصوص شعراء میں سے ہے - اور وہ فلسفی سیاسی اور ادبی لحاظ سے ہمیشہ ایران سے مربوط رہتا ...

میکند که ملل شرق همه گرد هم جمع شوند و تهران را مرکز این اتحادیه و محل فصل خصومات و حل اختلافات قرار دهند .

خلاصه آنکه اقبـال با اینکه در سیالکوت متولد شده و در لاهور بدرود زندگی گفته و هرگز بایران نیامده و کمتر با ایرانیان معاشرت داشته است. از شعرای بزرگ و صاحب فکر و صاحب سبک فارسی است. و هم از لحاظ فلسفی و هم از نظر سیاسی و ادبی همواره خود را پیوسته بایران میدانسته است.

اس کے جاویداں کلام میں خواہ وہ اردو میں ہو یا فارسی میں ایران کے بڑے بڑے شعراء کا اثر ظاہر ہے مگر اقبال نے خاص طور پر مولانا جلال الدین بلخی رومی سے فیض حاصل کیا ہے اور اسے اپنا پیر اور مرشد مانتا ہے۔ اس کے علاوہ سیاسی لحاظ سے بھی اقبال کی توجہ ایران کی طرف رہی۔ وہ خوش تھا کہ ملت ایران کو اتحاد نصیب ہوا ہے اور قوم کو ایک طاقتور اور خیر اندیش راہنما میسر ہو گیا جس نے اس قدیم مملکت کی آبادی اور رفاہ کے لئے اقدام کئے ہیں اور ہرج مرج (داخلی گڑبڑ) کو ختم کردیا ہے اقبال کہتا ہے۔

آنچه بر تقدیر مشرق قادر است
عزم و حزم پہلوی و نادر است
پہلوی آن وارث تخت قباد
ناخن او عقدۂ ایران کشاد

پیمان سعدآباد کو امید افزا خیال کرتے ہوئے اقبال نے اپنے اردو

در آثار جاویدانش چه آنها که بفارسی و چه آنها که اردو است همه جا از اساتید و بزرگان ایران الهام گرفته و بخصوص از مولانا جلال الدین بلخی رومی کسب فیض میکند و او را پیر و استاد میداند.

بعلاوه اقبال از لحاظ سیاسی نیز متوجه ایران بود. اظهار خوشنودی میکرد امور ایران جمع آمده و قائدی توانا و رهبری خیر اندیش پیدا شده که این کشور کهن را آباد میسازد و هرج و مرج را بر میاندازد.

آنچه برتقدیر مشرق قادر است الخ

پس از انعقاد پیمان سعد آباد با خوشبینی هر چه تمامتر در شعر اردو آرزو

اقبال کی رائے میں انسان کو نہیں چاہئے کہ وہ بالکل مادیات کے زیر اثر آجائے اور نہ ھی اسے اپنے آپ کو ، فنا ، سمجھنا چاہئے۔ بلکہ اسے چاہئے کہ اپنی شخصیت کو ترقی اور عظمت سے ہمکنار کرے اور خدائی انوار کو اپنی ذات میں جذب کرلے تاکہ آخر کار حق اور حقیقت اور ایک عالی شخصیت کے مقام پر پہنچ کر سچ مچ خدائی کا مظہر بن جائے۔

اقبال مشرق کے لوگوں خصوصاً مسلمانوں کو خواب سے اور غفلت سے بیداری اور جہاد و مشکلات اور خطروں سے مقابلہ کرنے کے لئے ابھارتا اور اکساتا ھے۔ اقبال کے نزدیک سختیوں کا برداشت کرنا انسان کی ترقی اور کامیابی کے لئے ضروری ھے۔ جیسا کہ فرماتا ھے۔

از بلاها پخته تر گردد خودی

تا خدا را پرده در گردد خودی

رومی ان لوگوں کا جو جبری عقیدہ رکھتے ھیں اور کوشش و اختیار اور انسانی ارادہ کی قوت کے قائل نہیں ، مخالف ھے۔ اقبال نے رومی کے

اقبال عقیده مند است که انسان نباید کاملا تحت تاثیر زندگی مادی قرار بگیرد و نه خود را فنا بداند. بلکه باید شخصیت خود را رشد بدهد و بزرگ کند و انوار الهی را در خود جذب بکند و بالاخر نمونه حق و حقیقت و شخصیت عالی و مظهر خدائی گردد. اینست که اقبال شرقیان و بالاخص مسلمانان را به بیداری از خواب گران غفلت و اقدام به مجاهده و کوشش و استقلال و عدم ترس از خطرات تشویق و تحریک میکند. او تحمل شدائد را وسیله تکامل و می داند و میفرماید. از بلاها پخته تر گردد خودی الخ

مولوی با آن دسته از مردمی که جبری بوده و بتاثیر کوشش و اختیار و ارادهٔ انسانی درکارهایش معتقد نیستد مخالف است. اقبال این عقیده را

از مقاله آقای محمد تقی مقتدری

آقای مقتدری کئی سال کابل میں ایران کے کلچرل کونسلر رہے ہیں - آپ کو صوفیا کی شاعری سے خاص لگاؤ ہے اور اقبال کے کلام کا مطالعہ بھی انہوں نے زیادہ تر تصوف کے نکتہ نظر سے کیا ہے -

,,اقبال نے اپنی تصنیفات میں مختلف موضوعات پر بحث کی ہے - فرد اور ملت ' ملیت اور وطن اور مذہب اور سوسائٹی ، تعلیم و تربیت، فلسفہ اور معرفت و تصوف اور مابعد الطبیعات ، سیاست ، اقتصادیات وغیرہ وغیرہ کے مسائل پر بھی اس نے توجہ دی ہے -

اقبال کی عرفانی روش کی بنیاد خودی کی تربیت اور ترقی پر قائم ہے - اس کا عقیدہ یہ ہے کہ ,, وجود ،، ہمیشہ جنبش و حرکت اور جستجو میں میں رہتا ہے - اور خودی سے مراد زندگی کی متحرک قوتوں سے ہے جو ہمیشہ سرگرم عمل ہیں ، سکون اور آرام خودی کے لئے موت ہے اس لئے انسانی زندگی جدو جہد و مبارزہ اور سخت کوشی کے مترادف ہے -

---

در آثار علامه اقبال از مباحث مختلف سخن رانده شده از فرد و ملت و وطن و مذهب گرفته تا اجتماعات از آموزش و پرورش و فلسفه و عرفان گرفته تا تصوف و بحث در ماوراء الطبیعه و سیاسیات و اقتصادیات و غیر هم، روش عرفانی مبتنی بر پرورش و تربیت خودی است. چه او معتقد است که وجود همواره در حرکت و تلاش است و خودی عبارت از یک سلسله جریانهای نیروی حیاتی است که دائما در فعالیت و حرکت بوده و سکون ندارد و و آرامش و او مرگ و فنای اوست لذا زندگی انسان عبارت است از نبرد و ستیز و سخت کوشی.

محمد حجازی مطیع الدولہ

کی ڈائری کا ایک ورق

آقای محمد حجازی مطیع الدولہ نثر فارسی میں اپنی طرز کے استاد ہیں اور ملک کے طول و عرض میں آپ کو غیر معمولی ہر دلعزیزی حاصل ہے۔ ملک الشعرا بہار حجازی کی نثر کو اسکی جاذبیت، شیرینی اور روانی کے پیش نظر بہترین قسم کی شاعری کا نمونہ گردانتے ہیں

دورہ دکن ہندوستان میں حکومت کا مہمان تھا اور سیر و سیاحت میں مشغول۔ . . ایک خوبصورت میدانی علاقہ سے گذر ہوا۔ ایک پیچ و خم کھاتی ہوئی سڑک سے ہوتے ہوئے ایک پہاڑی پر ایک چھوٹے سے مکان میں پہنچے۔ مکان کے باہر ایک خیمہ نصب تھا۔ اسمیں میز کے اوپر مختلف قسم کے پھل اور رنگ رنگ مٹھائیاں چنی ہوئی تھیں . . . . . . میری نگاہیں اور میرے تصورات آس پاس کے جنگلوں میں سبزہ زاروں اور جھیلوں میں آنکھ مچولی کھیل رہے تھے . . . . ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میں آسمانوں پر سیر رہا ہوں . . . . . . ایک زندہ انسان کے لئے اس سے بہتر بہشت میسر نہیں

در ہندوستان در کشور دکن مہمان دولت بودم و سیر و سیاحت میکردم.
از دشت خرمی گذشتیم و از پیچ و خم ای بالا رفتیم تا بعمارت کوچکی رسیدیم . در جلو عمارت چادر بزرگی برپا بود . رنگ و بوی آنہمہ میوہ و شیرینی و خوردنی کہ روی میزہا انباشتہ بود با نقش و نگار منظری بہشت آسا در ہم میشد . . . . . .

خیالات کو نئی آب و تاب بخشی ہے اور ایک قدم رومی سے بھی آگے بڑھایا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اگر جد و جہد نہ ہو تو زندگی بے معنی ہے اور یہ کہ زندگی جس قدر دشوار اور جد و جہد سے پر ہو اتنی ہی بلند تر اور لذت بخش تر ہوگی۔ ایک جگہ فرمایا ہے۔

پرسیدم از بلند نگاهی حیات چیست

گفتا ، مئی که تلخ تر او نکو تراست

اقبال کا تخیل نہایت پر جوش اور اس کے افکار سیل تند رو کی مانند ہیں۔ اقبال جبری اور اختیاری عقائد کے طرفداروں کے مباحث میں شمولیت نہیں کرتا اور ان کی قیل و قال کو ،،حرف بافی،، گردانتا ہے۔ اس کے نزدیک ذات انسانی کی ترقی لگاتار تگاپو اور مسلسل انقلاب میں مضمر ہے۔

سراپا معنی سر بسته ام من

نگاه حرف بافان بر نتابم

نه مختارم توان گفتن و نه مجبور

که خاک زنده ام در انقلابم

آب و رنگ تازه ای بخشیده و قدمی بر تر نهاده و معتقد است که اگر کوشش نباشد زندگی نیست. و عقیده دارد که زندگی هر چند دشوار تر باشد و مجاهده آن بیشتر باشد بهتر و لذت بخش تراست. چنانکه میفرماید.

پرسیدم از بلند نگاهی حیات چیست الخ

اقبال حقا مغزی پر جوش و اندیشهٔ بمانند سیل خروشان داشته است او از قیل و قال جبریون و اختیاریون خود را بر کشیده و گفتار آنان را ،، حرف بافی،، دانسته وجود خود را منقلب و در تگاپوی مدام معرفی کرده.

کیا کہ کیا حال ہے؟ میں نے اصل بات بنا دی۔۔۔ ایک محزون تبسم کے ساتھ جواب دیا اے کاش تم ہر شخص اور ہر ملک کو اپنا دوست اور وطن خیال کر سکو۔۔۔

میں شرمندگی اور ندامت سے آزردہ خاطر ہو گیا۔ کیونکہ میں نے محسوس کیا کہ میرے اور اس مقام کے درمیان (جسکا ذکر غلام محمد نے کیا ہے) کئی سالوں اور میلوں کا فاصلہ ہے۔ اسی حالت اور گفتگو میں مشغول تھے کہ ریڈیو کی آواز گونج اٹھی۔۔۔ گویا یہ میرے بیمار دل کی شفا کا پیغام تھا۔ ریڈیو پر فارسی پروگرام نشر ہو رہا تھا اور اقبال کے پر معنی اشعار گائے جا رہے تھے۔۔۔ یہ ایک آسمانی نغمہ تھا جس نے اس بہشت آسا منظر کو میرا دوست اور ہمنوا بنا دیا۔۔۔۔ صحیح ہے کہ جہاں ہماری زبان میں شعر گائے جائیں وہ جگہ ہمارا وطن ہے ہمارا گھر ہے۔ جو ہماری زبان میں شعر کہے ہمارا دوست ہے محبوب ہے اور ہم وطن ہے—

--

فغان مرا از دهان بسته ام شنید و از حالم پرسید. حقیقت را گفتم تبسم محزونی کرد و گفت ای کاش همه جا و همه کس را یار و دیار خود بدانید. .

شرمنده و از خود آزرده شدم زیرا دیدم من و این مقام از هم سالها و فرسنگها فاصله داریم در این احوال گفتگو بودیم که صدای رادیو بلند شد گوئی شفای دل بیمار من باشد . برنامهٔ فارسی بود و اشعار پر مغز دکتر اقبال شاد روان خوانده میشد . یعنی ندای آسمانی بود که آن منظر بهشت آسارا با من دوست و همزبان میکرد . آری آنجا که بزبان شما شعر بسرایند خانه و وطن شماست. کسیکه بزبان ما شعر بگوید دوست و محبوب و هم وطن ما است.

هو سکتا۔۔۔ناگہاں ایک پرندے کی شیریں آواز بلند ہوئی۔۔۔۔۔ہر چند کوشش کی مگر اس آواز کو نہ پہچان سکا۔۔۔نہ سمجھ سکا۔۔۔یکایک ایک غم آلود پردے نے اس تمام بہشت کو چھپا لیا۔۔۔۔۔۔میں نے محسوس کیا کہ اس بہشت کی آواز مجھسے آشنا نہیں۔۔۔۔۔ایک دلربا دوشیزہ کی آواز تھی جو دوسروں سے اپنے راز بیان کر رھی تھی۔۔۔۔لیکن وہ میری آہ اور نگاہ کے معنی نہیں جانتی تھی۔۔۔۔

وطن کے دشت و سبزہ اور پرندوں کی یاد میرے دل میں تازہ ہوگئی۔۔۔۔میرے دل کی گہرائیوں سے نالہ و فغاں بلند ہونے لگا۔میرا عزیز میزبان آقای غلام محمد تھا جو اس زمانے میں دکن میں وزیر مالیات تھا۔یہ عالی مقام شخص (جسکی روح میں کشور داری اور صاحبدلی کا امتزاج پایا جاتا ھے) میری زبان بستہ فغاں کو سمجھ گیا۔۔مجھ سے دریافت

چشم بہ پیش و فکر بدنبال مدتی در سبزہ ها و دریاچہ ها و جنگلها میرفتم و میگشتم و در پرواز بودم برای زندہ و آسودہ بودن بهشتی از آن خوشتر نمی شد . ناگهان بهشتم با من بزبان آمد و آواز مرغی برخاست. من هر چہ گوش دادم آن آواز را نشناختم و نفهمیدم۔۔۔۔۔۔

ساز وجودم بنالہ در آمد و زارید . پردہ ای از غم بر آنهمه زیبائی پوشید دیدم کہ زبان و آن بهشت با من آشنا نیست. دختر دلکشی است کہ با دیگران راز میگوید و معنی آہ و نگاہ مرا نمیفهمد .

بیاد دشت و کوہ و سبزہ و مرغان وطن افتادم و فغان از نهادم برخاست . مهماندار عزیزم آقای غلام محمد کہ در آن زمان وزیر دارائی دکن بود (این مرد بزرگ کہ هنر کشور داری را با مقام صاحبدلی توام دارد)

اقتباس از نامهٔ جناب آقای حبیب‌الله آموزگار

(آقای حبیب اللہ آموزگار ایران کے مایہ ناز علماء اور ادبا میں سے ہیں۔ آپ کی ادبی خدمات میں سے آپ کی مشہور تالیف "فرہنگ آموزگار" ہے۔ آپ ایک مدت تک ایران میں وزیر تعلیم بھی رہ چکے ہیں اور آجکل ایرانی سینٹ کے ممبر ہیں۔ مگر آپ کی علمی اور ادبی حیثیت ان کے دوسرے مقامات سے کہیں بالا تر ہے۔ ذیل میں انکے ایک خط سے جو موصوف نے مؤلف کو لکھا اقتباس پیش کیا جاتا ہے):-

"اس فخر عرفانی کو جو ایک طویل مدت کی انتظار کے بعد مجھے نصیب ہوا علامہ اقبال کی پاک اور درخشاں روح کا اثر ہے جس نے پاکستان کی خاک سے طلوع ہو کر ایرانیوں کے دل و دماغ پر روشنی ڈالی۔ اقبال کے کلام پر جو اس نے فارسی جیسی شیریں زبان میں کہا ہے دنیا بھر کے فارسی زبانداں کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں—

اقبال جیسی عظیم ادبی شخصیت کا پاکستان میں پیدا ہونا کوئی عجیب بات نہیں۔ ایران اور پاکستان بظاہر دو بدن ہیں مگر ان کی روح

"این فخر عرفانی که پس از مدتها انتظار نصیب پاکستان گردید از اثر روح پاک و درخشان استاد محمد اقبال میدانم که از خاک پاکستان بر روان مردم ایران تابیده و گفته های عرفانی آن استاد را که بزبان شیرین فارسی سروده بفارسی زبانان جهان تهنیت میگویم—.

"آری پیدایش این گونه نوابغ ادبی از خاک پاکستان شگفت ندارم. چه ایران و پاکستان هر دو یک روحند اندر دو بدن و یک زبانند اندر دو دهن.

میں لاھور کے فارسی گو شاعر کے کمال و دانش اور اسکی بلند روح کے متعلق کچھ نہیں کہونگا ، میرے دوسرے احباب کہہ چکے ھیں اسکی تعریف و ستائیش کا حق ادا کر چکے ھیں میں اس پاک روح کا شکر گذار ھوں کہ اسکی بدولت میرا وقت ھندوستان میں خوشی اور خرمی میں گذر گیا۔ میں اقبال لاھوری کا ممنون ھوں کہ وہ اپنی نغز فارسی اور اپنے بدیع افکار کے ذریعے ھمارے دوست ملک کو جو فارسی کے زوال کے باعث ھم سے بیگانہ ھو رھا تھا دوبارہ محبت اور مہر کی راہ پر لے آیا۔

من از کمال و دانش و روح بلند شاعر پارسی گوئی لاھوری سخن نمی گویم دیگران گفته و شرط ستایش را بجا آورده اند . من از آن روان پاک شکرگذارم که آنروز و روزهای دیگر مرا در هندوستان خوش و خرم کرد . از دکتر اقبال لاھوری که روانش انوشه باد سپاسگزارم که با فارسی نغز و افکار بدیع خود کشور دوست و برادر ما را که با زوال فارسی براه بیگانگی میرفت دو باره ما بر سر مهر و دوستی آورد .

ایک ہے ۔ انکے دھن دو ھیں مگر زبان ایک ہے دونوں ایک مشترک منبع فیض سے فیض یاب ھیں اور دونوں کو ھم نژادی کا بھی فخر حاصل ہے۔

ایک قدیم زمانے سے نژادی، زبانی اور مذھبی وحدت کے زیر اثر ان دونوں ملتوں میں اخلاق، روحی اور اجتماعی یگانگت پیدا ھو چکی ھے جسکا بہترین پرتو ھمیں اقبال کے کلام میں ملتا ہے ۔ گذشتہ دو سو سال کے عرصہ میں کچھ تاریک بادل ھم پر منڈلاتے رہے ھیں لیکن وہ ان دو برادر اور ھم مذھب ملتوں کے دلوں پر کوئی ایسا اثر نہیں ڈال سکتے جس سے ان کے درمیان جدائی کا بیج بویا جا سکے ۔

هر دو از یک منبع فیض عرفان بهرہ مند و از تخمهٔ یک نژاد سر بلندند.

از دیر زمان وحدت نژاد و زبان و مذهب عامل مهم وحدت اخلاق و روحی و اجتماعی این دو ملت بوده که به بهترین طرزی در آثار علامه اقبال پرتو افگن است و ابرهای تیره در یکی دو قرن آخر هم هرگز نتوانست لوح ضمیر و خاطر منیر این دو قوم برادر و هم کیشش را به زنگ جدائی و دوری لکه دار کند . در این میان شما چه سعادت و اقبالی داشتید که آثار علامه اقبال را بزبان اقبال منتشر سازید و باعث غبطه و تحسین دوستان گردید!—.

اقتباس از سخرانی ڈاکٹر ناظر زادہ کرمانی

(ڈاکٹر ناظر زادہ کرمانی اپنی وطن پرستانہ خدمات کی بدولت جو انہوں نے ایرانی تیل کو قومی ملکیت میں لانے کے سلسلہ میں انجام دی ہے ملک بھر میں احترام کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں ۔ لیکن علمی ادبی محافل میں وہ ایک باذوق شاعر اور زبردست نثر نویس اور فصیح البیان ناطق کی حیثیت سے مشہور ہیں ۔ انجمن ادبی ایران و پاکستان کی صدارت کے فرائض بھی دو سال سے آپ ہی انجام دے رہے ہیں ۔ تیل کے قومی ملکیت میں آجانے کے بعد انہوں نے سیاسی کشمکش سے کنارا کشی اختیار کر لی اور آجکل دانشکدہ ادبیات (کالج فار لٹریری سٹڈیز) میں تدریس کے کام پر مامور ہیں۔ ذیل میں ان کی تقریر سے جو انہوں نے ۱۹۵۴ء میں یوم اقبال کے موقع پر تہران یونیورسٹی حال میں کی مختصر اقتباس درج کیا جاتا ہے)۔

,, ایک ملک اور قوم کا حقیقی سرمایہ نہ اسکے دریا اور جنگل اور سرسبز زمین یا کانیں اور نہ ہی سونا اور چاندی وغیرہ ہیں ۔ اقوام کا بہترین سرمایہ بلند شخصیت والے فداکار فرزند ہیں جو اپنی بلند ہمتی اور قربانی کی بدولت اپنی قابلیت اور اہلیت کی شمع دوسروں کی راہنمائی کے لئے سر راہ رکھ دیتے ہیں۔

,, سرمایہ حقیقی یک مملکت و ثروت واقعی یک ملت نه رود خانه است و نه جنگل و نه معادن و نه زمین های حاصلخیز و نه طلا و نقره و امثال آن بلکه بهترین سرمایه ملت ها رجال با شخصیت و بزرگوار و از خود گذشته ای هستند که در سایه همت بلند و روح فدا کار فروغ نبوغ را چون چراغ هدایت قرار راه دیگران داشته اند و سوز و شور و خاطر آنان چون صور رستاخیز در

بلند مقام اشخاص کے درخشاں افکار تاریکی کو نور میں اور بیگانگی کو
آشنائی میں تبدیل کر دیتے ہیں انکو ہم کسی ایک مخصوص ملک کی ملکیت
قرار نہیں دے سکتے - ایسے لوگ تمام دنیا کی ملکیت ہیں - لیکن جہاں تک
اقبال کا تعلق ہے اسکے علاوہ اس بات کا ذکر لازم ہے کہ اہل ایران،
مخصوصاً وہ جنکو شعر و ادب میں دلچسپی ہے اقبال سے خاص عقیدت
اور اخلاص رکھتے ہیں - کیونکہ اس زبردست اور صاحب [illegible]
شاعر نے اپنی اعلی منطق اور بلند طبیعت کے ذریعے فارسی شعر کے دلکش
نغمہ کی طرف اپنے ہموطنوں کی توجہ مبذول کی ہے - اور ایسا کرنے میں
یعنی فارسی سخنسرائی میں اپنا مسلک اپنی شاعری کے کمال اور حسن انتخاب
کے علاوہ انتہائی ذوق شعری کا اظہار کیا ہے۔

اگرچه مردان بزرگی که افکار درخشان آنان تیرگیها را مبدل
بروشنی و بیگانگیها را بجای آشنائی میکنند دیگر نمیتوانند تنها بملت و کشور
خود اختصاص داشته باشند بلکه بهمه جهان و جهانیان تعلق خواهند داشت
اما نسبت علامه اقبال گذشته ازین مردم ایران، خاصه کسانیکه با شعر و
ادب بیشتر سر و کار دارند، اخلاص خاص میورزند زیرا این شاعر زبردست و
توانای پاکستان با طبع غرا و منطق شیوای خویش بار دیگر دلهای هموطنان
خود را بآهنگ دلکش شعر جان بخش پارسی متوجه کرده و ازا اینراه کمال
هنر و حسن و انتخاب و نهایت ذوق خود را آشکار ساخته است .

اور جنکے قلوب کے سوز وگداز صور اسرافیل کی مانند لوگوں کو بیدار کرتا ھے

یہ امر ھمیں تسلیم کرنا پڑتا ھے کہ علامہ اقبال کا شمار ایسے ھی مقبول لوگوں میں ھے - اقبال کے مسیحائی نفس نے کروڑوں فرزندان بشر کو بیدار کر کے اپنا معجزہ دکھایا ھے - اسکی عیسوی نفسی کا نمونہ آنکھوں کے سامنے عیاں ھے اور محتاج بیان نہیں —

محمد اقبال اسلام کے گرانقدر مبلغوں اور مشرق کے مشہور مبشروں میں سے ھیں - اقبال مغرب کے علوم و تمدن سے گہری نزدیکی حاصل کرنے کے باوجود ان سے مسحور نہیں ھوا - بلکہ مشرق کے فضل و عرفان کے لایزال سر چشمہ سے بہتر اور صحیح تر آشنائی پیدا کرنے میں کامیاب ھوا ھے - اور اس نے امید کے پیامبر فرشتے کی طرح اپنے جانفزا نغموں کی بدولت اپنی قوم میں حرکت اور کوشش کی روح بیدار کی —

بیداری مردم تاثیر بخشیده است.

باید قبول کرد که علامه محمد اقبال قابلیت آنرا داشت که در شمار این قبیل مقبلان در آید زیرا دم مسیحائی او در پر انگیختن اراده ملیونها نفوس بشری معجزۀ نشان داد و اثر وجود وی همین است که عیان است و حاجت به بیان نیست .

محمد اقبال از مبلغان گرامی اسلام و از مبشران نامی شرق است که پس از آشنائی فراوان با فرهنگ و تمدن و علوم مغرب زمین نه تنها مغلوب و مسحور نشد بلکه بهتر و روشنتر بسر چشمهٔ لایزال فضیلت و معرفت مشرق پی برد چون سروش امید با نغمه های جانفزای ملت خویش را بجنبش و کوشش بر انگیخت .

از مقاله آقای عبدالحسین نوائی

(آقای نوای امیر علی شیر نوائی کی اولاد سے ھیں اور ان کا شمار ملک کے بلند پایہ اھل قلم میں ھوتا ھے) ذیل میں انکے ایک مقالہ سے اقتباس پیش کیا جاتا ھے—

اقبال کی تصنیفات میں سے جاوید نامہ مجھے سب سے زیادہ پسند ھے ۔ ممکن ھے میرا یہ خیال صحیح نہ ھو کیونکہ میری معلومات محدود ھیں اور اقبال لاھوری ایسے بلند اور عظیم المرتب انسان کی تصنیفات کا جائزہ لینے کے لئے بہت زیادہ علم و مطالعہ کی ضرورت ھے—

جاوید نامے کی فصل (فلک عطارد اور فلک زحل) میں اس صدی کا عظیم‌الشان شاعر مشرق اپنے بلند اور عمیق اجتماعی نظریات کو نہ فقط ھندی مسلمانوں کے لئے بلکہ تمام دنیا کے مسلمانوں کے فائدے کے لئے بیان

درمیان کتب متعدد مرحوم اقبال شاعر بزرگ ملی پاکستان من جاوید نامه را پیش از همه می پسندم و از آن کتاب نیز بفصل فلک عطارد و فلک زحل علاقه مندم.

شاید هم در این تشخیص بخطا رفته باشم چه بضاعت من مزجات است و فهم درک آثار مردان بزرگی چون اقبال لاهوری پایه و مایه ای بیش از اینها میخواهد.

ازین لحاظ که در این قسمت اول شاعر بزرگ قرن اخیر مشرق زمین افکار بلند و عمیق اجتماعی را نه فقط برای هندیان بلکه برای کلیه مردمان مسلمان

کرتا ھے ۔ اور ایک عجیب بلند نظری کے ساتھ انکو چھوٹے چھوٹے اختلافات جو وطن اور سیاسی سرحدوں اور مذھبی مناقشات سے متعلق ھیں ، کے خطر سے آگاہ کرتا ھے اور ساتھ ھی مغرب کے علم و دانش سے (بغیر کور کورانہ تقلید کے) استفادہ حاصل کرنے اور دین مبین اسلام کے اصولوں کو حفظ کرنے کی تلقین کرتا ھے۔

اقبال اسی فصل کے دوسرے حصے میں ھندوستان کی حالت کو نہایت موثر طریقے سے مجسم کرتا ھے ۔ اقبال کی نگاہ میں دنیا بے معنی مباحث اور اختلافات سے کہیں زیادہ اھمیت رکھتی ھے ۔ اقبال کی نگاہ ایک بلند فکر عارف کی نگاہ ھے وہ زندگی کے ظواھر سے استغنا اور در عین حال حقیقت زندگی کا وقوف حاصل کرنیکا راستہ اپنے ھموطنوں اور ھم مذھبوں کو دکھاتا ھے ۔ اقبال نے ایک بہت بڑے کام کا بیڑا اٹھایا اور الحق اسے خوب انجام دیا۔

جهان بیان میکند و با یک بلند نظر عجیبی آنان را از اختلافات ناچیز از بگو مگوهای مربوط بوطن و مرزهای سیاسی و مناقشات مذهبی بر حذر داشته ایشانرا به تبعیت از جهان دانش مغرب زمین ولی بدون تقلید صرف نگهداشتن اصول دین مبین اسلام دعوت میکند.

در قسمت ثانی وضع هند را بصورت موثری مجسم مینماید. در نظر او دنیا بزرگتر از گفتگو های بی حاصل و اختلافات جزئی است. نظر اقبال نظر عارف منیع الطبعی است که در عین استغنای از ظواهر زندگی دانستن حقیقت حیات و سر بهتر استفاده کردن از آن را برای هموطنان و هم مذهبان خویش روشن میکند. این وظیفه بزرگی است که اقبال بر عهده گرفته و خوب از عهده بر آمده است.

کی اجتماعی زندگی کے عیوب کا جائیزہ لیا اور انکے نقائص کو اپنے ہموطنوں اور تمام ہم مذہبوں کی آگاہی کے لئے بیان کر دیا ہے—

روح نامہ اقبال کی تصنیف اور اسکے افکار کا خلاصہ ہے - یہاں اقبال ایک پورے طور پر ایک متفکر اجتماعی اور ملی آمال کے علمبردار کی حیثیت سے ظاہر ہوا ہے—

بلکه کلیه همکیشان خود بیان داشته , جاوید نامه، روح کتب و افکار و عقاید اقبال است و فلک عطارد و زحل ما حصل و نتیجه آن کتاب درین فصل است که اقبال کاملا بصورت یک متفکر اجتماعی بآمال ملی ظاهری متجلی میشود.

اس قسم کے شاعر دنیا میں بہت پیدا ہوئے ہیں۔ لیکن ہم جرأت کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ کسی شاعر کو اپنے ملی اور اجتماعی مقاصد کےحصول میں وہ کامیابی میسر نہیں ہوئی جو اقبال کو اور شاید ہم کسی شاعر کی مثال پیش نہیں کر سکتے جسکو روشن دل اور بلند نظر اقبال کے برابر عام مقبولیت حاصل ہوئی ہو اور جس نے اپنے ملک کے اجتماعی اوضاع پر اقبال کے مانند حیرت انگیز اثر ڈالا ہو۔ اور اگر ہم کہیں کہ پاکستان ایسی عظیم اسلامی حکومت کو وجود میں لانے کی اقبال کی کوشش مرحوم جناح سے کسی طرح کم نہیں تو ہم نے کوئی مبالغہ نہیں کیا۔ شاعر ملی پاکستان کا لقب اس بلند پایہ شاعر کے لئے نہایت موزون ہے۔ اقبال اہل یورپ کے متعلق بد بین تھا۔ اس نے اپنے عمیق تفکر کی بدولت اہل مغرب

از این گونه شعرا در جهان بسیار پیدا شده اند ولی میتوانم بجرأت بگویم که هیچ شاعری در منظور های ملی و اجتماعی خویش باندازهٔ مرحوم اقبال پیشرفت نکرده و کمتر گوینده ای میتوانم بیابیم که از لحاظ مقبولیت عامه و بالنتیجه تاثیر شگرف در اوضاع اجتماعی کشور بپای آن شاعر روشن دل و بلند نظر برسد و اگر در اینجا بگویم که کوشش مرحوم اقبال در بوجود آوردن دولت عظیم مسلمان پاکستان از لحاظ تاثیر کمتر از اقدامات سیاسی و شدید شاد روان جناح نبوده . سخن باغراق نگفته ام.

این شاعر بلند پایه که بر حق لقب شاعر ملی پاکستان یافته نسبت باروپائیان سخت بدبین بوده و با فکر عمیق اوضاع در هم و برهم حیات اجتماعی غربیان را سنجیده و مو بمو معایب آنرا برای هموطنان خویش

ہے اور جب وہ اعلی حضرت شاہنشاہ ایران محمد رضا شاہ پہلوی کے ہمراہ پانچ سال قبل پاکستان آئے تو شالیمار باغ لاہور میں ایک قصیدہ پڑھا جس میں اقبال کی طرف اشارہ اور اسے خراج تحسین پیش کیا :—

ای مسلمانان پنجابی زهی اقبالتان
نز دم اقبالتان مقبول شد آمالتان
نغمهٔ اقبالتان سوی قطار آورد باز
ای مسلمانان پنجابی زهی اقبالتان
گر چراغ لاله صحرای اقبالی نبود
شمع این محفل نمی شد روشنی حالتان
فکر خود کردید و اسرار خودی آموختید
لا جرم بی سود نشد نزد خدا اعمالتان

۱ - ترجمہ :—

ای پنجاب کے مسلمانوں تمہارا اقبال کتنا اچھا ہے۔ تمہارے اقبال کے دم سے تمہاری آرزوئیں مقبول ہوگئیں ۔

اقبال کا نغمہ تمہیں اپنی قطار میں واپس لے آیا ۔ ای پنجابی مسلمانوں تمہارا اقبال کتنا اچھا ہے ۔

اگر اقبال کے لالہ صحرائی کا چراغ موجود نہ ہوتا ۔ تمہاری روشنی اس محفل کی شمع نہ بن سکتی تھی ۔

تم نے اپنا خیال کیا اور اسرار خودی کو سیکھ لیا ۔ خدا کے نزدیک یقیناً تمہاری کوششیں بے سود ثابت نہیں ہوئیں ۔

لیکن سب سے مشہور سرمد کا وہ قصیدہ ہے جو انہوں نے پانچ سال قبل

سرمد اور اقبال

صادق سرمد شاعر شہیر ملی ایران کا شمار ایران کے چوٹی کے معاصر شعراء میں ھوتا ھے مگر اس کے علاوہ سرمد کو ایرانی ادبی سوشل اور سیاسی حلقوں میں بھی ایک ممتاز حیثیت حاصل ھے ۔ آپ شاعردربار بھی ھیں اور اعلی حضرت شاھنشاہ کے قانونی مشیر بھی اور کئی سال ایرانی سینیٹ (Senate) اور مجلس کے ممبر کی حیثیت سے فرائض انجام دیتے رھے ھیں

سرمد انواع مختلف شعر میں غیر معمولی قدرت رکھتے ھیں اور ان کی غزلیں قطعات اور رباعیات جواکثر ایرانی جرائد میں منتشر ھوتی رھتی ھیں بلاغت اور روانی کی وجه سے مشهور ھیں مگر سرمد کی پختگی طبع اور قدرت کلام کا بہترین نمونه ان کے قصائد ھیں ۔

بہار کی طرح سرمد بھی اقبال سے دیر میں آشنا ھوئے مگر ھند و پاکستان میں غالبا کسی شاعر نے اقبال کی تجلیل میں اتنے زیادہ اور اس قدر بلیغ اشعار نہیں لکھے جتنے صادق سرمد نے ۔ سرمد حقیقتاً اقبال کا عاشق ھے ۔ سرمد ایک اھل علم کے اور اھل عرفان خاندان سے تعلق رکھتا ھے اور اقبال اس کے نزدیک ایک بہت بڑا شاعر ھی نہیں بلکه اسلام اور دنیای اسلام کا ھیرو ھے ۔ وہ بلند آواز سے کہتا ھے :—

اقبال بزرگ است که در عالم توحید
از بت شکنی دشمن اصنام بزرگ است

,, یعنی اقبال اس لئے بزرگ ھے که توحید کی دنیا کی اس نے خدمت کی اور بڑے بڑے بتوں کا وہ دشمن ھے ،، سرمد کو اقبال سے گہری عقیدت

حیات صورتش ار طی سده است، طی نشود
حیات سیرتش، ارطی شود هزاران سال

اگر چہ اس کی ظاہری زندگی ختم ہوگئی، اس کی سیرت کی زندگی ہزاروں سال گذر جانے پر بھی ختم نہ ہوگی

بیاد روز بزرگش که روز اقبال است
درود باد بر این بزم و روز فرخ فال

اس بڑے دن کی یاد میں جسے یوم اقبال کہتے ہیں اس مجلس اور مبارک اس دن پر درود ہو۔

درود باد بلاهور و خطه پنجاب
که زاد و پرورد این شاعر خجسته خصال

شہر لاہور اور خطہ پنجاب پر درود ہو جس نے اس مبارک خصلت والے شاعر کو پرورش کیا۔

برغم هر چه چمن زاد و ناز پرورد است
زخاک مرده دمید آیت جمال و جلال(۱)

ہر اس شخص کے مقابلہ میں جو چمن میں پیدا ہوا اور نازوں میں پلا یہ جمال و جلال کا بہترین نمونہ ایک مردہ خاک سے پیدا ہوا۔

---

(۱) اشاره باین شعر اقبال است که در مقایسه حال خود با گوته آلمانی گفته است :—

او چمن زادی چمن پرورده ای
من دمیده از زمین مرده ای

یوم اقبال کے تاریخی جلسے میں جو ملک الشعراء بہار کی صدارت میں ہوا
پڑھا۔ اس قصیدہ کا مطلع یہ ہے:

اگر چه مرد بمیرد بگردش مه و سال
نمرده است و نمیرد محمد اقبـال

یہ قصیدہ زور بیان ، انسجام و روانی اور خلوص میں کم نظیر ہے۔

۱۹۵۰ کے شروع میں سرمد ہئیت فرہنگی ایران کے عضو کی
حیثیت سے پاکستان تشریف لائے اور لاہور میں علامہ اقبال مرحوم
کے مزار پر انہوں نے یہ قصیدہ پڑھا۔

ای که مردی و سخن شد زنده از اقوال تو
نقد پاکان شد رواج از سکه اقبال تو

اقبال سے عشق و عقیدت سرمد کی ادبی زندگی کا ایک حصہ ہوچکی ہے اور
وہ ہمیشہ پاکستان کے ساتھ فرہنگی اور ادبی روابط کے لئے کوشاں رہے ہیں۔
وہ اس سال انجمن فرہنگی ایران و پاکستان کے نائب صدر منتخب کئے
گئے ہیں۔ ذیل میں ان کے قصاید نقل کئے جاتے ہیں۔

قصیدۂ روز اقبال (اپریل ۱۹۵۰)

اگر چه مرد بمیرد بگردش مه و سال
نمرده است و نمیرد محمد اقبال

اگر چه مه و سال کی گردش سے آدمی مر جاتا ہے لیکن محمد اقبال
نہیں مرا اور نہ مرے گا۔

درست خواهی آغاز زندگی مرگ است
که میکنند بمیزان صحیفه اعمال

سچ پوچھو تو زندگی کا اصلی آغاز موت ہے کیونکہ اسی وقت اعمال
نامہ کو ترازو میں تولتے ہیں

حدیث چشمه حیوان و دولت جاوید
حقیقی است که فهمش نمیکند جهال

چشمہ زندگی اور ہمیشہ کی دولت کا بیان ایک ایسی حقیقت ہے
جس کو جاہل نہیں سمجھ سکتے۔

زلال چشمه ایمان بنوش و باقی باش
که آب چشمه حیوان از آن گرفت زلال

ایمان کے چشمہ سے پانی پیو اور ہمیشہ باقی رہو چشمہ آب حیات نے
بھی وہیں سے پانی حاصل کیا ہے۔

کسیکه زنده بحق شد چو حق نمیرد
که بر وجود و عدم حق و باطل است مثال

جوشخص حق کی بدولت زندہ ہوتا ہے اس کو حق کی طرح موت نہیں
آتی وجود اور عدم کی حق اور باطل مثال ہیں۔

رجال حق همه آیات ذات لم یزلند
حیات لم یزلی کی شود اسیر زوال

مردان حق خدای لم یزل کی آیات کی مانند ہیں: حیات لم یزال کس
طرح زوال پذیر ہوسکتی ہے ؟

زخاک مرده دمید آیت حیات چنانک
حیات دولت پاکان از او گرفت کمال

یہ آیت حیات مردہ خاک سے وجود میں آئی اور پاکستان کی حکومت نے اس سے کمال حاصل کیا

چو شمع منزل ویران خود نفس میسوخت
که طوف سوزش پروانه ای زند پرو بال (۲)

ویرانہ میں جلتی ہوئی شمع کی طرح وہ جلتا رہا تاکہ کوئی پروانہ اس کے طواف میں پرواز کرے

چراغ لاله شد و آنقدر بصحرا سوخت
که شمع محفل اقبال گشت و روشن حال (۳)

وہ گل لالہ کا چراغ بن گیا اور صحرا میں جلتا رہا حتی کہ اقبال کی محفل کی شمع نے اس سے روشنی اخذ کی

زمام ناقه اسلام زی قطار کشید (۴)
اگرچه دست طبیعت بدو نداد مجال

وہ اسلام کے ناقہ کو اس کی قطار کی طرف کھینچ لایا اگرچہ تقدیر کے ہاتھ نے اس کو موقع نہ دیا۔

(۲, ۳) اشاره به قطعه شمع و پروانه اقبال است که در آن میگوید :—

مدتی مانند تو ای هم نفس میسوختم
در طواف شعله ام بالی نزد پروانه ای

(۴) اشاره بایں بیت اقبال است که میگوید :—

نغمه کجا و من کجا ساز سخن بهانه ایست
سوی قطار میکشم ناقه بی زمام را

بطل کسیکه بشر را بحق هدایت کرد
که باطلش نکشاند به برتگاه ضلال

بطل وہ ہے جو بشر کو حق کی طرف ہدایت کرے تا کہ باطل اس کو تباہی کے کنارے کھینچ کر نہ لیجائے۔

چنین بطل که ادا کرد حق خدمت خلق
خدای خود نکند حق خدمتش ابطال

ایسا بطل جو لوگوں کی خدمت کا حق ادا کرتا ہے خدا اس کی خدمت کو ضائع نہیں ہونے دیتا۔

درود باد بر ابطال حق که از دستشان
مسیح زنده شود روز رجعت آمال

ابطال حق پر درود ہو کیونکہ انہی کے ہاتھ سے مسیح زندہ ہوگا امید برآری کے دن۔

قیام مرد خدا کمتر از قیامت نیست
که بعث ملت و دولت کند باستعجال

مرد خدا کا قیام قیامت سے کم نہیں کیونکہ وہ ملت اور دولت کو نہایت تھوڑے وقت میں زندگی دیتا ہے۔

گواه دولت پاکان ببین به پاکستان
که خود چگونه بر افراشت پرچم اقبال

پاکستان کی حکومت کا گواہ پاکستان میں دیکھو کہ کس طرح انہوں نے پرچم اقبال بلند کیا ہے۔

ببین به صفحهٔ تاریخ و حق مردان بین
که نیست تاریخ الاسماعی ابطال

تاریخ کے صفحات پر نگاہ دوڑاو اور مردوں کے کارنامے دیکھو:
تاریخ کیا ھے بڑے بڑے لوگوں کے کارناموں کا نام ھے۔

بطل شنیدی و نشناختی بطل، زیراک
بطل شناس نهٔ زان سبب شدی بطال

تونے عظیم الشان آدمی کے متعلق سنا مگر اس کو نہ پہچانا کیونکہ
توعظمت کو نہیں پہچان سکتا اس لئے توبے بہرہ ہوگیا

بطل نه آنکه با آواز طبل خواند سرود
بطل نه آنکه به شیپور رزم شد طبال

